اعتماد
ETEMAAD URDU DAILY, Hyderabad

شنڈے گروپ ہی اصل شیوسینا

تیر اور کمان کا نشان مختص، الیکشن کمیشن کا فیصلہ۔ سپریم کورٹ رجوع ہوں گے: ادھو ٹھاکرے

نئی دہلی۔ 17 فروری (پی ٹی آئی) الیکشن کمیشن آف انڈیا (ای سی آئی) نے آج کہا ہے کہ ایکناتھ شنڈے کا گروپ ہی اصل شیوسینا ہے اور پارٹی کا نشان تیر اور کمان اسی کے پاس رہے گا۔ الیکشن کمیشن نے شیوسینا کے موجودہ دستور کو غیر جمہوری قرار دیا اور کہا کہ اس میں کسی انتخاب کے بغیر عہدہ داروں کے تقرر کا جواز پیدا کیا گیا ہے جو کہ غیر جمہوری ہے۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ 2018ء میں شیوسینا کے دستور میں جو تبدیلی کی گئی تھی وہ اس کے پاس دستیاب نہیں ہے۔ اس ترمیم میں 1999ء میں بنائے گئے دستور کے طریقوں کو تبدیل کرتے ہوئے غیر جمہوری طریقوں کو متعارف کرایا گیا تھا۔ اس فیصلہ پر چیف منسٹر مہاراشٹرا ایکناتھ شنڈے نے کہا کہ یہ بالا صاحب کے نظریات کی فتح ہے۔ انھوں نے کہا کہ جمہوریت میں اکثریت کو شمار کیا جاتا ہے۔ الیکشن کمیشن کے فیصلے کو ادھو ٹھاکرے زیر قیادت گروپ کے لئے ایک بڑا دھکہ تصور کیا جارہا ہے۔ شنڈے نے کہا کہ ہم نے بالا صاحب کے نظریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے بی جے پی کے ساتھ اتحاد کیا اور مہاراشٹرا میں نئی حکومت قائم کی۔ الیکشن کمیشن نے 78 صفحات پر مشتمل اپنے احکامات میں ادھو ٹھاکرے گروپ کو مشعل کا نشان مختص کیا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ شنڈے گروپ کے 2019ء میں اسمبلی انتخابات جیتنے والے 55 ارکان کو 76 فیصد ووٹ ملے تھے۔ ادھو گروپ کے جیتنے والے ارکان نے 23.5 فیصد ووٹ حاصل کئے تھے، اس بنیاد پر الیکشن کمیشن شنڈے گروپ کو اصل شیوسینا تصور کرتا ہے۔ شیوسینا (یو بی ٹی) لیڈر ادھو ٹھاکرے نے کہا کہ شنڈے گروپ کو اصل شیوسینا تسلیم کرنے الیکشن کمیشن کا فیصلہ جمہوریت کے لئے خطرناک ہے اور وہ اسے سپریم کورٹ میں چیلنج کریں گے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے الیکشن کمیشن کو مرکزی حکومت کا غلام قرار دیا اور کہا کہ ہوسکتا ہے کہ کل ہمارا انتخابی نشان مشعل بھی چھین لیا جائے۔ انھوں نے پارٹی کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ ہمت نہ ہاریں اور لڑائی جاری رکھیں۔ انھوں نے کہا کہ پارٹی اور عوام ان کے ساتھ ہیں۔ کچھ دن چوروں کو خوش ہونے دیجئے۔

ہریانہ قتل کے مجرمین کو بی جے پی اور آر ایس ایس کی مدد

بی بی سی کے پروگرام پر پابندی لیکن منظّم مافیا گیانگ کے ویڈیوز پر کوئی کارروائی نہیں

جنید اور ناصر کے واقعہ کی سخت مذمت اور انصاف کا مطالبہ: بیرسٹر اویسی

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) بیرسٹر اسد الدین اویسی صدر کل ہند مجلس اتحاد المسلمین و رکن پارلیمنٹ حیدرآباد نے راجستھان کے دو نوجوان جنید اور ناصر کو اغواء کر کے ہریانہ لے جا کر ان کے ساتھ مار پیٹ کرنے، انہیں زخمی کر کے زندہ جلا دینے کے واقعہ کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بیرسٹر اویسی نے اس واقعہ پر آج اپنی قیام گاہ پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس واقعہ کی ذمہ دار ہریانہ کی بی جے پی حکومت کو قرار دیا اور لاپرواہی کرنے کا راجستھان حکومت پر الزام عائد کیا۔ جنید اور ناصر کے غیر انسانی اور بہیمانہ قتل نے گراہم اسٹینس کے واقعہ کی یاد دلا دی ہے۔ دونوں جوانوں کا قاتل نیا دارا سنگھ بن چکا ہے۔ ہریانہ کی بی جے پی حکومت اس گیانگ کی سرپرستی کر رہی ہے۔ اس لئے اس گیانگ کی ہمت بڑھ گئی ہے کہ مونو مانیسر اور اس کے چار پانچ ساتھیوں نے مل کر ہتھیاروں کے ساتھ گولیاں مارنے اور تشدد کرنے کے ویڈیوز یوٹیوب اور سوشیل میڈیا پر اپ لوڈ کئے ہیں۔ جب تک بی جے پی حکومت ان کا تحفظ کرے گی یہ لوگ آتنک مچاتے رہے ہیں۔ اس گیانگ کے خلاف معین نامی نوجوان پر گولی چلانے اور اس کا ویڈیو اپ لوڈ کرنے کے سلسلہ میں ایک ایف آئی آر درج ہوچکا ہے لیکن اس کے خلاف آج تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ اس لئے اس طرح کے مافیا گینگس نے اپنا ایجنڈہ بنادیا ہے کہ لوجہاد، گئو رکھشا اور اس جیسے دیگر ناموں پر کسی کو بھی پکڑ کر مار پیٹ کرتے ہیں اور حکومت کوئی کارروائی نہیں کرتی ہے۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ گئو رکھشا کے نام پر یہ لوگ کون ہیں جو ہتھیار لے کر گھوم رہے ہیں۔ آخر اتنا زیادہ ہتھیار ان کے پاس کہاں سے آیا۔ کیا ان لوگوں کا تعلق القاعدہ یا آئی ایس آئی ایس سے ہے؟ ہریانہ حکومت اس پر خاموش کیوں ہے؟ گئو رکھشا کے نام پر مسلمانوں کو مارا پیٹا جارہا ہے۔ مسلمانوں کی نفرت ان لوگوں میں گھس گئی ہے۔ اگر کہیں کوئی مبینہ اسمگلنگ ہورہی ہے تو پھر یہ لوگ کون ہیں، اگر یہ صحیح ہیں تو پھر عدالتیں بند کردی جائیں۔ پولیس کو ہٹا کر ان کی وردی اتار دی جائے جس کے دل میں آیا وہ گائے کا اسمگلر بتا کر گولی مار رہا ہے۔ بیرسٹر اویسی نے مرکز میں اور ہریانہ میں بی جے پی حکومتوں سے سوال کیا کہ یہ ملک قانون کی حکمرانی پر چلے گا یا ان غنڈوں کی غنڈہ گردی سے چلے گا۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ مرکزی حکومت جب 2002ء کے گجرات فسادات کے ویڈیوز پر بی بی سی کے پروگرام پر پابندی لگاتی ہے تو پھر اس طرح کے تشدد کے ویڈیوز کو کیوں نہیں روکا جارہا ہے؟ جنید اور ناصر کو مارنے والے اپنی حرکتوں کی ویڈیوز یوٹیوب پر ڈال رہے ہیں اور وزیر اعظم اس بارے میں کوئی اظہار خیال نہیں کرتے۔ صدر مجلس نے کہا کہ انہوں نے اخلاق، پہلو خان، اکبر اور دیگر ہجومی تشدد کے واقعات کے خلاف آواز اٹھائی لیکن ان کے قاتلوں کے خلاف کوئی کارروائی اس لئے نہیں ہوتی کہ ان قاتلوں کو آر ایس ایس اور بی جے پی کی مدد حاصل ہے۔ انہیں ہیرو کی طرح فلم اسٹار، جیمس بانڈ اور ریمبو بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ حکومت قانون کا استعمال کرے گی تو اس طرح کے عناصر خود بخود ختم ہوجائیں گے۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ ہریانہ کی بی جے پی حکومت ان لوگوں کو تحفظ فراہم کر رہی ہے۔ اس واقعہ کا ملزم جہاں کہیں جاتا ہے پولیس اس کے پیچھے رہتی ہے۔ یہ گیانگ یوٹیوب پر ایک مافیا کی طرح کام کر رہی ہے۔ انہوں نے وارث نامی ایک شخص کو فیس بک کے لائیو پروگرام میں مارا اور پیٹا۔ بعد میں جب اس کی موت واقع ہوگئی تو انہوں نے اس ویڈیو کو فیس بک سے حذف کردیا۔ (سلسلہ صفحہ 3)

اڈانی معاملہ، سر بمہر لفافہ میں حکومت کی تجاویز قبول کرنے سے انکار

سرمایہ کاروں کے مفادات کا تحفظ شفاف طریقہ سے ہونا چاہئے: سپریم کورٹ

نئی دہلی۔ 17 فروری (پی ٹی آئی) سپریم کورٹ نے آج مرکز کی جانب سے ہنڈن برگ ریسرچ رپورٹ کے پس منظر میں اڈانی گروپ کے حصص کی قیمت میں گراوٹ کے پیش نظر اسٹاک مارکٹوں کو مضبوط بنانے اور قواعد وضوابط طئے کرنے کے لئے ماہرین کی ایک مجوزہ کمیٹی پر مرکز کے مشوروں کو سر بمہر لفافہ میں قبول کرنے سے انکار کردیا۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی زیر قیادت بنچ نے سالیسٹر جنرل تشار مہتا کو مختصر سماعت کرنے کے بعد کہا کہ وہ اس معاملہ میں مکمل شفافیت چاہتے ہیں تاکہ سرمایہ کاروں کے مفادات کا تحفظ کیا جاسکے۔ عدالت بالا نے مجوزہ پینل کی کارکردگی کا کسی برسر خدمت جج کے ذریعہ جائزہ لینے کے امکانات کو مسترد کردیا۔ تشار مہتا نے بنچ کو بتایا کہ وہ حکومت کی تجاویز ایک سر بمہر لفافہ میں لائے ہیں جسے وہ عدالت میں پیش کرنا چاہتے ہیں۔ تاہم بنچ نے سرمایہ کاروں کو ہوئے نقصان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس معاملہ میں کوئی رازداری نہیں برتی جانی چاہئے اور تمام معاملہ شفاف ہونا چاہئے۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ انھیں اس بات پر کوئی اعتراض نہیں ہے کہ کسی بھی جج کے ذریعہ کمیٹی کی نگرانی کرائی جائے۔ بنچ نے جس میں جسٹس پی ایس نرسمہا اور جسٹس جے بی پاردی والا بھی شامل تھے کہا کہ اس کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا، ہم اس لئے سر بمہر لفافہ قبول نہیں کرسکتے کیونکہ ہم اس معاملے میں شفافیت چاہتے ہیں۔ اگر ہم آپ سے تجاویز کو سر بمہر لفافہ میں قبول کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ دوسرے فریق کو اس کی اطلاع نہیں ہوگی۔ بنچ نے کہا کہ ہم ایک ایسی کمیٹی بنانا چاہتے ہیں جس پر سرمایہ کاروں کو اعتماد ہو۔ چیف جسٹس نے کہا کہ سپریم کورٹ کا جج معاملہ کی سماعت کرسکتا ہے لیکن کسی کمیٹی کا حصہ نہیں ہوسکتا۔ 10 فروری کو عدالت نے کہا تھا کہ مارکٹ میں ہونے والی اتھل پتھل کی وجہ سے سرمایہ کاروں کا تحفظ کرنے کے لئے قواعد بنائے جائیں اور اس کے لئے ایک کمیٹی قائم کی جائے۔ عدالت نے مرکز سے کہا تھا کہ وہ اس میدان کے ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دینے پر غور کرے جس کی قیادت ایک سابق جج کے ذریعہ کی جائے۔ آج مفاد عامہ کی مختلف درخواستوں پر سماعت اس وجہ سے اہمیت کی حامل تھی کہ مرکز نے حالیہ واقعات کے پیش نظر کمیٹی قائم کرنے عدالت بالا کی تجویز سے اتفاق کرلیا تھا۔ مرکز نے عدالت کو بتایا تھا کہ سیبی (SEBI) جیسے ادارہ اس طرح کے معاملات سے نمٹنے کے اہل ہیں۔ عدالت کی تجویز سے سرمایہ کاروں میں یہ پیام جاسکتا ہے کہ ہندوستان میں ریگولیٹری اداروں کو نگرانی کی ضرورت ہے۔ مرکز نے بنچ کو بتایا کہ وہ اس سر بمہر لفافہ میں مجوزہ کمیٹی کے ارکان کے ناموں اور قواعد وضوابط عدالت کو پیش کرسکتی ہے۔ اسٹاک مارکٹ ریگولیٹر سیبی نے سپریم کورٹ میں پیش کئے گئے اپنے نوٹ میں کہا تھا کہ وہ اڈانی گروپ کے خلاف لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کر رہا ہے۔ ابھی تک اس معاملہ میں سپریم کورٹ میں مفاد عامہ کے تحت 4 درخواستیں داخل کی گئی ہیں۔ وکلاء ایم ایل شرما، وشال تیواری، کانگریس لیڈر جیا ٹھاکر اور مکیش کمار نے یہ درخواستیں داخل کیں۔

جموں کشمیر غزنوی فورس پر پابندی

نئی دہلی۔ 17 فروری (پی ٹی آئی) مرکز نے آج جموں کشمیر غزنوی فورس (جے کے جی ایف) پر پابندی عائد کردی ہے جس پر الزام ہے کہ اس نے لشکر طیبہ اور جیش محمد جیسی دہشت گرد تنظیموں سے کیڈر حاصل کرتے ہوئے نئی تنظیم تشکیل دی ہے۔ مرکزی وزارت داخلہ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق جے کے جی ایف دراندازی، منشیات اور ہتھیاروں کی اسمگلنگ میں ملوث ہے، اس کے علاوہ اس پر جموں و کشمیر میں دہشت گردی کارروائیوں کا بھی الزام ہے۔

کراچی میں پولیس ہیڈکوارٹر پر حملہ

7 افراد بشمول 3 دہشت گرد ہلاک

کراچی۔ 17 فروری (پی ٹی آئی) پاکستان کے شہر کراچی پولیس ہیڈکوارٹر پر دہشت گردوں نے حملہ کردیا، اطلاع ہے کہ پولیس دفتر کی چھت پر 3 دہشت گرد نے خود کو اڑالیا۔ کارروائی کے دوران ایک رینجر اور ایک پولیس ملازم سمیت چار افراد ہلاک ہوگئے۔ پولیس عہدیداروں کا کہنا ہے کہ کراچی پولیس دفتر میں کمانڈوز کا دہشت گردوں کے خلاف آپریشن جاری ہے، پولیس آفس میں ایک اور زوردار دھماکہ ہوا ہے، جس سے عمارت کا کچھ حصہ گر گیا اور شیشے ٹوٹ گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حملہ شام 7 بج کر 10 منٹ پر کیا گیا، کراچی پولیس دفتر میں 8 سے 10 حملہ آوروں کی موجودگی کی اطلاعات ہیں، پولیس آفس کے قریب شدید فائرنگ اور دھماکے بھی سنے گئے ہیں، ہیڈکوارٹرس کی لائٹس اور دروازے بند کردیے گئے ہیں۔ پولیس عہدہ داروں کا کہنا ہے کہ عمارت کا چوتھا فلور خالی کرادیا گیا۔ حملہ آور دو گاڑیوں میں کراچی پولیس دفتر پہنچے، دونوں گاڑیوں کو بم ڈسپوزل اسکواڈ کا عملہ چیک کر رہا ہے، ایک گاڑی عمارت کے عقب، دوسری سامنے کھڑی ملی ہے۔ پولیس عہدہ داروں کا کہنا ہے کہ حملہ آوروں نے چھت پر پہنچ کر مورچہ سنبھال لیا ہے۔ چھت پر جانے کا واحد راستہ سیڑھیوں سے ہونے کی وجہ سے آپریشن میں مشکلات ہیں۔ پولیس عہدہ دار نے میڈیا کو بتایا کہ دہشت گرد پولیس وردی میں کے پی او میں داخل ہوئے۔ پولیس ہیڈکوارٹرس میں 8 سے 10 حملہ آوروں کی موجودگی کی اطلاع تھی، شارع فیصل کے دونوں ٹریک ٹریفک کیلئے بند کردیا گیا۔ پاکستانی پولیس عہدہ داروں کا کہنا ہے کہ دہشت گرد پوری تیاری سے آئے تھے، دہشت گردوں نے 2 سے 3 اطراف سے حملہ کیا، عمارت میں 40 سے 50 لوگ موجود ہیں، حملہ آوروں سے سخت مقابلہ کر رہے ہیں۔ رینجرس اور فوج بھی پہنچ گئی۔ تقریباً تین گھنٹوں کی کارروائی کے بعد عمارت کو محفوظ قرار دیا گیا۔

دہلی کے میئر کے انتخاب کے لئے 24 گھنٹے کے اندر نوٹس جاری کیا جائے: سپریم کورٹ

نئی دہلی۔ 17 فروری (پی ٹی آئی) سپریم کورٹ نے آج کہا کہ میونسپل کارپوریشن دہلی کے نامزد ارکان میئر کے انتخابات میں ووٹ نہیں دے سکتے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ اور جسٹس پی ایس نرسمہا اور جسٹس جے بی پاردی والا نے ہدایت دی کہ دہلی کے میئر کا انتخاب کونسل کے پہلے اجلاس میں ہونا چاہئے اور منتخب ہونے کے بعد میئر کو ڈپٹی میئر کے انتخاب کے لئے اجلاس کی صدارت کرنا چاہئے۔ بنچ نے کہا کہ ہم نے فریقین کے وکلاء کو سماعت کیا۔ ہم میونسپل کارپوریشن کی جانب سے پیش کی گئی کسی دلیل کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ دستور نے نامزد ارکان کو ووٹ دینے کے حق سے روکا ہے اور اس کا اطلاق پہلے اجلاس سے ہی ہوتا ہے۔ عدالت نے کہا کہ 24 گھنٹے کے اندر میئر کے انتخاب کے لئے نوٹس جاری کیا جائے۔ سپریم کورٹ کی یہ ہدایت برسر اقتدار عام آدمی پارٹی کی جانب سے داخل کی گئی اپیل پر جاری کی گئی ہے۔ 8 فروری کو عدالت بالا نے اس معاملہ میں لیفٹننٹ گورنر سے جواب کی خواہش کی تھی۔ دریں اثناء چیف منسٹر دہلی اروند کجریوال نے میئر کے انتخاب پر سپریم کورٹ کے فیصلے کو جمہوریت کی فتح قرار دیا ہے۔

مسلم نوجوانوں کو جلانے کے معاملہ کی سی بی آئی تحقیقات کرائی جائیں: وی ایچ پی

نئی دہلی۔ 17 فروری (پی ٹی آئی) وشوا ہندو پریشد (وی ایچ پی) نے آج راجستھان کے دو مسلم نوجوانوں کی ہریانہ میں ایک کار میں جلی ہوئی نعشیں پائے جانے کے معاملے کی سی بی آئی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ اس معاملہ میں بجرنگ دل کے نام کو شامل کئے جانے کو سیاسی جانبداری بتایا جارہا ہے۔ راجستھان پولیس کے مطابق اس معاملہ میں تقریباً نصف درجن لوگوں کو پوچھ تاچھ کے لئے حراست میں لیا گیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ گاؤ رکھشکوں نے چہارشنبہ کو مبینہ طور پر ان دو نوجوانوں کا اغواء کرلیا تھا جن کی جلی ہوئی نعشیں کل صبح بھیوانی میں پائی گئیں۔ متوفیوں کے ارکان خاندان نے پولیس میں درج کی گئی اپنی شکایت میں الزام عائد کیا ہے کہ ان دونوں کا جن لوگوں نے اغواء کیا ان کا تعلق بجرنگ دل سے ہے۔ راجستھان کے بھرت پور رینج انسپکٹر جنرل پولیس گورو شریواستو نے بتایا کہ ایف آئی آر میں جن لوگوں کے نام دیئے گئے ان کا تعلق بجرنگ دل سے ہے لیکن ابھی یہ طئے ہونا باقی ہے کہ جرم سے ان کا تعلق ہے یا نہیں۔ بجرنگ دل وی ایچ پی کا یوتھ ونگ ہے۔ ان الزامات پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے وی ایچ پی کے جنرل سکریٹری سریندر جین نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے بغیر ہی راجستھان پولیس نے یہ اخذ کرلیا کہ اسمگلرس کے بھائی نے جو نام لئے ہیں وہی اس واقعہ کے ذمہ دار ہیں۔ وی ایچ پی لیڈر نے اس واقعہ کو انتہائی افسوسناک قرار دیا۔

ہندوراشٹر گاندھی جی کے نظریات کے خلاف: نتیش کمار

پٹنہ۔ 17 فروری (پی ٹی آئی) چیف منسٹر بہار نتیش کمار نے آج سنگھ پریوار کے ہندوستان کو ہندو ملک قرار دینے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ مہاتما گاندھی کے نظریات کے خلاف ہے۔ مشہور سوشلسٹ لیڈر جو گذشتہ سال تک بی جے پی کے ساتھ تھے، ہندوراشٹر کے بارے میں صحافیوں کے سوالات کا جواب دے رہے تھے۔ اس ہفتے کے اوائل میں ان کے اتر پردیش کے ہم منصب یوگی آدتیہ ناتھ نے اس معاملہ کی پرزور وکالت کی تھی۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں ان باتوں پر توجہ نہیں دینا چاہئے جو باپو کے نظریات کے خلاف ہے۔ اس ملک میں تمام مذاہب کے لوگ ایک ساتھ رہتے ہیں اور باپو نے اتحاد و یکجہتی کا نظریہ پیش کیا تھا جو ان کے قتل کی وجہ بنا۔ نتیش کمار نے خبردار کیا کہ گاندھی جی کے نظریات اور ان کی خواہشات کے برعکس کوئی بھی قدم تباہی کی طرف لے جاسکتا ہے۔

حدیث شریف

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی بندہ مومن وضو کرتا ہے اور چہرہ دھوتا ہے تو اس کے پانی کے ساتھ اس کی آنکھوں کے تمام گناہ دور ہوجاتے ہیں۔

(حضرت ابوہریرہؓ۔ مسلم شریف)

آیت شریف

(ان سے) کہو کہ (بقول تمہارے) اگر آخرت کا گھر اللہ کے نزدیک صرف تمہارے ہی لئے ہے (دوسرے) لوگوں کا اس میں حصہ نہیں تو اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو تو موت کی آرزو کرو۔

Say (O dear Prophet Mohammed - peace and blessings be upon him), "If the abode of the Hereafter in the sight of Allah is for you alone and none else, then long for death if you are truthful!"

(سورہ البقرہ۔ آیت۔94)

ارکان اسمبلی خریداری کیس

سپریم کورٹ میں درخواست پر سماعت 27 فروری تک ملتوی

نئی دہلی ۔17 فروری (پی ٹی آئی) حکومت تلنگانہ نے بھارت راشٹرا سمیتی کے ارکان اسمبلی کی خریداری کی مبینہ کوشش کی سنٹرل بیورو آف انوسٹی گیشن کی تحقیقات سے متعلق ہائی کورٹ کے حکم کو سپریم کورٹ میں یہ کہتے ہوئے چیلنج کیا ہے کہ الزامات بی جے پی کے خلاف عائد کئے گئے ہیں جو مرکز میں برسراقتدار ہے اور وہ مرکزی تحقیقاتی ایجنسیوں پر کنٹرول رکھتی ہے۔ مسٹر جسٹس بی آر گوائی اور مسٹر جسٹس منوج مشرا پر مشتمل بنچ نے تلنگانہ ہائی کورٹ کے حکم کے خلاف ریاستی حکومت کی داخل کردہ اپیل پر سماعت 27 فروری تک ملتوی کردی ۔ عدالت عظمیٰ نے سینئر وکلاء دشینت داوے اور مہیش جیٹھ ملانی کے دلائل کی مختصر سماعت کی جو اس معاملہ میں بالترتیب ریاستی حکومت اور بھارتیہ جنتا پارٹی کی طرف سے پیش ہوئے تھے۔ دشینت داوے نے ہائی کورٹ کے حکم کے جواز کو چیلنج کرتے ہوئے کہا کہ جب کہ الزامات بی جے پی کے خلاف ہیں ایسی صورت میں سی بی آئی کس طرح تحقیقات کرسکتی ہے۔ دوسری جانب جیٹھ ملانی نے کہا کہ چیف منسٹر نے خود میڈیا کے سامنے اس کیس کی تفصیلات پیش کی ہیں جس سے آزادانہ تحقیقات پر شبہات سامنے آتے ہیں۔ داوے نے کہا کہ سی بی آئی، انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی اپوزیشن جماعتوں کے خلاف ہر تحقیقات کا میڈیا میں افشاء ہوتا ہے۔ بی جے پی کے وکیل نے کہا کہ اس معاملہ کو دوسرے معاملہ سے نہیں جوڑا جاسکتا۔ دشینت داوے نے کہا کہ عدالت ہی وہ واحد ادارہ ہے جو جمہوریت کا تحفظ کرسکتی ہے۔ 7 فروری کو ریاستی حکومت نے ہائی کورٹ کے حکم کے خلاف درخواست داخل کرتے ہوئے سپریم کورٹ سے عاجلانہ سماعت کی استدعا کی تھی۔ دشینت داوے نے کہا کہ یہ معاملہ ریاستی حکومت کو غیر مستحکم کرنے سے متعلق درج ایف آئی آر کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائی کورٹ کے واحد رکنی جج نے سی بی آئی تحقیقات کا حکم دیا جسے وسیع تر بنچ نے برقرار رکھا ہے۔ حکومت تلنگانہ کے وکیل نے کہا کہ یہ ہنگامی نوعیت کا کیس ہے کیوں کہ اگر سی بی آئی تحقیقات کے دائرہ میں شامل ہوجاتی ہے تو سب کچھ ناکام ہوجائے گا۔ قبل ازیں ہائی کورٹ کی ایک ڈیویژن بنچ نے واحد رکنی جج کے فیصلہ پر حکم التواء جاری کرنے سے انکار کردیا تھا جس کے ذریعہ بی آر ایس کے ارکان اسمبلی کی خریداری کے کیس کی تحقیقات ایس آئی ٹی سی سے سی بی آئی کو منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ 26 دسمبر 2022ء کو واحد رکنی جج نے اس معاملہ کی تحقیقات سی بی آئی کو منتقل کرنے کی ہدایت کی اور حکومت کی جانب سے تشکیل شدہ خصوصی تحقیقاتی ٹیم کو بھی کالعدم قرار دیا جس کے بعد ریاستی حکومت اور دوسروں نے ہائی کورٹ کی ڈیویژن بنچ میں اپیلیں داخل کیں تاکہ واحد رکنی جج کے فیصلہ پر حکم التواء حاصل کیا جاسکے۔ ریاستی ہائی کورٹ کی ڈیویژن بنچ نے بھی ہائی کورٹ کے حکم کو برقرار رکھا ہے۔ سی بی آئی نے پہلے ہی چیف سکریٹری تلنگانہ کو مکتوب روانہ کرتے ہوئے کیس میں متعلقہ میٹریل فراہم کرنے کی خواہش کی تھی۔ اکتوبر 2022ء میں بی آر ایس کے 4 ارکان اسمبلی کو خریدتے ہوئے انہیں بی جے پی میں شامل ہونے کے لئے رقمی لالچ کا ایک کیس درج کیا گیا تھا جس کے بعد حکومت نے خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی تھی اور چند ملزمین کو گرفتار بھی کیا تھا جو فی الوقت ضمانت پر رہا ہیں۔ 4 ارکان اسمبلی میں سے ایک پائلٹ روہت ریڈی نے پولیس میں شکایت درج کرواتے ہوئے الزام عائد کیا تھا کہ انہیں بی آر ایس سے منحرف ہونے کے لئے 100 کروڑ روپے کی رشوت کی لالچ دی گئی اور باقی 3 ارکان اسمبلی کو فی کس 50 لاکھ روپے دینے کا وعدہ کیا گیا تاکہ انہیں بی جے پی میں شامل کروایا جاسکے۔

بھینسہ میں آر ایس ایس کے پریڈ کی اجازت دینے سے ہائی کورٹ کا انکار

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) تلنگانہ ہائی کورٹ نے 19 فروری کو بھینسہ میں آر ایس ایس کے مارچ کی اجازت دینے سے انکار کردیا۔ بھینسہ آر ایس ایس کے سربراہ ایس کرشنا داس نے محکمہ پولیس کی جانب سے اس مارچ کی اجازت دینے سے انکار کو چیلنج کرتے جسٹس وجے سین ریڈی کو لنچ موشن پٹیشن پیش کیا۔ درخواست گزار نے کہا کہ ٹاون کی سطح پر ہر دو سال میں ایک مرتبہ شاریرک اتسو منعقد کرنا آر ایس ایس کا طریقہ رہا ہے۔ اس کے ارکان یونیفارمس پہن کر اس اتسو میں حصہ لیتے ہوئے سڑکوں پر مارچ کرتے ہیں۔ اس کا اختتام جسمانی مظاہرہ اور تقریر پر ہوتا ہے۔ دوسری طرف محکمہ داخلہ کے سرکاری پلیڈر ایس رویندر نے عدالت سے کہا کہ بھینسہ ٹاون فرقہ وارانہ طور پر حساس ہے۔ انہوں نے عدالت سے کہا کہ قبل ازیں بھی بی جے پی کو ریالیوں اور جلسوں کے انعقاد کی اجازت دی گئی تھی۔ جج نے درخواست گزار کو تجویز پیش کی کہ وہ کسی اور دن اتسو منعقد کرے۔ اس معاملہ کی سماعت 20 فروری تک ملتوی کردی گئی۔

پولیس زدوکوبی کے شکار میدک کے شخص کا گاندھی ہاسپٹل میں انتقال

ذمہ دار ملازمین پولیس کیخلاف سخت کارروائی کرنے کوثر محی الدین کی نمائندگی۔ مقدمہ درج

میدک/حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) میدک میں پولیس کی مبینہ مار پیٹ کے نتیجہ میں زخمی شخص کا دوران علاج انتقال ہوگیا۔ مجلس اتحادالمسلمین کی بروقت نمائندگی کے نتیجہ میں ملازمین پولیس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ خاندانی اور مقامی ذرائع کے مطابق محمد قدیر خان متوطن میدک ٹاون کو ایک مقدمہ کے سلسلہ میں 29 جنوری کو متعلقہ پولیس نے شہر کے علاقہ حسینی علم سے حراست میں لے کر میدک منتقل کیا اور انہیں اذیتیں دی گئیں۔ وہ کسی طرح وہاں سے ہاسپٹل پہنچنے میں کامیاب رہے۔ وہ شدید طور پر زخمی ہوگئے تھے۔ ابتدائی علاج کے بعد انہیں حیدرآباد کے خانگی ہاسپٹل اور وہاں سے گاندھی ہاسپٹل منتقل کیا گیا جہاں وہ آج دوران علاج زخموں سے جانبر نہ ہوسکے۔ صدر مجلس میدک سید عشرت علی صفی کی اطلاع پر جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی کاروان وانچارج مجلس اتحادالمسلمین ضلع میدک نے قاسم شاہین سرگرم مجلسی کارکن کو گاندھی ہاسپٹل روانہ کرتے ہوئے تفصیلات سے واقفیت حاصل کیں اور فوری سپرنٹنڈنٹ پولیس میدک روہنی پریہ درشنی سے فون پر رابطہ قائم کیا۔ رکن اسمبلی نے محمد قدیر خان کی موت کے لئے ذمہ دار پولیس عہدیداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرتے ہوئے انہیں فوری خدمات سے برخاست کرنے اور ان کے خلاف اقدام قتل کا مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کیا۔ بعد ازاں کوثر محی الدین نے ریاستی وزیر ہریش راو رکن اسمبلی میدک ایم پدما دیویندر ریڈی اور ڈی ایس پی میدک کے سیدولو سے بھی فون پر ربط پیدا کرتے ہوئے بے قصور مسلم نوجوان محمد قدیر خان کی موت کے ذمہ دار پولیس ملازمین کو برطرف کرتے ہوئے ان کے خلاف اقدام قتل کا مقدمہ درج کرتے ہوئے مقتول محمد قدیر خان کے افراد خاندان کے ساتھ انصاف کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ کوثر محی الدین کی نمائندگی پر قدیر خان کی موت کے معاملہ میں ذمہ دار ملازمین پولیس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ محمد قدیر خان کے انتقال کی خبر میدک میں جیسے ہی عام ہوئی کل جماعتی قائدین ایم بالا کرشنا تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی، ایم اے خالد، مرزا احمد علی بیگ، سید طاہر علی جلیل عارف صمدانی کانگریس، محمد سمیع الدین کونسلر، سید عمر محی الدین معاون رکن بلدیہ، احمد محی الدین تمیز سابق رکن بلدیہ، محمد مجیب صدر ٹی آر ایس اقلیتی سیل میدک بی آر ایس، محمد افضل تلنگو دیشم، صدر مجلس میدک سید عشرت علی، ایم اے عتیق، معراج گلشنی، شہباز علی، اظہر الدین اجو مجلسی قائدین اور دیگر مسلم نوجوانوں نے ضلع ایس پی میدک روہنی پریہ درشنی اور ڈی ایس پی میدک کے سیدولو سے علحدہ علحدہ ملاقات کرتے ہوئے ایک تحریری یادداشت پیش کی جس میں مطالبہ کیا گیا کہ بے قصور محمد قدیر خان کی موت کے ذمہ دار سب انسپکٹر راج شیکھر، کانسٹبل پون اور پرشانت کو فوری برطرف کرتے ہوئے ان کے خلاف اقدام قتل کا مقدمہ درج کیا جائے اور مرحوم قدیر خان کے ساتھ انصاف کیا جائے۔ مرحوم قدیر خان کی اہلیہ اور ان کے افراد خاندان کی شکایت پر ڈی ایس سیدولو میدک نے مقتول محمد قدیر خان کی موت کے معاملہ میں سب انسپکٹر راج شیکھر، کانسٹبل پون اور کے پرشانت کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے ایف آئی آر جاری کیا۔ اس موقع پر مسلم قائدین کے ہمراہ ٹی چندرا پال چیرمین بلدیہ میدک، ہنی جگپتی چیرمین میدک مارکٹ کمیٹی بھی موجود تھے۔

محمد قدیر خان

چندرا بابو کے جلسہ کی اجازت نہیں دی گئی

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) پولیس نے تلگودیشم سربراہ این چندرا بابو نائیڈو کے مشرقی گوداوری ضلع کے انا پرتی میں ہونے والے جلسہ عام کی اجازت دینے سے انکار کردیا۔ اطلاعات کے مطابق ضلع کلکٹر اور ایس پی سے اجازت ملنے کے باوجود پولیس نے جلسہ کے دن ہی اجازت کو منسوخ کردیا اور کہا کہ 5 ہزار سے زائد افراد کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ جلسہ کی اجازت نہ ملنے پر تلگودیشم کیڈر نے برہمی کا اظہار کیا۔

مسافرین کی سلامتی اور مسروقہ مال کی ضبطی

جنوری میں ریلوے پروٹکشن فورس کے اہم کارنامے

حیدرآباد۔ 17 فروری (این ایس ایس) ریلوے کی املاک کے تحفظ میں مجرموں سے سختی سے نمٹنے اور مسافرین کی سلامتی ریلوے پروٹکشن فورس (آر پی ایف) کا اصل مقصد ہے۔ آر پی ایف ریلوے کی املاک اور مسافرین کی جانوں کے تحفظ کے لئے اپنی جانوں کو خطرہ میں ڈالتے ہوئے آگے بڑھ رہی ہے۔ پولیس' قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے ساتھ تال میل کے اقدامات کے ذریعہ ریلوے کی املاک' مسافرین کے تحفظ پر خصوصی توجہ اور مسافرین کو مدد فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ جنوری 2023 کے دوران آپریشن ریل سرکھشا کے حصہ کے طور پر 60 افراد کو گرفتار کرتے ہوئے ان کے پاس سے 39.8 لاکھ روپے مالیت کی مسروقہ اشیاء ضبط کی گئیں اور ان کے خلاف 50 مقدمات درج کئے گئے ۔ سامان کا پتہ چلاتے ہوئے اسے حوالے کرنے کا کام آپریشن امانت کے تحت کیا گیا۔ آر پی ایف کے ملازمین نے جنوری 2023 میں 49.3 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے مسافرین کے سامان کا پتہ چلانے میں مدد کی۔ آپریشن نارکوس کے تحت آر پی ایف نے 32.5 لاکھ روپے مالیت کا گانجہ ضبط کیا اور 7 افراد کو گرفتار کیا۔ آپریشن ننھے فرشتہ کے تحت آر پی ایف نے نشاندہی کرتے ہوئے بچوں کو بچایا۔ ساتھ ہی مختلف وجوہات کے سبب لاپتہ یا اپنے خاندان سے بچھڑے بچوں کا تحفظ کیا گیا۔ آر پی ایف /ایس سی آر نے جنوری 2023 میں 82 بچوں جن میں 69 لڑکے اور 13 لڑکیاں شامل ہیں' کو تحفظ فراہم کیا۔ آپریشن آہٹ کے تحت انسانی اسمگلنگ کے خلاف کارروائی کی گئی ۔ اس مشن کے تحت آر پی ایف/ایس سی آر نے 18 لڑکوں کو 6 اسمگلرس کے پنجوں سے بچایا۔ مشن جیون رکھشا کے تحت آر پی ایف کے ملازمین نے اپنی جانوں کو خطرہ میں ڈال کر 4 افراد کی جان بچائی جن میں دو مرد اور دو خواتین شامل ہیں۔ آپریشن سترک کے تحت ممنوعہ /غیرقانونی اشیاء لے جانے والوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ ٹرینوں کے ذریعہ غیرقانونی طور پر منتقل کی جانے والی 16,500 لیٹر شراب ضبط کی گئی۔ یہ شراب محکمہ آبکاری کے حوالے کی گئی جس نے دو افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا۔

حسین ساگر پر 19 فروری سے سنڈے فنڈے پروگرام کا احیاء

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھارٹی (حمڈا) نے حسین ساگر پر 19 فروری سے سنڈے فنڈے پروگرام کے احیاء کا فیصلہ کیا ہے۔ حمڈا کے ذرائع نے بتایا کہ حسین ساگر میں حال ہی میں تیرتے ہوئے موسیقی ریز فواروں سے بھی سنڈے فنڈے کے دوران عوام محظوظ ہوسکیں گے۔ ہر گھنٹہ کے وقفہ سے تقریباً 15 منٹ کے لئے چار مرتبہ ان فواروں کو عوام کے لئے کھولا جائے گا۔ تقریباً 2 سال قبل اس سنڈے فنڈے پروگرام کا آغاز کیا گیا تھا جس کے دوران حسین ساگر پر عوام کو شام کے وقت تفریح کا خالصتاً موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ جس کے دوران تہذیبی سرگرمیاں، کھیل کود اور بیانڈ کا مظاہرہ بھی کیا جاتا ہے۔ سنڈے فنڈے پروگرام کے دوران حسین ساگر پر ٹریفک کی آمدورفت بالکلیہ طور پر روک دی جاتی ہے۔

12 سال سے کم عمر بچے حج کی سعادت حاصل نہیں کرپائیں گے

حیدرآباد۔ 17 فروری (پریس نوٹ) جناب محمد سلیم صدر نشین حج کمیٹی اور شفیع اللہ ایکزیکیٹیو آفیسر نے کہا ہے کہ سعودی حکام کی ہدایت پر حج 2023 کے درخواست گزار جن کی عمر 12 سال سے کم ہے وہ حج کی سعادت حاصل نہیں کرسکیں گے۔ اس سلسلہ میں پہلے داخل کردہ درخواستوں کو مسترد کردیا جائے گا۔ سعودی حکومت کے نئے رہنمایانہ خطوط کے مطابق حج 2023 کے لئے عازمین حج جن کی عمر 30 اپریل 2022 کو 12 برس ہو وہ حج کی سعادت حاصل کرسکیں گے۔ عازمین سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ درخواست فارم کا بغور مطالعہ کریں۔ مزید رہنمائی کے لئے دفتر حج کمیٹی 10:30 بجے دن تا 5 بجے شام کھلا رہے گا۔ مزید تفصیلات فون نمبرات 23298793/23236310 سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

متحد ہونے پر بائیں بازو جماعتیں ریاست کی اگلی حکومت کو منتخب کرنے کی طاقت کی حامل: سامبا سیوا راو

حیدرآباد۔ 17 فروری (این ایس ایس) سی پی آئی کے ریاستی سکریٹری کے سامبا سیوا راو نے کہا ہے کہ ریاست سے تعلق رکھنے والی بائیں بازو کی دو جماعتوں سی پی آئی اور سی پی ایم متحد ہوتی ہیں تو تلنگانہ میں اگلی حکومت کو منتخب کرنے کی طاقت کی حامل ہوں گی۔ مخدوم بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے ناراضگی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ نشستوں کی تقسیم کے سلسلہ میں بی آر ایس سے کوئی تبادلہ خیال نہیں کیا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بی آر ایس اگر یہ سمجھتی ہے کہ بائیں بازو کی جماعتوں کی اسے تائید کی ضرورت ہے تو وہ ان سے رجوع ہوگی ۔ بائیں بازو کی جماعتوں کے ساتھ آئندہ اسمبلی انتخابات میں اتحاد کرتے ہوئے مقابلہ کرنے کے لئے بی آر ایس پارٹی اگر آگے نہیں آتی ہے تو بائیں بازو کی جماعتوں کی راہیں الگ ہوں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کے کمیونسٹ قائدین کی اپنی خود کی اہمیت تلنگانہ میں ہے۔ ان کے سیاسی حریفوں کی تنقیدوں پر وہ ردعمل ظاہر نہیں کریں گے۔ یہ کہتے ہوئے کہ بائیں بازو کی جماعتوں کے اثرات ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات میں دیکھے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ غیر منقسم میدک ضلع بشمول وہ علاقہ جہاں پر سنگارینی کالریز کمپنی ہے' میں بائیں بازو کی جماعتیں غالب طاقت رکھتی ہیں۔ دیگر اضلاع جیسے کریم نگر' نلگنڈہ' رنگاریڈی اور حیدرآباد میں بھی ان جماعتوں کے اثرات ہیں۔ سامبا شیوا راو نے واضح کیا کہ سیاسی اتحاد سے بالاتر ہوکر ریاستی حکومت کے خلاف عوامی احتجاجی پروگرام کو جاری رکھا جائے گا۔ ان جماعتوں کا قطعی اتحاد ریاست کے عوام سے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ منوگوڑو کے ضمنی انتخاب میں کٹر حریف بی جے پی کی شکست کو یقینی بنانے کے لئے بائیں بازو کی جماعتوں نے بی آر ایس پارٹی کی تائید کی تھی۔ انہوں نے اعادہ کیا کہ سی پی آئی اور سی پی ایم نے ایک ٹیم کی طرح ریاست میں آگے بڑھنے اور بیشتر عوامی مسائل پر احتجاجی پروگرام منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھمم ضلع میں جلد ہی ریاستی سطح کا پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ ریاست کے تمام 119 اسمبلی حلقوں میں اسمبلی حلقہ کی سطح کی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی اور پارٹی کو مزید مستحکم کرنے کے لئے کوششیں کی جائیں گی۔

نقلی بیجوں کی فروخت پر 58 افراد کے خلاف پی ڈی ایکٹ

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) تلنگانہ پولیس نے نقلی بیجوں کی خرید و فروخت کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کیا ہے اور نقلی بیجوں کی فروخت میں ملوث 58 افراد کے خلاف پی ڈی ایکٹ کے تحت کارروائیاں بھی کی گئی ہیں۔ دفتر ڈی جی پی کی جانب سے جمعہ کو جاری کردہ ایک پریس نوٹ کے ذریعہ مطلع کیا گیا کہ حکومت تلنگانہ بھی نقلی بیجوں کی خرید و فروخت کی لعنت کے خاتمہ کے لئے پابند ہے۔ پولیس نے 2014ء سے 2022ء تک اس سلسلہ میں 991 مقدمات درج کئے اور 1932 افراد کو گرفتار کیا گیا۔

مقامی خبریں

دونوں شہروں میں آج جلسہ ہائے معراج النبیؐ

مکہ مسجد

حیدرآباد۔ 17۔ فروری (راست) جلسہ شب معراج النبیؐ آج بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9 بجے رات) تاریخی مکہ مسجد میں مقرر ہے۔ حافظ وقاری شیخ محمد علی صاحب موذن مکہ مسجد کی قرأت ہوگی۔ مولانا حافظ وقاری محمد عبدالعلی صدیقی امام مکہ مسجد، مولانا حافظ وقاری وہاج احمد، مولانا سید علی حسینی قادری خطاب کریں گے۔

جامع مسجد چوک

●● جامع مسجد چوک میں ہفتہ 18 فروری کو جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ قاری عبدالقیوم شاکر اور حافظ محمد محی الدین حسامی قرأت کلام پاک پیش کریں گے۔ ڈاکٹر طیب پاشاہ قادری، مصطفیٰ صدیقی، حافظ نصیر الدین، محمد فرید حسامی نعت شریف پیش کریں گے۔ مولانا غوث محی الدین حسامی، مولوی شیخ طاہر حسامی، مفتی ابراہیم حسامی قاسمی، مولانا ڈاکٹر محمد رضی الدین رحمت حسامی اور مولانا محمد حسام الدین ثانی عاقل جعفر پاشاہ کی تقاریر ہوں گے۔

●● مسجد غوثیہ گلشن مغل کا نالہ رنگ روڈ کاروان میں 18 فروری ہفتہ کو بعد نماز عشاء جلسہ شب معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا الحاج لائق علی صدر مسجد کمیٹی صدارت کریں گے۔ جناب سید احمد پاشاہ قادری معتمد عمومی مجلس و رکن اسمبلی یاقوت پورہ اور مولانا الحاج ڈاکٹر سید محمد معزالدین قادری شرفی لکچرر عربی ڈگری کالج مہمانان خصوصی ہوں گے۔ مولانا سید زاہد حسین امام مسجد کی قرات ہوگی۔ نماز عشاء 9 بجے ادا کی جاےء گی۔

●● جامع مسجد باغ جہاں آراء و مسجد رضیہ بیگم ملک پیٹ جدید میں آج بعد نماز عشاء جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مفتی حافظ محمد وجیہ اللہ سبحانی نظامی نقشبندی چشتی صدر شعبہ عربی نیو نوبل ڈگری کالج دلسکھ نگر و خطیب مسجد رضیہ بیگم ملک پیٹ جدید مخاطب فرمائیں گے۔ جامع مسجد باغ جہاں آراء میں نماز عشاء 9:00 بجے اور مسجد رضیہ بیگم میں نماز عشاء 10:15 بجے ادا کی جائے گی۔ قرأت کلام مجید و نعت پاک سے ان دو مقدس محافل کا آغاز ہوگا۔

●● جامع مسجد حبیبیہ قلی قطب شاہ نگر کالونی، ٹولی چوکی، ہفت گنبد روڈ میں بعنوان ''یہ سبق ملا ہے معراج مصطفیؐ سے مجھے'' خطاب عام ہوگا۔ علاوہ ازیں مولانا سید شاہ عاقل حسینی القادری الملتانی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ) اور مولانا شیخ نعمان احمد القادری الملتانی کے مواعظ حسنہ ہوں گے۔

●● جامع مسجد محمدی ساؤتھ لالہ گوڑپ سکندرآباد میں معراج مصطفیٰ ﷺ کانفرنس آج بعد عشاء مقرر ہے۔ مفتی حافظ محمد مستان علی قادری بانی وناظم اعلیٰ جامعۃ المؤمنات، ڈاکٹر مفتی عبدالواسع احمد صوفی، مولانا محمد صلاح الدین قادری بانی وناظم مدرسہ ذوالنورین، مولانا مفتی محمد عمران مخاطب کریں گے۔

●● مسجد محمدیہ تارا کا میدان میں جلسہ شب معراج، آج بعد مغرب مقرر ہے۔ ڈاکٹر مفتی حافظ محمد مستان علی قادری بانی وناظم اعلیٰ جامعۃ المؤمنات، مفتی عبدالواسع احمد صوفی امام مسجد ہذا مخاطب کریں گے، حافظ مفتی سید مظہر کی قرأت، حافظ محمد جعفر کی نعت شریف ہوگی۔

●● کلیۃ البنین مغلپورہ میں جلسہ شب معراج آج بعد نماز عشاء مقرر ہے، جلسہ کا آغاز قرات ونعت شریف سے ہوگا۔ مفتی عبدالرحیم، قاضی شمس الدین فاروقی، مولانا خضر پاشاہ قادری چشتی، مفتی شیخ عابد، حافظ محمد مصعب پاشاہ دانش مخاطب کریں گے۔

●● کل ہند مجلس تعمیر ملت کے زیر اہتمام آج بعد نماز عشاء مصلیٰ گلشن خلیل مانصاحب ٹینک روبرو گارڈن ٹاور میں نائب صدر مجلس تعمیر ملت جناب محمد وہاج الدین صدیقی کی زیر صدارت جلسہ '' معراج مصطفویؐ ''منعقد ہوگا جس کو نائب معتمد عمومی جناب محمد سیف الرحیم قریشی اوراسلامک اسکالر ڈاکٹر رفیع الدین فاروقی مخاطب کریں گے۔

●● مسجد عالمگیر میر پیٹ اور مسجد محمدیہ کرشنا نگر میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء جلسہ شب معراج منایا جارہا ہے جس کی صدارت جناب عمر احمد شفیق معتمد عمومی مجلس تعمیر ملت کریں گے جب کہ علمائے کرام کا خطاب ہوگا۔ حافظ محمد نظام الدین کاروائی چلائیں گے۔

●● مسجد رفیع الدولہ میں آج بعد نماز عشاء جلسہ شب معراج مقرر ہے جس کی صدارت نائب صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت جناب محمد وہاج الدین صدیقی کریں گے اور نائب معتمد عمومی جناب محمد سیف الرحیم قریشی کا خطاب ہوگا۔

●● مصلیٰ گلشن خلیل مانصاحب ٹینک روبرو گارڈن ٹاور میں آج بعد نماز عشاء نائب صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت جناب محمد وہاج الدین صدیقی کی زیر صدارت جلسہ معراج النبیؐ منعقد ہوگا۔ نائب معتمد عمومی جناب محمد سیف الرحیم قریشی اوراسلامک اسکالر ڈاکٹر رفیع الدین فاروقی مخاطب کریں گے۔

●● مسجد سیدہ زاہدہ احمد ہاشم آباد میں آج بعد نماز عشا (جماعت 9 بجے) سدرۃ المنتہیٰ کانفرنس ہو گی حضرت مولانا معین عمر مکی کا خصوصی خطاب ہوگا جناب الحاج محمد منور حسین نقشبندی صاحب صدارت کریں گے۔

●● جامع مسجد اٹھارہ سیڑھی، قلعہ گولکنڈہ میں آج بعد نماز عشاء جلسہ شب معراج منعقد ہوگا۔ ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد، سابق اسوی ایٹ پروفیسر واقعہ معراج اوراس کا پیغام کے عنوان پر خطاب کریں گے۔ نماز عشاء ٹھیک 9 بجے ہوگی۔

●● مدینہ مسجد، قلندر گرسنتوش نگر میں آج بعد نماز عشاء جلسہ شب معراج مقرر ہے۔ جناب سید مبارک نقشبندی، صدر کمیٹی نگرانی کریں گے۔ دیگر مقررین کے علاوہ ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد، سابق اسوی ایٹ پروفیسر مخاطب کریں گے۔

●● مسجد خواجہ گلشن، مہدی پٹنم میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا ڈاکٹر محمد مصطفیٰ شریف کا خطاب ہوگا۔ نماز عشاء 9 بجے رات ہوگی۔

●● جامع مسجد قطب شاہی بالاپور روڈ پر بعد نماز عشاء جلسہ شب معراج مقرر ہے۔ حافظ قاری مفتی محمد شیخ ظہیر فضائل شب معراج بیان کریں گے۔ نماز عشاء 9 بجے ہوگی۔

●● مسجد چمکورہ، خلوت میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ حافظ قاری مولانا محمد جواد صدیقی ناظم المعہد الدینی العربی بیان کریں گے۔

چنچل گوڑہ جونیر کالج گراونڈ

کل ہند مرکزی رحمت عالم کمیٹی کی انٹرنیشنل معراج النبی کانفرنس کا انعقاد آج بعد نماز عشاء گورنمنٹ جونیر کالج گراونڈ چنچل گوڑہ پر عمل میں آئیگا۔ محمد شاہد اقبال قادری (صدر رحمت عالم کمیٹی) و ڈاکٹر عظمت رسول کے بموجب کانفرنس کی قیادت مولانا سید محمد رفیع الدین حسینی رضوی قادری شرفی صاحب قبلہ (شرفی چمن)، صدارت حضرت مولانا سید خلیل اللہ شاہ بابا قادری قدرتی محبوبی، سرپرستی حضرت مولانا سید محمد شاہ قادری ملتانی، نگرانی عالیجناب محمد شوکت علی صوفی کرینگے۔ مہمانان خصوصی کی حیثیت سے مولانا حافظ سید شاہ محمد حسینی پیرا الحسینی الرضوی القادری الطاہری، حضرت مولانا محمد اخلاق اشرفی، جناب خواجہ معین الدین اقبال قادری ملتانی صاحب (صدر کل ہند مرکزی میلاد کمیٹی)، حکیم ایم اے ساجد قادری ملتانی، ڈاکٹر حیدر یمنی، ڈاکٹر مجیب شاہد، ڈاکٹر محمد عظیم برکاتی (ایڈوکیٹ)، ڈاکٹر سید خالد، ڈاکٹر سید قمر قادری، ڈاکٹر غوث قادری شرکت کرینگے۔ بیرونی مہمان مقررین میں خطیب ہندونیپال حضرت العلامہ شفیق اللہ چتر ویدی (نیپال)، دوسرے مہمان مقرر عالمی شہرت یافتہ عالم دین حضرت العلامہ محمد احمد رضا منظری (بریلی شریف)، مفکر اسلام حضرت العلامہ مفتی محمد منظور رضیائی (ممبئی) کے خصوصی خطابات ہونگے۔

قلی قطب شاہ اسٹیڈیم

کل ہند بزم رحمت عالم کی جانب سے آج مرکزی جلسہ معراج النبی قلی قطب شاہ اسٹیڈیم ہائی کورٹ روڈ میں عظیم الشان پیمانے پر منعقد ہوگا۔ جلسہ کی صدارت جناب ایم اے مجیب سینئر ایڈوکیٹ وصدر کل ہند بزم رحمت عالم کریں گے جبکہ حافظ محمد مظفر حسین خان قادری بندہ نوازی نگرانی کریں گے۔ سرپرستی حضرت سید محمود حسینی قادری الرفاعی المعروف سادات پیر بغدادی کریں گے۔ خطیب ہندوستان مولانا محمد شاہ احمد نقشبندی الجنیدی بانی وامیر تحریک صدائے اسلام حیدرآباد، عالمی شہرت یافتہ مولانا مفتی محمد شمیم الزماں قادری، مولانا عبدالستار مظہری (ممبئی) اور مفتی محمد احمد مصباحی اشرفی خلیفہ سرکارکلاں وخلیفہ حضور شیخ الاسلام کچھوچھہ شریف کی شرکت وخطابات ہوں گے۔ جلسہ کا آغاز حافظ وقاری سید نورالعلی ثانی عفان کی قرات کلام پاک سے ہوگا۔ سید ابوبکر صدیق عرف رضوان، سید عثمان عرف ذیشان، محمد ارسلان، مولوی عظیم، اسد اللہ شریف اور محمد شفیع خان نعت شریف سنائیں گے۔ مولانا خواجہ سید ابوتراب شاہ قادری چشتی یمنی بندہ نوازی تراب قدیری، مولانا سید شاہ نورالحسین ہاشم پاشاہ نقشبندی چشتی قادری اور مولانا مولوی عبدالمالک ربانی صدر تنظیم اہل سنت وجماعت (چینائی) مہمانان اعزازی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ مقامی علمائے کرام مفتی محمد صلاح الدین نظامی اور مفتی محمد ذاکر حسین نورفناء القادری المصباحی (بریلی شریف) کے بھی خطابات ہوں گے۔ مولانا حافظ سید وسیم الدین احمد اسدی قادری شمیمی صدر استقبالیہ ہوں گے۔

جامع مسجد مشیرآباد

محمد نذیر علی متولی جامع مسجد کے بموجب جامع مسجد مشیرآباد میں 18 فروری ہفتہ کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9 بجے) جلسہ بعنوان ''تذکرہ معراج مصطفیؐ'' و مجلس ذکر وسلوک مقرر ہے۔ حافظ وقاری شاہ محمد عبدالمقتدر قریشی چشتی صابری کا خطاب ہوگا۔ خواتین کے لئے پردہ کا نظم رہے گا۔

●● جامع مسجد مدینہ، رائل کالونی، بالاپور چوراہا پر ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مفتی محمد فہد صاحب کی قرأت اور مولانا غیاث پاشاہ قادری اشرفی فضائل شب معراج پر بیان کریں گے۔

●● مسجد حسینی پہاڑ، محمدی لائن سکنڈ لانسرز میں جلسہ معراج النبیؐ منایا جارہا ہے۔ مولانا مفتی ڈاکٹر صوفی سید شاہ محمد عبدالمستجب قادری ودیگر علماء کرام کے خطابات ہوں گے۔

●● مسجد حاجی کمال متصل سالار جنگ پل، دارالشفاء میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا حافظ سید یونس علی کا بیان ہوگا۔

●● جامع مسجد افضل گنج میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا سید شاہ انعام الحق قادری نقشبندی فضائل شب معراج بیان کریں گے۔

●● المدینہ جامع مسجد، محمود گوڑہ، سکندرآباد میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:30 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ جناب محمد مجیب خان صدارت، محمد شکیل خان و محمد عبدالکریم نگرانی کریں گے۔ مہمان مقرر مولانا سید شاہ انعام الحق قادری، مولانا محمد ریاض الدین رضوی کی تقاریر ہوں گے۔

●● مسجد باؤلی زیباباغ، آصف نگر میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا محمد الیاس احمد کا خطاب ہوگا۔ حافظ محمد عبدالمبین قرأت کلام پاک پیش کریں گے۔

●● جامع مسجد وعیدگاہ چلکل گوڑہ سکندرآباد میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ حافظ م حمد شاکر الدین قرأت کلام پاک اور محمد معراج احمد نعت شریف پیش کریں گے۔ ڈاکٹر مولانا حافظ سید رضوان پاشاہ قادری، مولانا ڈاکٹر سہیل احمد قادری، مولانا سید خالد قادری صحافی کی تقاریر ہوں گی۔ عامۃ المسلمین سے شرکت کی خواہش کی گئی ہے۔

●● بارگاہ یوسفین نامپلی میں 18 فروری بعد نماز عشاء سدرۃ المنتہیٰ کانفرنس زیر سرپرستی مولانا سید قبول پاشاہ شطاری قادری جانشین حضرت کا عمل زیر نگرانی محمد عبدالحمید رحمانی چشتی صدر کل ہند تنظیم اصلاح معاشرہ مقرر ہے۔ مولانا سید حبیب شاہ قادری امام درگاہ یوسفین کی قرات ہوگی۔ مولانا حافظ محمد سید حبیب شاہ قادری مہمان خصوصی جناب محمد مسیح اللہ خان صدر نشین تلنگانہ واقف بورڈ، مولانا سید احمد الحسینی سید قادری، مولانا حافظ مظفر حسین خان بندہ نوازی، مولانا خواجہ شجاع الدین افتخاری حقانی پاشاہ، مولانا صوفی ارشد ابوالعلائی، مولانا یوسف صوفی افتخاری، مولانا مفتی ظہیر الدین نظامی، مولانا فاروق عزیز باسط نظامی، مولانا حافظ عبدالصمد نظامی، مولانا قاضی عظمت اللہ جعفری، مولوی انور شتاری، مرزا رحمت بیگ قادری انچارج راجندر نگر ایم ای ایم، محمد ظفر کارپوریٹر ملے پلی شرکت کریں گے۔

●● جامع مسجد باب السلام مغل پورہ میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا شجاع الدین افتخاری حقانی پاشاہ سجادہ نشین حضرت گنج انوار کا خطاب ہوگا۔ قرأت کلام پاک ونعت شریف ہوگی۔

●● مسجد غوث الثقلین وٹے پلی، پردہ گیٹ میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:15 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ حافظ محمد عادل شریف قادری سرپرستی، مولانا محمد شاہد مہتاب مدنی عطاری صدارت کریں گے۔

●● جامع مسجد تعلیم عملہ پورہ کاروان میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 8:30 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا محمد نوراللہ خان کا خطاب ہوگا۔

●● مسجد حضرت صوفی ریاضت علیؒ واقعی وادی مصطفیٰ، چشتی نگر میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مدرسہ ریاضت کے طلبہ یٰسین شریف پڑھیں گے۔ مولانا صوفی ہارون چشتی ابوالعلائی کا خطاب ہوگا۔ بعد سلام دعا کے ساتھ محفل کا اختتام ہوگا۔

ہریانہ قتل کے مجرمین کو بی جے پی اور آر ایس ایس کی مدد

(بسلسلہ صفحہ اول)

یہ گیانگ ہر ہفتہ کسی نہ کسی کا سر پکڑے ہوئے، کسی کو مارتے ہوئے ویڈیوز اپ لوڈ کرتے ہیں لیکن ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جاتی اور انہیں گرفتار نہیں کیا جاتا۔ یہ ایک منظم گیانگ ہے۔ یوٹیوب پر اس کا سلور بٹن ہے۔ یوٹیوب کی پالیسی کے خلاف وہ تشدد دکھا کر پیسے کمار ہا ہے۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ انہوں نے اپنی پارلیمنٹ کی حالیہ تقریر میں یہ کہا تھا کہ کوئی مہینہ ایسا نہیں جاتا کہ جہاں مسلمانوں کو دھمکیاں، مارپیٹ اور جان لینے کے واقعات پیش نہیں آتے۔ ہریانہ کے مانیسر سے راجستھان 150 کلومیٹر دور ہے۔ جنید اور ناصر کے رشتہ داروں نے راجستھان پولیس میں شکایت درج کروائی لیکن راجستھان پولیس نے لاپرواہی کا مظاہرہ کیا جس کی وجہ سے انہوں نے ہریانہ لے جاکر ان کا قتل کردیا۔ بیرسٹر اویسی نے بتایا کہ ناصر کے رشتہ داروں نے اپنی شکایت میں کہا ہے کہ دونوں نوجوانوں کو راجستھان سے اغواء کرکے ہریانہ لے جایا گیا اور ہریانہ پولیس کے حوالے کرنے کی کوشش کی گئی لیکن پولیس نے انہیں اس لئے نہیں لیا کہ ان کی حالت خراب تھی، ان کی موت ہوجانے کے ڈر سے پولیس نے واپس کردیا۔ اس کے بعد ان درندوں نے دونوں نوجوانوں کو لے جاکر ان کے جسموں کو جلادیا اور بولیرو گاڑی کو بھی جلادیا۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ ہریانہ کے فیروز پور میں یہ لوگ کھلے طور پر جبری وصولی کرتے ہیں۔ سال گذشتہ رمضان میں اس گیانگ نے شیخ پورہ میں پولیس کے ساتھ گھس کر لوگوں کو پکڑا۔ بیرسٹر اویسی نے سوال کیا کہ کیا بی جے پی کی پالیسی بن چکی ہے کہ مسلمانوں کو اس طرح مارا جائے؟ کیا یہی بی جے پی کی پسماندہ مسلمانوں سے محبت ہے؟ صدر مجلس نے کہا کہ جنید اور ناصر کے اغواء، قتل اور نذر آتش کردینے کے واقعہ پر وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امیت شاہ اور آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت کچھ بولیں گے یا نہیں؟ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ جب تک حکومتیں اس طرح کے عناصر کا تحفظ کریں گی متاثرین کو کوئی انصاف نہیں ملے گا۔ ان لوگوں کی ہمت اور طاقت بڑھ چکی ہے۔ انہیں قانون کا ڈر نہیں رہا۔ صدر مجلس نے کہا کہ سماج میں کون انتہا پسند ہوگیا ہے، بی جے پی کو دیکھنا پڑے گا۔ بی جے پی حکومتوں کی جانب سے انتہا پسندی کے نام پر بڑی کانفرنسیں کی جاتی ہیں اور علماء کو بھی بلایا جاتا ہے لیکن انتہا پسند کون ہورہا ہے؟ اس کا کون جائزہ لے گا۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ معین پر گولی چلانے کے خلاف جو ایف آئی آر درج کیا گیا اس میں مونو کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ اس وجہ سے اس نے یہ انسانیت سوز حرکت انجام دی ہے۔ بی جے پی نے ایسے لوگوں کی تائید کرکے انہیں انتہا پسند بنادیا ہے۔ کل ایسے لوگ خود بی جے پی پر پلٹ جائیں گے۔ حکومتوں کی دستوری ذمہ داری ہے کہ اس طرح کے لوگوں کو روکیں۔

●● مدینہ مسجد، بانو نگر مادنا پیٹ میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ جناب حسن شہید، مولانا اقبال احمد انجینئر، سید اسماعیل الدین مجاہد، مولانا محمد عبدالمتین الدین قادری، مولوی حافظ فیاض الحسن کی تقاریر ہوں گی۔ ●● مسجد قادر الدولہ اندرون کوٹلہ عالیجاہ، چیونٹی شاہ میدان یاقوت پورہ میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ جلسہ سے مہمان مقرر مولانا مفتی سید مقبول احمد قادری کا خطاب ہوگا۔ قاری سید تجمل نقشبندی قرأت کلام پاک اور قاری محمد شہباز نقشبندی قادری نعت شریف پیش کریں گے۔

NOTICE
IN THE COURT OF XXVI ADDITIONAL CHIEF JUDGE : CITY CIVIL COURT: AT HYDERABAD
O.S.No.331 OF 2010

BETWEEN
Mohd. Ahmed .....Plaintiff
AND
Smt. Ameena Begam And Others .....Defendants

To
1. **Shameem Sultana,** D/o. Late Mohd. Yousuf Shareef, Age About: 55 Years, Occ: Household
2. **Naseem Sultana,** D/o. Late Mohd. Yousuf Shareef, Age About: 49 Years, Occ: Household
3. **Samreen Fatima,** D/o. Late Mohd. Zakir Shareef, Age About: 20 Years, Occ: Student
4. **Maheen Fatima,** d/o. Late mohd. Yousuf shareef, Age About: 17 Years, Minor Under Guardianship Of Her Real Paternal Uncle Mohd. Anwar Shareef S/O. Late mohd. Yousuf shareef Age About: 59 Years Occ: Business

Respondent No.6 to 9 / Proposed Defendant No.6 to 9.

Whereas the above named Plaintiff, has filed suit against the Defendants. Whereas the Hon'ble Court has ordered substitution of summons through paper publication. Therefore please take notice that, the above suit is posted for your appearance to **23.02.2023,** and you are directed to appear before the said court on **23.02.2023** at **10.30 A.M.** either personally or through an Advocate, failing which the suit will be decided according to law.

(By order of the Court)
B.DHANANJAYA, Advocate

IN THE COURT OF THE HON'BLE I SENIOR CIVIL JUDGE, CITY CIVIL COURT, AT: HYDERABAD.
E.A. NO. 25 OF 2023
IN
E.A. NO. 309 OF 2022
IN
IN E.P. NO. 70 OF 2003

BETWEEN:
AURORA EDUCATIONAL SOCIETY ... PETITIONER/ PROPOSED IMPLEADED PARTY
AND
Syed Azam, died by LRs & 21 others ... RESPONDENTS/ PETITIONERS.

To,
1. Mohd Akramuddin Khan, S/o. Late Nawab Mohd. Ameenuddin Khan, aged about 60 years, R/o. Dewdi Khursheed jah, Hyderabad.
2. Ameerunisa Begum, W/o. Late Ameenuddin Khan, aged about 59 years, R/o. Masab Tank, Hyderabad.
3. Mohd. Najamuddin Khan, S/o. Mohd. Karimuddin Khan, aged about 30 years, minor U/C Mohd. Allauddin Khan.
4. Mohd. Siddiquiddin Khan, S/o. Mohd. Karimuddin Khan, aged about 22 years.
5. Norunnisa Begum, S/o. Late Mohd. Karimuddin Khan, aged about 40 years.
6. Fazeelathunissa Begum, D/o. Mohd. Karimuddin Khan, aged about years.
7. Sadathunissa Begum, D/o. Mohd. Karimuddin Khan, aged about 40 years, (minor under guardian of her brother Mohd. Allauddin Khan).
8. Smt. Arifunnisa Begum, (Died as per LR's) W/o.Late Allauddin Begum.
9. Mohiuddin Khan, S/o. Late Allauddin Khan, aged about 34 years.
10. Minhajunnisa Begum, S/o. Late Allauddin Khan, aged about 30 years, rep. by mother Smt. Arifunnisa Begum

...RESPONDENTS No. 8,16,19 to 26

Take Notice that the petitioner in the above case have filed the E.A. No. 25 of 2023 in the E.A. No. 309 of 2022 in E.P. No. 70 of 2003 pending before the Hon ble I Senior Civil Judge Court, City Civil Courts At: Hyderabad.
You Respondents No's: 8,16,19 to 26 in the above case are hereby informed to appear before the court of the Hon ble I Senior Civil Judge, City Civil Court, At: Hyderabad on 3-03-2023 at 10:30 A.M, either in person or through your counsel. Failing which the matter will be decided on merits.

(By order of the Hon'ble Court)
C.V. NARAYAN RAO
D. VIDYA SAGAR
ADVOCATE
Flat No. 303, 4th floor, No. 3-4-543 & 544, Lakshmi Nilayam, Narayanguda, Hyderabad-500029. Ph: 9848996007, 9885413145.

اعتماد
ETEMAAD URDU DAILY, Hyderabad
ایڈیٹرانچیف: برہان الدین اویسی
فون:040-24802820 فیاکس:040-24802821
ای میل: etemaad55@gmail.com
ہفتہ ۱۸ فروری ۲۰۲۳ء م/ ۲۶ رجب المرجب ۱۴۴۴ھ

ذرا دیکھ اس کو جو کچھ ہو رہا ہے، ہونے والا ہے
دھرا کیا ہے بھلا عہدِ کہن کی داستانوں میں

ایرانڈیا کا طیارے خریدنے کا فیصلہ کیا سیاسی ہے؟

ہوائی جہازکی تاریخ کی سب سے بڑی خریداری میں ملک کی ایئر لائنز کمپنی ایئر انڈیا نے 470 نئے ہوائی جہاز خریدنے کا فیصلہ کیا ہے جسے ہندوستان کی ہوابازی صنعت کے لیے اسے ایک اہم فیصلہ کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔اس سودے کے تحت 250 طیارے یورپی کمپنی ایئربس بنائے گی اور 220 امریکی کمپنی بوئنگ بنائے گی۔اس خریدی کے لئے بات چیت میں وزیراعظم مودی بھی شریک تھے جنھوں نے امریکہ کے صدر جو بائیڈن اور فرانس کے صدر ایمانویل میکرون سے بات چیت کی۔ ہنڈن برگ کے ذریعہ اڈانی کمپنیوں کے معاملات کا افشاء اور بی بی سی کے ساتھ جاری تنازعہ کے پس منظر میں اس ڈیل کو ایک سیاسی معالمت قرار دیا جا رہا ہے۔اس کے علاوہ رافیل معالمت کے بعد ہندوستان کی جانب سے بیرون ملک یہ اب تک کی سب سے بڑی سودے بازی ہے جو 80 ارب ڈالرس پر مشتمل ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ اس سے معاشی بحران سے دوچار مغربی ممالک میں روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔ مودی ایک طرح سے ان ملکوں کے لئے اس سودے کے ذریعہ راحت کا سامان کر رہے ہیں ۔چونکہ 2024 کے عام انتخابات سے قبل اتنا بڑا سودا ہو رہا ہے اس لئے اپوزیشن پارٹیاں اس پر کافی سوال اٹھا رہی ہیں۔نقصان اور دیوالیہ کا شکار انڈین ایرلائنس جس کو خریدنے کے لئے کوئی کمپنی آگے نہیں آئی تھی آخر کار ٹاٹا گروپ کو خریدنا پڑا جو اس ایرلائنس کے بانی ہے۔تقریباً دو سال قبل ٹاٹا کمپنی نے ایئر انڈیا کو حکومت سے خریدا تھا۔ یہ ایئر لائن اس وقت تک خستہ حال تھی۔ایئر انڈیا کے چیئرمین این چندر شیکرن نے کہا کہ ایئر لائن کی کوشش تھی کہ یہ 'عالمی معیار' اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ یورپ کی ایئربس اور امریکہ میں قائم بوئنگ کے آرڈرز ایئر لائن کے بیڑے کو جدید بنائیں گے اور اسے اپنے نیٹ ورک کو ڈرامائی طور پر بڑھانے میں مدد کریں گے۔کمپنی نے اپنے بیشتر پرانے ہوائی جہازوں کو ریٹائر کر دیا ہے اور اپنے پرانے بیڑے کو جدید بنانے کے لیے پانچ سالہ منصوبہ شروع کر دیا ہے۔ پہلا نیا طیارہ اس سال کے آخر میں سروس میں استعمال میں آئے گا۔

ہوابازی صنعت کے تجزیہ کاروں اور ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ آرڈر کمپنی کے پرانے حالات کو تبدیل کر سکتے ہیں لیکن یہ ایئر لائن، جس نے آخری بار تقریباً 20 سال قبل طیاروں کی خریداری کی تھی، خود کو جدید بنانے کے متعدد چیلنجس کا سامنا کرنا پڑے گا جن میں ان طیاروں کے لئے مناسب سافٹ ویئر، انکی دیکھ بھال اور ان کا نظام شامل ہے۔مارٹن کا کہنا ہے کہ 'اگر وہ کامیاب ہو جاتے ہیں تو وہ کئی برسوں کے بعد ایک بار پھر ایرانڈیا کی انفرادیت کو دنیا میں آگے لے جائیں گے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اس نئے آرڈر کا سائز ہندوستان کی پر ہجوم ہوابازی صنعت میں اپنے مقام کو دوبارہ حاصل کرنے اور دنیا بھر میں پھیلنے اور برتری حاصل کرنے ایر لائنس کی خواہش کی نشاندہی کرتا ہے۔ 350 ایئربس جیسے طیارے ایئر انڈیا کو براہ راست امریکہ اور آسٹریلیا جیسے بازاروں میں داخل ہونے کا موقع فراہم کرے گا اور یہ ان مقامات اور انڈیا کے درمیان نان اسٹاپ پروازوں کے ذریعے بیرون ملک مقیم ہندوستانیوں کے لیے منافع بخش ثابت ہوگا۔ ہندوستانی مسافر فی الحال یورپ، امریکہ اور دنیا کے دیگر حصوں سے بیرون ملک رابطوں کے لیے ایمریٹس، قطر ایئرویز، اتحاد اور مشرق وسطیٰ کی دیگر ایئر لائنز پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ ماہرین کا خیال ہے کہ ایئر انڈیا کے ان نئے بیڑے کے سروس میں آنے سے اس میں تبدیلی آئے گی۔انہوں نے کہا ہے کہ یہ خلیجی کیریئرز کے غلبے کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک بڑے گیم پلان کی طرح لگتا ہے۔

ائیر انڈیا کی بنیاد ٹاٹا نے رکھی تھی۔1950 کی دہائی میں حکومت نے اسے قومی کردیا لیکن اس سے پہلے تک ایئر انڈیا کو سروس کے لیے عالمی معیار کا حامل سمجھا جاتا تھا۔حالانکہ برسوں سے صارفوں کی شکایت رہی ہے کہ ایئر انڈیا کے کیبن خراب ہیں، تفریحی نظام غیر فعال ہیں اور چارجنگ پوائنٹس ٹوٹے ہیں۔ نئے طیاروں سے صارفین کو 'اپ گریڈیڈ تجربہ' ملے گا لیکن ایئر لائیز کے لئے انسانی وسائل اور تربیت یافتہ ملازمین کی کمی ابھی بھی ایک مسئلہ ہے۔ملک کی ہوابازی مارکیٹ میں کورونا وبائی مرض کے بعد تیزی سے بحالی ہوئی ہے۔سرکاری اعداد وشمار کے مطابق ملک کی ڈومیسٹک ٹریفک میں سال بہ سال 48.9 فیصد اضافہ ہوا ہے۔تازہ ترین اعداد وشمار سے پتہ چلتا ہے کہ دسمبر 2022 میں 122 ملین سے زیادہ ہندوستانیوں نے ہوائی سفر کیا ہے۔سینٹر فار ایشیا پیسیفک ایوی ایشن انڈیا (سی اے پی اے انڈیا) کے تخمینے کے مطابق اگلے دو برسوں میں ڈومیسٹک کیریئرز 1,500 تا 1,700 نئے طیاروں کے لئے آرڈر دیں گے جو کہ یہ توقع ہے کہ عالمی ہوابازی کی صنعت میں اضافے میں ایک اہم کردار ادا کریں گے۔اس اعلان کا ملک میں بڑے جوش وخروش کے ساتھ خیر مقدم کیا گیا ہے۔لوگوں نے یہ امید ظاہر کی کہ اس سے اس ایئر لائن کی سروس اور عام طور پر اس صنعت کے معیار میں بہتری آئے گی۔امریکہ اور برطانیہ کی حکومتوں نے کہا کہ اس معاہدے سے ان کے ملک میں لاکھوں لوگوں کو ملازمتیں ملیں گی۔ بہت سے صارفین نے نشاندہی کی ہے کہ اب انڈیا امریکہ اور برطانیہ جیسے ترقی یافتہ ممالک کو ملازمتیں فراہم کر رہا ہے۔اس موضوع پر بحث کرتے ہوئے اپوزیشن کا کہنا ہے کہ ملک میں بیروزگاری کی شرح 45 سالوں میں سب سے زیادہ ہے، جو بڑھ کر 8.3 فیصد تک پہنچ گئی ہے لیکن کم از کم امریکی اور برطانوی لوگ بے روزگار نہیں ہوں گے۔

سونے اور چاندی کی قیمت میں گراوٹ

نئی دہلی۔17 فروری (پی ٹی آئی) ملک بھر میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں گزشتہ دن کی قیمتوں میں گراوٹ آئی۔ ایچ ڈی ایف سی سکیوریٹیز کے بموجب جمعہ کو سونے کی قیمت میں 285 روپے اور چاندی کی قیمت میں 620 روپے کی کمی آئی۔اس کمی کے ساتھ دارالحکومت دہلی میں 10 گرام سونا 56,950 روپے میں اور ایک کیلو چاندی 65,005 روپے میں فروخت ہوئی۔

ڈالر کی قدر 82.84 روپے ہوگئی

ممبئی۔17 فروری (پی ٹی آئی) زرمبادلہ کے بازاروں میں ڈالر کے مقابل ہندوستانی کرنسی روپیہ کی قدر میں 14 پیسے گراوٹ آئی جس کی وجہ سے جمعہ کو ایک ڈالر کی قدر 82.84 روپے ہوگئی۔ جمعہ کو بین بینکی زرمبادلہ کے بازار کی کشادگی 82.77 روپے فی ڈالر سے ہوئی۔ دن بھر بازاروں میں اتار چڑھاؤ کے دوران ڈالر کی اقل ترین قدر 82.85 تک پہنچی تاہم بازار بند ہونے تک یہ قدر 82.84 روپے فی ڈالر پر مستحکم ہوئی۔

ممبئی حصص بازار کے حساس اشاریہ میں نصف فیصد کی گراوٹ

ممبئی۔17 فروری (پی ٹی آئی) عالمی سطح پر حصص بازاروں کے کمزور رجحان کے دوران ملک کے اسٹاک ایکسچینج بی ایس ای اور نفٹی میں جمعہ کو نصف فیصد کی گراوٹ ریکارڈ کی گئی۔ یہ صورتحال آئی ٹی اور بینکنگ شعبہ کے حصص کی قدر میں گراوٹ سے پیش آئی۔ بی ایس سی کا حساس اشاریہ 0.52 فیصد یا 316.94 نشانات گر کر 61,002.57 تک آ گیا۔جبکہ نیشنل اسٹاک ایکسچینج نفٹی 91.65 نشانات کی گراوٹ کے ساتھ 17,944.20 نشانات تک محدود ہوگیا۔اسی طرح بی ایس ای مڈکیپ 0.75 فیصد گر کر 24,685.27 پوائنٹس اور اسمال کیپ 0.24 فیصد گر کر 28,046.40 پوائنٹس پر آ گیا۔اس دوران بی ایس ای پر کل 3590 کمپنیوں کی شیئروں کا کاروبار ہوا جن میں سے 1945 میں کمی جبکہ 1503 میں اضافہ رہا اور 142 میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔اسی طرح' این ایس ای میں 33 کمپنیوں میں فروخت ہوئی جبکہ باقی 17 میں خریدی ہوئی۔

سرمایہ کار جارج سوروس کے ریمارک پر بی جے پی چراغ پا

ہندوستان کا جمہوری نظام نشانہ پر۔متحدہ طور پر مقابلہ کرنے تمام سے سمرتی ایرانی کی اپیل

نئی دہلی۔17 فروری (پی ٹی آئی/یو این آئی) بی جے پی نے جمعہ کو بلینر سرمایہ کار جارج سوروس پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ جارج سوروس نہ صرف وزیراعظم مودی کو بلکہ ہندوستانی جمہوریت کو بھی نشانہ بنا رہا ہے۔بی جے پی لیڈر اور مرکزی وزیر سمرتی ایرانی نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ جنگ ہندوستان پر مسلط کی گئی ہے۔ یہ جنگ ہندوستان کے مفادات اور مودی کے خلاف ہے۔ایرانی نے الزام عائد کیا کہ جارج سوروس ہندوستانی جمہوریت کو تباہ کرنا اور چند منتخب افراد کے ذریعہ ہندوستان کی حکومت چلانا چاہتے ہیں۔سمرتی ایرانی نے کہا کہ ہم نے ماضی میں بھی بیرونی طاقتوں کو شکست دی تھی اور دوبارہ اب بھی انہیں شکست دیں گے۔ جارج سوروس ایک ایسی نرم ونازک حکومت چاہتے ہیں جو ان کے نفرت انگیز منصوبہ کو کامیاب کرسکے۔انہوں نے امریکی سرمایہ کار جارج سوروس پر راست حملہ کرتے ہوئے کہا کہ جس شخص نے بینک آف انگلینڈ کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا اور جسے معاشی مجرم قرار دیا گیا ہو وہ ہندوستان میں جمہوریت کو تباہ کرنے کی اپنی خواہش کا اظہار کر رہا ہے۔بی بی سی کی ایک متنازعہ دستاویزی فلم اور امریکی فرم ہنڈن برگ ریسرچ کی ہندوستان کی بنیادی ڈھانچے کی صنعتوں میں کام کرنے والے اڈانی گروپ کے خلاف منفی رپورٹ پر پھیلے تنازعہ کے درمیان سمرتی ایرانی نے کہا کہ جارج سوروس کا یہ کہنا کہ وہ ہندوستان میں مودی کو جھکا دیں گے' ہندوستانی جمہوری طریقے سے منتخب کی گئی حکومت کو تباہ کردیں گے' اس کا منہ توڑ جواب ہر ہندوستانی کو دینا چاہیے۔سمرتی ایرانی نے کہا کہ سوروس نے اعلان کیا ہے کہ وہ وزیر اعظم مودی کو اپنے وار کا مرکزی نقطہ بنائیں گے ۔ انہوں نے اعلان کیا ہے کہ وہ اپنی غیر ملکی طاقت کے تحت ہندوستان میں ایسا نظام بنائیں گے جو ہندوستان کا نہیں بلکہ ان کے مفادات کا تحفظ کرے گا۔انہوں نے کہا آج ہم جارج سوروس کو ایک آواز میں جواب دیں کہ جمہوری حالات میں جمہوری طور پر منتخب حکومت اور ہمارے وزیراعظم ایسے غلط ارادوں کے سامنے نہیں جھکیں گے۔ بی جے پی لیڈر نے کہا کہ ہم نے پہلے بھی غیر ملکی طاقتوں کو شکست دی ہے' مستقبل میں بھی شکست دیں گے۔ آج' ملک کے ایک شہری کے طور پر' میں ملک کے لوگوں سے یہ مطالبہ کرنا چاہتی ہوں کہ ایک غیر ملکی طاقت' جس کے مرکز میں جارج سوروس نامی شخص ہے' نے اعلان کیا ہے کہ وہ ہندوستان کے جمہوری ڈھانچے پر حملہ کریں گے ۔سوروس نے میونخ سیکورٹی کانفرنس سے پہلے ایک تقریر میں اڈانی معاملے پر ہنڈنبرگ ریسرچ رپورٹ سے شیئروں میں گراوٹ سے متعلق کہا ''مودی اس موضوع پر خاموش ہیں' لیکن انہیں غیر ملکی سرمایہ کاروں کے سوالات کا جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے اس متنازعہ تبصرہ میں کہا'' ''یہ کیس ہندوستان کی وفاقی حکومت پر مودی کی گرفت کو کمزور کردے گا اور اس سے اس طرح کی ادارہ جاتی اصلاحات کو آگے بڑھانے کا راستہ کھلے گا' جن کی بہت ضرورت ہے۔سوروس نے کہا'' شاید میں (اس بارے میں) کم عقل ہوں' لیکن میں ہندوستان میں جمہوری بحالی کی امید کرتا ہوں۔ایرانی نے کہا کہ سوروس چاہتے ہیں کہ ہندوستان میں ایسی حکومت بنے جو ان کے مذموم عزائم کو کامیاب بنانے میں مددگار ثابت ہو۔ انہوں نے کہا کہ سوروس کے اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے خاص طور پر مودی جیسے لیڈروں پر حملہ کرنے کے لئے ایک بلین ڈالر خرچ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ان کی یہ بات غور کرنے کے لائق ہے۔ بی جے پی لیڈر نے کہا کہ سوروس نے کئی ممالک کے خلاف شرط لگائی' ہندوستان کے جمہوری عمل کے بارے میں اپنی ناخوشگواری کا اظہار کیا۔

ایل پی جی کی درآمد کیلئے گنگاورم بندرگاہ کا استعمال

آئی او سی اور اڈانی گروپ میں معاہدہ پر کانگریس کا اعتراض

نئی دہلی ۔17 فروری (پی ٹی آئی) کانگریس نے جمعہ کو الزام عائد کیا کہ انڈین آئیل کارپوریشن (آئی او سی) نے مائع پٹرولیم گیاس (ایل پی جی) کو وشاکھاپٹنم کی سرکاری بندرگاہ سے درآمد کرتی رہی ہے لیکن اب آئی اوسی نے ایل پی جی کو اڈانی کی ملکیت والی گنگاورم بندرگاہ' سے برآمد کرنے کا ناپسندیدہ معاہدہ کیا ہے۔کانگریس نے یہ الزام آئی اوسی کی جانب سے ٹوئٹر پر اس معاہدہ کی وضاحت پر جاری کردہ بیان کے ایک دن بعد عائد کیا ہے۔ٹوئٹر پر ترنمول کانگریس کی مہوامترا نے اسکام کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا تھا کہ آئی اوسی نے بغیر کسی ٹنڈر جاری کئے اڈانی بندرگاہ ایل پی جی کو درآمد کرنے' اس کے خصوصی معاشی زونالیس ای زیڈ' کو استعمال کرنے کا معاہدہ کرلیا۔ تاہم آئی اوسی نے کہا کہ یہ لواور دو کا معاہدہ نہیں ہے۔معاہدہ میں آئی اوسی نے گنگاورم بندرگاہ اور اس کے سہولیات کو استعمال کر رہی ہے تاکہ کیس کو محفوظ رکھا جاسکے۔کانگریس کے قائد جے رام رمیش جو اڈانی معاملہ میں ہردن حکومت سے ایک سوال کر رہے ہیں' نے جمعہ کو حکومت سے آئی اوسی کی گنگاورم بندرگاہ معاملہ پر سوال کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ کھلا سامنے آ رہا ہے کہ وزیراعظم مودی نے اڈانی گروپ کے بندرگاہ تجارتی کو پھیلانے کے لیے ہر طرح مدد کرنے ہر طریقہ استعمال کیا ہے۔ چاہئے وہ بندرگاہ کو امدادی قیمت پر حوالہ کرنا ہو یا بندرگاہ کی سہولتوں کو حاصل کرنے بولی پر ٹیکس معاف کرنا ہو یا انکم ٹیکس دھاؤں کے ذریعہ دیگر تجارتی گروپ کو بندرگاہوں کے لیے بولی لگانے سے روکنا ہو یا بیش قیمت سرکاری اثاثوں کو اڈانی کو فروخت کرنا ہو' مودی نے ہر طرح سے اڈانی کی مدد کی ہے۔اسی دوران کانگریس کے ایک اور سینئر لیڈر اجے ماکن نے جمعہ کو وزیراعظم نریندر مودی سے استفسار کیا کہ آخر ہو اڈانی گروپ کے متنازعہ معاملات کی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی (جے پی سی) کے ذریعہ تحقیقات سے خوف زدہ کیوں ہیں۔انہوں نے کہا کہ اڈانی پر ملک کے اسٹرا ٹیجک شعبوں جیسے ایرپورٹس اور بندرگاہوں کی معاملات قومی سلامتی سے منسلک ہے۔ بی جے پی کی زیرقیادت مرکزی حکومت نے اپنے دوست دولت مند تجاروں کی اجارہ داری کے لیے کام کیا ہے۔

ہریانہ کو نفرت کی فیکٹری بنایا جارہا ہے

دو مسلم نوجوانوں کو زندہ جلانے کے واقعہ پر سرجے والا کا ردعمل

بھیوانی۔ 17 فروری (یواین آئی) کانگریس کے لیڈر رندیپ سرجے والا نے جمعہ کو الزام لگایا کہ ہریانہ کے بھیوانی میں راجستھان کے دو مسلم نوجوانوں کو زندہ جلانے کے معاملے میں ہریانہ کو اب نفرت کی فیکٹری میں تبدیل کیا جارہا ہے انہوں نے ٹویٹ کیا کہ ہریانہ کو اب' نفرت کی فیکٹری بنایا جارہا ہے۔ بجرنگ دل کے افراد کے ہاتھوں دو بھائیوں کے اغوا اور زندہ جلائے جانے کے دل دہلا دینے والے سانحہ نے ہندوستان کی روح کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ مونو ماںیسر کے خلاف پہلے بھی تشدد کے معاملات درج ہیں۔صاف ہے کہ یہ سب کچھ حکومت کی سرپرستی میں ہو رہا ہے ۔راجستھان کے بھرت پور ضلع کی پہاڑی تحصیل کے گھاٹمیکا گاؤں کے رہنے والے ناصر (25) اور جنید عرف جونا (35) کو چہارشنبہ کو مبینہ طور پر اغوا کرلیا گیا تھا اور جمعرات کی صبح بھیوانی کے لوہارو میں ان کی لاشوں کو جلا دیا گیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ انہیں ایک گاؤں والے نے جلی ہوئی گاڑی کی اطلاع دی تھی۔لوہارو (بھیوانی) کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس جگت سنگھ نے بتایا کہ پولیس موقع پر پہنچی اور کار میں دو جلی ہوئی لاشیں برآمد کیں۔ پولیس اس بات کی جانچ کر رہی ہے کہ گاڑی کو بھرت پور سے تقریباً 200 کلومیٹر دور لوہارو میں کیسے لایا گیا اور پھر آگ لگا دی۔ لواحقین نے الزام لگایا ہے کہ بجرنگ دل اور ہریانہ پولیس کی فیروز پور-جھرکا سی آئی اے نے ان دونوں کو قتل کیا ہے۔ بجرنگ دل اور پولیس دونوں نے خاندان کے الزامات سے انکار کیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ جنید کا مویشیوں کی اسمگلنگ کا پرانا مجرمانہ ریکارڈ تھا۔ اس کے خلاف مختلف تھانوں میں پانچ مقدمات درج ہیں۔ بھیوانی پولیس کے مطابق بھرت پور ضلع کے گوپال گڑھ تھانے کی ٹیم معاملے کی تحقیقات کرے گی۔ اغوا' قتل اور لاش کو ٹھکانے لگانے کے معاملے میں بھیوانی پولیس اور بھرت پور پولیس ایک دوسرے کے تعاون سے معاملے کی تحقیقات کریں گی۔ متوفی کے لواحقین سے ڈی این اے میچ ہونے کے بعد لاشوں کی شناخت کی جائے گی۔

ایرو انڈیا 2023 کے آخری دن بنگلور کے یلاہنکا ایئربیس میں سارنگ ہیلی کاپٹرس کرتب دکھاتے ہوئے۔

داراشکوہ لائبریری عنقریب عوام کے لیے کھول دی جائے گی

میوزیم ثقافتی مرکز میں تبدیل ہوگا۔ڈپٹی چیف منسٹر دہلی منیش سسودیا کا اعلان

نئی دہلی۔ 17 جنوری (یواین آئی) چیف منسٹر اروند کیجریوال کی قیادت میں دہلی حکومت قومی دارالحکومت میں مختلف تاریخی عمارتوں کو محفوظ کرنے کی سمت میں تیزی سے کام کر رہی ہے ۔ ہندوستان کی تاریخ کی ان خوبصورت یادگاروں میں سے ایک کشمیری گیٹ پر واقع داراشکوہ لائبریری ہے' جسے اب پارٹیشن میوزیم کہا جاتا ہے' اسے ثقافتی مرکز میں تبدیل کیا جارہا ہے۔دہلی کے نائب چیف منسٹر منیش سسودیا نے جمعہ کو یہاں کا دورہ کرکے موقع پر جاری کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے کہا دہلی کی تاریخی عمارتیں وقت کے ساتھ ساتھ ملک کی ترقی کی علامت ہیں۔ چیف منسٹر اروند کیجریوال کی قیادت میں دہلی حکومت نے ملک کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد کے لیے تاریخی عمارتوں کی بازآبادکاری اور بحالی کو ترجیح دی ہے ۔ سسودیا نے کہا کہ تقسیم ہند سے متعلق میوزیم قائم کرنے کے لیے داراشکوہ لائبریری کی عمارت سے بہتر کوئی جگہ نہیں ہوسکتی تھی۔ یہ 1947 کی تقسیم کی یاد میں ایک میوزیم ہوگا' جس نے دہلی کو بھی ڈرامائی طور پر تبدیل کردیا تھا اور اس کے بعد سی آر پارک' پنجابی باغ اور لاجپت نگر سمیت دارالحکومت میں کئی کالونیاں قائم ہوئیں۔ یہ ہندوستان میں تقسیم پر تعمیر ہونے والا دوسرا میوزیم ہے اور دہلی میں ایسا پہلا میوزیم ہے۔ خیال رہے کہ میوزیم میں ریل کے ڈبوں (جیسا کہ وہ آزادی کے وقت تھے)' قدیم حویلیاں اور پناہ گزین کیمپوں کی نقلیں بھی موجود ہیں۔ سیاحوں کو اس وقت کا تجربہ فراہم کرنے کے لیے' جن لوگوں نے تقسیم کا مقابلہ کیا' انھوں نے عجائب گھر کو کپڑے' پناہ گزین کیمپوں کی اشیاء' کتابیں' خطوط' برتن وغیرہ عطیہ کیے۔ مختلف اشیاء جیسے ٹرافیاں وغیرہ عطیہ کی ہیں۔ اس میں سندھ کے لیے مخصوص گیلری بھی ہوگی۔ میوزیم میں ورچوئل ریلٹی کے ذریعے ناظرین تقسیم سے متعلق پہلوؤں سے بھی واقفیت حاصل کرسکیں گے ۔ نائب چیف منسٹر نے کہا عام طور پر عجائب گھروں میں صرف تاریخی اہمیت کے لمحات ہی دکھائے جاتے ہیں' لیکن اس میوزیم میں ہم نے ایک گیلری آف ہوپ کا اضافہ کیا ہے' جس میں کئی دہائیوں کے بعد پاکستان میں اپنی قدیم جائیدادوں پر نظر ثانی کرنے والے لوگوں کی تصاویر اور ویڈیوز دکھائی جائیں گی جو اپنے آپ میں تقسیم کے تجربات کی عکاسی کرتی ہیں۔ یہ اشیا متاثرین کی طرف سے میوزیم کو عطیہ کی گئی ہیں۔ سسودیا نے بتایا کہ داراشکوہ لائبریری کی ثقافتی اور تاریخی اہمیت کو خراج تحسین پیش کرنے والے میوزیم کے ساتھ عمارت کو ایک کیوریٹڈ ثقافتی مرکز میں بھی تبدیل کیا جائے گا۔ اس میں شہر کے مختلف پہلوؤں اور اس سے وابستہ افراد پر مبنی بیانات اور نمائشیں لگائی جائیں گی۔

خاتون نے اپنا جگر دے کر شوہر کی جان بچائی

نئی دہلی۔17 فروری (پی ٹی آئی) دارالحکومت دہلی میں کے سری گنگا رام ہاسپٹل کے ڈاکٹرس نے ایک طویل آپریشن کے ذریعہ 29 سالہ بہاری شخص شیوا کے جگر کی تبدیلی کی۔شیوا جگر کے عارضہ میں مبتلاء تھا۔اس کا مرض دور کرنے کے لیے اس کے جگر کی تبدیلی کی ضرورت تھی۔جس کے لیے اس کی اہلیہ 21 سالہ پاروتی نے اپنا جگر کا عطیہ دے کر اپنے شوہر کو نئی زندگی فراہم کی۔ڈاکٹر نے بتایا کہ شیوا کا 12 گھنٹوں کا آپریشن جوکھم بھرا تھا۔کیونکہ اس کی اور جگر کا عطیہ دینے والی اس کی اہلیہ پاروتی کا خون کا گروپ ایک دوسرے سے مختلف تھا۔جگر کی تبدیلی کا آپریشن کرنے والے ڈاکٹرس کی ٹیم کے سربراہ ڈاکٹر نیامیش مہتا نے بتایا کہ مریض اور عطیہ دہندہ کے بلڈ گروپ کا نہ ملنا ہمارے لیے جوکھم بھرا تھا تاہم مختلف پیچیدہ طبی مراحل سے گزرتے ہوئے ایسی کوشش کی گئی کہ شیوا کا جسم پاروتی کے خون کو قبول کرسکے۔

ڈرونس کا ہمہ مقصدی استعمال کرنے ہماچل پردیش کا منصوبہ

شملہ۔17 فروری (پی ٹی آئی) ریاست ہماچل پردیش کی حکومت ریاست کی مختلف اسکیمات کو روبہ عمل لانے کے لیے عصری ڈرونس ٹکنالوجی کے زیادہ سے زیادہ استعمال کی خواہاں ہے۔ چیف منسٹر سکویندر سنگ سکو نے جمعہ کو بتایا کہ ریاستی حکومت ٹریفک انتظامات' پھنسے ہوئے کوہ پیاؤں' سیاحوں کو تلاش کرنے' انہیں مدد فراہم کرنے غیر قانونی کانکنی کو روکنے' اس پر نظر رکھنے اور جنگلات اور جنگلی حیات کی تحفظ پر نظر رکھنے کے لیے ڈرونس کے زیادہ سے زیادہ استعمال کا منصوبہ بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ مختلف سرکاری محکموں میں خدمات کی انجام دہی کے لیے عصری اور جدید ٹکنالوجی کے استعمال کیا جائے۔اس سے بڑے پیمانہ پر عوام کو فائدہ ہوگا اور ساتھ ہی ساتھ ٹکنالوجی صحت اور دیگر شعبوں میں اہم کردار ادا کرے گی۔ ڈرونس کے استعمال کو وسیع تر کرتے ہوئے زرعی شعبہ میں چھڑکاؤ کیا جاسکتا ہے۔

فلمی سائٹ 'نیٹ فلیکس' کے عالمی سربراہ ٹیڈ سارنڈوز نے جمعہ کو نئی دہلی میں مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات انوراگ ٹھاکر سے ملاقات کرتے ہوئے اپنی کمپنی کی کارکردگی کو پیش کیا۔

کشمیر میں برفانی تودا گرنے سے ایک شخص ہلاک

سری نگر'17 فروری (یواین آئی) سرحدی ضلع کپواڑہ کے مژھل سیکٹر میں جمعے کو برفانی تودا گر آیا جس کے نتیجے میں ایک شخص از جان جبکہ تین کو زندہ بچایا گیا۔سرکاری ذرائع نے بتایا کہ کپواڑہ کے مژھل علاقے میں جمعے کی سہ پہر کو چار افراد برفانی تودے کی زد میں آئے ۔انہوں نے بتایا کہ علاقے میں فوری طور پر ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا جس دوران چار افراد کو باہر نکال کر ہسپتال لے جایا گیا تاہم وہاں پر تعینات ڈاکٹروں نے نوجوان کو مردہ قرار دیا۔متوفی کی شناخت اعجاز احمد کے بطور ہوئی ہے۔

اڈانی گروپ کی توسیع کیلئے ہندوستانی معیشت تباہ کردی گئی

سابق مرکزی وزیر بھگت چرن داس کا مودی حکومت پر الزام

رائے پور۔17 فروری (یواین آئی) سابق مرکزی وزیر اور کانگریس کے سینئر لیڈر بھگت چرن داس نے مودی حکومت پر الزام لگایا ہے کہ اس نے ملک کی معیشت کو اڈانی گروپ کو بچانے میں برباد کردیا ہے۔ داس نے آج یہاں ریاستی کانگریس ہیڈکوارٹر میں منعقد ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ہنڈن برگ کی رپورٹ آنے اور اس کے بعد اڈانی گروپ کے حصص میں گراوٹ کے باوجود ہندوستان کی لائف انشورنس کارپوریشن (ایل آئی سی) کو اڈانی انٹرپرائزز میں 300 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کرنے پر مجبور کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کسی صنعتی گروپ کو اپنی محنت سے ترقی کرنے پر کیا اعتراض ہوسکتا ہے لیکن اگر عوام کی جمع پونجی کے ساتھ اڈانی گروپ دھوکہ دہی سے ترقی کرتا ہے تو کانگریس اس پر خاموش نہیں رہ سکتی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور ان کی حکومت چاہتی ہے کہ ہم ہنڈن برگ کی رپورٹ کو نظر انداز کریں جس کی وجہ سے ایک بہت بڑا فراڈ کا انکشاف ہوا ہے۔ایل آئی سی اور اسٹیٹ بینک آف انڈیا میں عام لوگوں کی محنت کی کمائی کا پیسہ جمع ہے ۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن میں رہتے ہوئے مودی کالے دھن پر بڑی بڑی باتیں کرتے تھے لیکن اب اس کام میں ان کے دوست کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہی تو وہ خاموش ہیں۔کانگریس کے سینئر لیڈر نے کہا کہ جب راہل گاندھی نے لوک سبھا میں اور پارٹی صدر کھڑگے نے راجیہ سبھا میں اڈانی کا معاملہ حقائق کے ساتھ اٹھایا تو مودی نے کوئی جواب نہیں دیا۔اس کے ساتھ ہی راہل جی اور کھڑگے جی کے اڈانی سے منسلک باتوں کو پارلیمنٹ کی کارروائی سے ہٹا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کیا یہی جمہوریت کا نظام ہے ۔انہوں نے مودی پر پارلیمانی تقاریر کے وقار کو مجروح کرنے کا بھی الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں کانگریس اور دیگر اپوزیشن جماعتوں نے اڈانی کیس کی تحقیقات کے لیے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی (جے پی سی) کے قیام کا مطالبہ کیا' لیکن اسے نظر انداز کر دیا گیا۔جبکہ ماضی میں ایسے معاملات میں جے پی سی بنانے کی روایت رہی ہے۔ مودی جی کیوں اڈانی کیس کی سچائی کو ملک کے لوگوں کے سامنے نہیں آنے دینا چاہتے ہیں۔ داس نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مودی حکومت بے روزگاری' مہنگائی جیسے عوام کی زندگی سے متعلقہ مسائل پر لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لئے ملک کو تقسیم کرنے والے مسئلوں کی طرف الجھا رہی ہے' جس سے اس کے خلاف غصے کو نسبتاً کم ظاہر کرتا ہے۔

ہندوستان، دوسرے ممالک کی مدد کرنے والی قوت بن گیا

آپریشن گنگا پر کتاب کا اجراء، تقریب میں انوراگ ٹھاکر کا خطاب

نئی دہلی۔ 17 فروری (یواین آئی) مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات انوراگ ٹھاکر نے جمعہ کو کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان اب بحران میں دوسرے ممالک کی طرف دیکھنے والا ملک نہیں رہا ہے' بلکہ یہ اب دوسرے ممالک کی مدد کرنے والی قوت بن گیا ہے۔ٹھاکر نے آج شام اپنی رہائش گاہ پر آپریشن گنگا (ایک پبلک سرونٹ کی ڈائری) کے عنوان سے ایک کتاب کا اجرا کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا' مودی کی قیادت میں ہندوستان کی عالمی صلاحیتوں نے متاثر کن طور پر ترقی کی ہے اور آج ہم دنیا سے مدد نہیں مانگتے بلکہ دوسرے ممالک بحران کے وقت ہماری طرف دیکھتے ہیں۔آپریشن گنگا نے دنیا کو ترنگے طاقت کا مظاہرہ کیا ہے۔ ہم نے آپریشن گنگا' کورونا کے دور اور افغانستان کے بحران میں وہاں پھنسے تمام ہندوستانیوں کو بغیر کسی خراش کے واپس لائے۔صرف ہندوستانیوں کی ہی نہیں ہم نے دوسرے ممالک کی بھی مدد کی۔ہم نے 18 ممالک کے 147 شہریوں کو بھی بچایا جو یوکرین میں پھنسے ہوئے تھے۔ٹھاکر نے کہا' آپریشن گنگا کے لئے 17 دنوں میں 90 سے زیادہ پروازوں کا انتظام کیا گیا تھا۔

انہدامی کارروائی کے دوران متاثرین اور ملازمین میں جھڑپ

جموں۔17 فروری (یو این آئی) جموں وکشمیر کے سرمائی دارالخلافہ جموں کے ریہاری کالونی میں میونسپل کارپوریشن کی ٹیم نے غیر قانونی تجاوزات پر بلڈوزر چلائے ۔اطلاعات کے مطابق جمعے کی صبح ریہاری کالونی جموں میں اچانک پولیس کی تعیناتی عمل میں لاکر میونسپل کارپوریشن کے ملازمین نے شاہراوں پر قبضہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی۔معلوم ہوا ہے کہ ریہاری کالونی جموں کو خوبصورت بنانے کی خاطر مقامی لوگوں نے رہائشی مکانوں کے باہر پیڑ پودے لگائے ہیں۔ میونسپل کارپوریشن جموں کے مطابق کالونی میں لگ بھگ سبھی لوگوں نے رہائشی مکانوں کے باہر تعمیرات کھڑی کی ہیں جنہیں جمعے کی صبح ہٹایا گیا۔ مقامی لوگوں اور پولیس کے درمیان ہاتھا پائی اور تلخ کلامی کے مناظر بھی دیکھنے کو ملے تاہم میونسپل کارپوریشن کے ملازمین نے غیر قانونی قبضوں کو منہدم کیا۔

اتراکھنڈ کے پنکی ٹاؤن میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا

میدینی نگر۔17 فروری (پی ٹی آئی) ریاست جھارکھنڈ میں دوگرہوں کے درمیان جھڑپ کے دو دن بعد جمعہ کو کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔ریاست کے ضلع پالاموکے پنکی ٹاؤن میں شیوراتری تہوار کے موقع پر گیٹ لگانے کے مسئلہ پر دوگرہوں میں جھڑپ ہوئی تھی۔ پولیس نے بتایا کہ اس واقعہ کے بعد تاحال کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا تاہم جمعہ کو بھی تمام اسکولس' دکانات اور دفاتر کو بند رکھا گیا۔ ضلع انتظامیہ نے دفعہ 144 کا سختی سے نفاذ عمل میں لایا ہے۔تاحال سابق مکھیہ پنکی ویسٹ پنچایت کے سابق مکھیہ کے بشمول 13 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔انہیں جمعہ کو جیل بھیج دیا گیا۔ پولیس ایک اور شخص کی تلاش کر رہی ہے جو اس واقعہ کا اصل سرغنہ سمجھا جارہا ہے۔ جمعہ کو مسجد کے کے روبرو سکیورٹی فورسس کے ذریعہ بھاری سخت بندوبست کیا گیا ہے۔مسجد میں نماز جمعہ کے لیے صرف 4 افراد کو ہی جانے کی اجازت دی گئی۔فورسس ڈرونس اور سی سی ٹی وی کے ذریعہ صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔

ماؤسٹوں نے پنچایت دفتر کو دھماکہ سے اڑا دیا

چائی باسا۔17 فروری (پی ٹی آئی) ریاست جھارکھنڈ میں ماؤسٹوں نے ایک پنچایت دفتر کی عمارت کو دھماکہ سے اڑا دیا۔ یہ واقعہ ضلع مغربی سنگ بھوم کے کڈمید ہادیہات میں پیش آیا۔ سپرنٹنڈنٹ ضلع پولیس اشوتوش شیکھر نے جمعہ کو بتایا کہ جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات کو ماؤسٹوں نے انتہائی دھماکو آلہ کو استعمال کرتے ہوئے دفتر کی عمارت کو تباہ کردیا۔ شیکھر نے بتایا کہ علاقہ میں ماؤسٹوں کے اعلیٰ قائدین بشمول ایک کروڑ روپے انعامی ماؤسٹ مسرا بیسری کی موجودگی اطلاع ملنے پر 11 جنوری کو کولہان علاقہ میں انسداد ماؤسٹ مہم چلائی جارہی ہے۔

دواساز کمپنی میں دھماکہ سے ایک ہلاک' دو زخمی

پال گھر۔17 فروری (پی ٹی آئی) ریاست مہاراشٹرا کی ایک فیکٹری میں دھماکہ کے ساتھ آگ لگنے سے ایک مزدور ہلاک ہوگیا جبکہ دیگر دو مزدور شدید زخمی ہوگئے۔ یہ دھماکہ ضلع پال گھر میں واقع ادویہ سازی کی کمپنی جمعہ کو پیش آیا۔ضلع کے چیف ڈیزاسٹر سیل کے سربراہ وویکانند کدم نے بتایا کہ کمپنی کے ری ایکٹر میں 10 بجے دن پیش آیا۔دھماکہ کے وقت وہاں 50 مزدور کام کر رہے تھے۔جن میں سے تین شدید زخمی ہوگئے۔جنہیں مقامی دواخانہ منتقل کیا گیا جہاں علاج کے دوران ایک مزدور جانبر نہ ہوسکا۔محکمہ آتشفر کے مقامی عملہ نے وہاں پہنچ کر بروقت آگ پر قابو پالیا جس سے مزید دھماکوں کو روکا جاسکا۔ دھماکہ کی وجوہات کا پتہ لگایا جارہا ہے۔

'اجنتا۔ایلورا' فیسٹول کا آغاز

اورنگ آباد۔17 فروری (یواین آئی) مہاراشٹر کے اورنگ آباد میں واقع 'ایلورا-اجنتا بین الاقوامی فیسٹیول 25 سے 27 فروری تک ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی (بی اے ایم یو) احاطے میں سونیری محل میں منعقد کیا جائے گا۔ یہ پروگرام تین دنوں تک چلے گا۔اس فیسٹیول میں فن' موسیقی' کا یگی' کتھک کا خوبصورت سنگم ہونے والا ہے۔اس فیسٹیول پر یہاں کے فنکار اپنے علاقائی فن سے روبرو کرانے کے لئے' پورب رنگ پروگرام کا بھی انعقاد کریں گے۔ یہاں سدھارتھ باغ میں ہفتے کی شام کو' جاگرہسٹری آف فوک آرٹ اینڈ کلچر تھیم کے تحت ڈاکٹر وشوناتھ دشرتھ کا اپشاستری گانا اور راہل کھڑے کا بھکتی گیت پیش کیا جائے گا۔ کلکٹر آستیک کمار پانڈے نے شہریوں سے ان پروگرام میں شامل ہونے کی اپیل کی' کیونکہ اس سرگرمی سے تہوار کا ماحول بنے گا اور مقامی فنکاروں کی صلاحیتوں کو موقع ملے گا۔

مسلم دنیا

ترکیہ، شام زلزلہ میں تقریباً 45 ہزار ہلاکتیں

اقوام متحدہ کی انقرہ کیلئے ایک ارب ڈالر امداد کی اپیل۔ حلب میں زلزلے سے تاریخی قلعہ کھنڈر میں تبدیل

نیویارک۔ 17۔ فروری (یو این آئی) ترکیہ اور شام میں 6 فروری کی صبح تباہ کن زلزلے سے ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 45 ہزار کے قریب پہنچ گئی، ترکیہ میں زلزلہ متاثرین کے لیے ٹیلی میراتھن نشریات میں مختلف ٹی وی چینلز نے چند گھنٹوں میں 6 ارب ڈالر سے زائد کی امداد جمع کر لی جبکہ۔ اقوام متحدہ نے بھی ترکیہ کیلئے ایک ارب ڈالر امداد کی اپیل کی ہے، غیر ملکی میڈیا کے مطابق اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ ایک ارب ڈالر سے ترکیہ کے 52 لاکھ افراد کو تین ماہ کیلئے انسانی امداد کی فراہمی ممکن ہوسکے گی۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوترلیس کا کہنا تھا کہ ضرورتیں بہت زیادہ ہیں اور لوگ تکلیف میں ہیں مزید وقت ضائع نہیں کیا جا سکتا، میں عالمی برادری سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ آگے بڑھے اور اس دور کی سب سے بڑی قدرتی آفات میں سے ایک کیلئے فنڈ فراہم کرے، اقوام متحدہ شام کے زلزلہ متاثرین کے لیے بھی تقریباً 40 کروڑ ڈالر امداد کی اپیل کر چکا ہے۔ دوسری جانب زلزلہ متاثرہ علاقوں میں ہزاروں امدادی کارکن سرد موسم کے باوجود ملبے میں زندگی کے آثار تلاش کر رہے ہیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ملبے میں زندہ بچ جانے والوں کے حوالے سے امیدیں دم توڑ رہی ہیں، اس سے قبل اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی کے سربراہ مارٹن گریفتھ نے خدشہ ظاہر کیا تھا کہ ترکیہ اور شام میں زلزلے سے ہلاکتوں کی تعداد 50 ہزار سے بڑھ سکتی ہیں۔ اقوام متحدہ کا کہنا تھا کہ ترکیہ اور شام میں کم از کم 9 لاکھ افراد کو فوری طور پر کھانے کی ضرورت ہے جبکہ صرف شام میں 5.3 ملین تک لوگ بے گھر ہوسکتے ہیں، ترکیہ اور شام میں 6 فروری کو آنیوالے 7 اعشاریہ 8 شدت کے زلزلے سے اموات کی مجموعی تعداد 42 ہزار تک پہنچ چکی ہے، زلزلے کے نتیجے میں ترکیہ اور شام میں بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان ہوا ہے جبکہ امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اسی دوران ترکیہ اور شام میں چند روز قبل قیامت خیز زلزلے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی تباہی کے مناظر میں شام کے شہر حلب میں واقع تاریخی قلعے کی بربادی بھی دیکھی جا سکتی ہے۔ جمعرات کے روز شام میں نوادرات اور عجائب گھروں کے جنرل ڈائریکٹوریٹ نے شام اور ترکیہ دونوں میں آنے والے شدید زلزلے کے نتیجے میں حلب کے قلعے کو پہنچنے والے نقصان کی تصاویر شائع کیں۔ جنرل ڈائریکٹوریٹ آف نوادرات اور عجائب گھر نے فیس بک پر ایک پوسٹ میں کہا کہ جدید ٹاور کے داخلی دروازے کو جو کہ قلعے کا مرکزی دروازہ ہےکو شدید نقصان پہنچا ہے۔ محراب کی چھت پوری زمین بوس ہوچکی ہے۔ داخلی دروازے کی بھاری پتھروں سے تعمیر کی گئی دیواریں گرچکی ہیں۔ قلعہ کے ٹاور کے دروازے گرچکے ہیں اور داخلی پل ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔ تباہی کے مناظر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ قلعے کی شمالی، مشرقی، جنوبی اور مغربی دفاعی دیواروں کے کچھ حصے گر گئے۔ اس کے علاوہ قلعے میں واقع ایوبی مسجد کے مینار کے اگلے حصے میں لمبی دراڑیں پڑ گئیں ہیں۔ پوسٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ ایوبی مسجد کے صحن کے اگلے حصے کے اوپری کارنیس کے ساتھ اندر سے کئی حصے اور مشرق سے مملوک ٹاور کے داخلی دروازے ٹوٹ چکے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حلب قلعے میں عثمانی بیرکوں کی جنوبی دیوار کے کچھ حصے گرنے کے ساتھ بیرکوں کی چھت کے کچھ حصے گرے ہوئے ہیں۔ پیر کے روز جنوبی ترکیہ اور شمالی شام میں آنے والے تباہ کن زلزلے نے دونوں ممالک میں کئی تاریخی قلعوں اور آثار قدیمہ کی عمارتوں کو نقصان پہنچایا ہے۔ خبر رساں ادارے رائیٹرز نے اطلاع دی ہے کہ زلزلے سے تاریخی گازی عنتاب سیٹاڈل کو نقصان پہنچا ہے اور اس کے کچھ حصے تباہ ہوگئے ہیں۔ شام میں نوادرات اور عجائب گھروں کے جنرل ڈائریکٹوریٹ نے تباہ کن زلزلے کے نتیجے میں حما میں قدیم عمارتوں کو شدید نقصان پہنچنے کا اعتراف کیا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ نے کہا کہ حلب کے پرانے شہر میں بہت سی نجی رہائشی عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ معلومات سے پتہ چلتا ہے کہ شہر کی تاریخی مساجد کے متعدد مینار گر گئے ہیں۔

ترکیہ میں 261 گھنٹے بعد بھی معجزاتی طور پر لوگوں کو بچایا جارہا ہے

انقرہ۔ 17۔ فروری (یو این آئی) 26 سالہ مہمت علی شاکر اولو اور 34 سالہ مصطفیٰ آوچی کو زلزلے کے 261 ویں گھنٹے میں انطاکیہ میں ایک عمارت کے ملبے سے زندہ بچالیا گیا ہے۔ 6 فروری کو قہرامان ماراش سمیت 11 صوبوں میں 7.7 اور 7.6 شدت کے زلزلے جسے صدی کی آفت قرار دیا گیا ہے کے بعد ریسکیو ٹیموں کی سرگرمیوں کے دائرہ کار میں معجزاتی طور پر لوگوں کو بچانے کی خبریں موصول ہورہی ہیں۔ 26 سالہ مہمت علی شاکر اولو اور 34 سالہ مصطفیٰ آوچی کو زلزلے کے 261 ویں گھنٹے میں انطاکیہ میں ایک عمارت کے ملبے سے زندہ بچالیا گیا ہے۔ 261 گھنٹے بعد زندہ نکالے جانے والے اس شخص کو دیکھ کر اہلِ خانہ نے خوشی کے آنسو بہائے۔ انطاکیہ میں ملبے تلے سے 14 سالہ سالہ عثمان حلبییہ کو زلزلے کے 260 ویں گھنٹے میں ایک عمارت کے ملبے سے زندہ بچالیا گیا۔ حلاب یہ حلابیہ کو ایمبولینس کے ذریعے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ قہرامان ماراش کے علاقے دُل قادر اولو میں ایک اپارٹمنٹ میں کام کرنے والی ٹیمیں زلزلے کے 248 ویں گھنٹے میں 17 سالہ الینا اولمیز تک رسائی حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔ ڈاکٹروں نے الینا کے زندہ رہنے کو طبی معجزہ قرار دیا ہے۔

وزیراعظم پاکستان کا ادیامان میں زلزلہ سے متاثرہ علاقہ کا دورہ

شہباز شریف کی صدر رجب طیب اردگان سے ملاقات۔ بہادر عوام، بحران پر قابو پالیں گے

انقرہ۔ 17۔ فروری (یو این آئی) ادیامان کے ہوائی اڈے پہنچنے پر وزیر ٹرانسپورٹ اور انفراسٹرکچر عادل قارا اسماعیل اولو اور وزیر تجارت مہمت مش نے خیر مقدم کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر پاکستان سے لائی گئی امداد کو ترک حکام کے حوالے کیا۔ 6 فروری کو ترکیہ میں آنے والے 7.7 اور 7.6 شدت کے زلزلوں جسے صدی کی آفت قرار دیا گیا ہے کے بعد پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف نے ادیامان کا دورہ کیا ہے۔ ادیامان کے ہوائی اڈے پہنچنے پر وزیر ٹرانسپورٹ اور انفراسٹرکچر عادل قارا اسماعیل اولو اور وزیر تجارت مہمت مش نے خیر مقدم کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر پاکستان سے لائی گئی امداد کو ترک حکام کے حوالے کیا۔ ادیامان پاکستانی سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے ان خاندان کے افراد سے ملاقات کی جنھیں پاکستان کی ریسکیو ٹیموں نے زندہ بچایا تھا۔ یہاں پر وزیراعظم شہباز شریف نے قارا اسماعیل اولو اور مہت مُش سے ترکیہ کے زلزلے سے متعلق بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہم ترکیہ کے ساتھ ایک خاندان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ اور پاکستان یک جان دو قالب اور ایک جیسی روح کے مالک ممالک ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان نے فوری طور پر موسم سرما کے خیمے، کمبل اور دیگر اشیائے ضروریہ کے علاوہ سرچ اینڈ ریسکیو اور میڈیکل ٹیمیں بھی بھیجی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے خود اپنے آنکھوں سے اس شہر کی تباہی دیکھی ہے، گھربار اور دفاتر سب تباہ ہوچکے ہیں۔ اس میں ذرہ بھر کوئی شک نہیں کہ میرے محترم برادر صدر رجب طیب اردگان اور ان کی حکومت اور بہادر ترک عوام دن رات کام کرتے ہوئے اس بحران پر قابو پالیں گے۔ بعد ازاں وزیراعظم شہباز شریف نے ہولناک زلزلے کے نتیجے میں ہزاروں قیمتی جانوں کے ضیاع اور بنیادی ڈھانچے کو ہونے والے شدید نقصان پر صدر اردگان اور ترک قوم سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی انقرہ پہنچنے پر صدارتی کمپلیکس میں صدر رجب طیب اردگان سے ملاقات کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ہولناک زلزلے کے نتیجے میں ہزاروں قیمتی جانوں کے ضیاع اور بنیادی ڈھانچے کو ہونے والے شدید نقصان پر صدر اردگان اور ترک قوم سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی عوام نے اپنے ترک بھائیوں اور بہنوں کی طرح درد اور کرب کو اپنے دل میں محسوس کیا۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ پاکستان کے عوام متاثرہ افراد کی بحالی تک اپنی ہر ممکنہ امداد کو جاری رکھیں گے۔ صدر اردگان نے تباہ کن زلزلے کے تناظر میں ترکیہ کے لیے پاکستان کی قاب @ قدر امداد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پرعزم ترک قوم اس قدرتی آفت سے پہلے سے زیادہ طاقت اور عزم کے ساتھ اپنے پاوں پر کھڑا ہونے میں کامیاب ہو جائے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف، ترکیہ میں آنے والے شدید زلزلے کے تناظر میں ترکیہ کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی اور حمایت کے اظہار کرنے کی غرض سے ترکیہ کے دورے پر تشریف لائے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف زلزلے سے متاثرہ علاقوں کا دورہ بھی کریں گے اور زمین پر موجود پاکستانی ریسکیو اور ریکوری ٹیموں سے بھی ملاقات کریں گے۔

حج 2023ء: 58 ممالک کے عازمین کیلئے آن لائن رجسٹریشن کی سہولت

جدہ۔ 17۔ فروری (یو این آئی) سعودی عرب نے اس سال 58 ممالک کے عازمینِ حج کے لیے آن لائن رجسٹریشن کی سہولت متعارف کرادی ہے۔ سعودی حکومت نے 2023ء کے موسمِ حج کے لیے 58 ممالک کے عازمین کی آمد کو آسان بنانے کے لیے ای پلیٹ فارم متعارف کرایا ہے۔ اس مقصد کے لیے سعودی وزارتِ حج وعمرہ نے ابتدائی کوششوں کے حصے کے طور پر براعظم یورپ، امریکا اور آسٹریلیا کے عازمین حج کے لیے hajj.nusuksa پلیٹ فارم کا آغاز کیا ہے۔ سعودی وزارت حج نے کہا ہے کہ نئی سروس ان ممالک کے عازمین کو درخواست دینے، سفری ٹکٹ بک کرانے اور ای پیمنٹ کے ساتھ ساتھ حج سے متعلق خدمات جیسے رہائش، کھانا، پروازیں، رہ نمائی اور نقل وحمل کے پیکج منتخب کرنے کے قابل بناتی ہے۔ اس پلیٹ فارم سے فرانس، جرمنی، امریکا، برطانیہ، اٹلی، برازیل، اسپین، کینیڈا، نیدرلینڈز بیلجیئم، آسٹریا، آسٹریلیا، بلغاریہ، ارجنٹائن، یونان، جارجیا، سوئٹزرلینڈ، قبرص، ڈنمارک، وینزویلا، یوکرین، ناروے، ٹرینی ڈاڈ اور ٹوباگو، فن لینڈ، کولمبیا، آئرلینڈ، رومانیہ، کروشیا، نیوزی لینڈ، سربیا، پرتگال، پولینڈ، ہنگری، پاناما، میکسیکو، چلی، پیرو، کیوبا، گوئٹے مالا، یوراگوئے اور نکاراگوا کے عازمینِ حج استفادہ کرسکیں گے۔ اس پورٹل میں میں سات زبانوں میں سہولت فراہم کی گئی ہے، جہاں سے خدمات کے حصول کے لیے سب سے پہلے امیدوار اپنا پروفائل بنائیں گے۔ اس میں اپنے بارے میں تمام مطلوبہ معلومات درج کریں گے، اس کے بعد عازمین حج مطلوبہ سہولتیں دریافت کرکے بکنگ کرا سکیں گے۔ اس کے لیے انھیں مطلوبہ دستاویزات اور کاغذات منسلک کرنا ہوں گے جب کہ پیکج کی رقم ویزا اور ماسٹر کارڈ، بینک منتقلی کے علاوہ عازمین حج کے ملکوں میں موجود خدمات مرکز کے ذریعے سداد سسٹم پر نقد بھی جمع کرائی جاسکے گی۔ سعودی حکومت کی جانب سے یہ اقدام عازمین حج کی آمد کے طریق کار کو آسان بنانے کے لیے ابتدائی کوششوں کے حصے کے طور پر کیا جارہا ہے۔ اس سے رواں سال عازمین حج کی بڑی تعداد کے مذہبی اور ثقافتی تجربے کو تقویت دینے کے لیے خدمات کا معیار بھی بلند ہوگا، جبکہ مملکت کے وژن 2030ء کے اہداف بھی حاصل ہوں گے۔

مسجد الحرام کے مضافات میں شجرکاری مہم کا آغاز

جدہ۔ 17۔ فروری (یو این آئی) سعودی عرب میں حرمین انتظامیہ نے متعدد سرکاری اداروں کے تعاون سے مسجد الحرام کے مضافات میں شجرکاری مہم کا آغاز کردیا۔ سعودی اخبار کے مطابق حرمین الشریفین انتظامیہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے گرین سعودی عرب انشیٹو کے تحت شجرکاری پروگرام کو تیزی سے آگے بڑھایا جارہا ہے۔ انتظامیہ نے کہا کہ مسجد الحرام میں شجرکاری پروگرام کے لیے متعدد ضوابط طے کیے گئے ہیں۔ پہلی کوشش یہ ہے کہ درخت اور پودے موزوں مقامات پر لگائے جائیں۔ دوسرا اس بات کا خیال رکھا جارہا ہے کہ ایسے درخت اور پودے لگائے جائیں جن کی جڑیں گہری نہ ہوں۔ تیسرا ضابطہ جس کی پابندی کی جارہی ہے وہ یہ ہے کہ درخت اور پودے عمرہ زائرین کی راہداریوں سے دور لگائے جائیں۔ حرمین انتظامیہ کا کہنا ہے کہ شجرکاری مہم کثیر المقاصد ہے۔ اس سے درجہ حرارت میں کمی واقع ہوگی، فضائی آلودگی کو کنٹرول کیا جائے گا جبکہ مسجد الحرام کے صحنوں میں اب وہوا خوشگوار ہوگی اور آکسیجن کی مقدار بڑھے گی۔

طالبان قیادت میں غیر معمولی اختلافات

کابل۔ 17۔ فروری (یو این آئی) ایسا لگتا ہے افغانستان میں اقتدار پر قابض طالبان قیادت کے درمیان تقسیم مزید واضح ہونے لگی ہے۔ عسکریت پسند تحریک کی صفوں کے اندر ایک غیر معمولی واقعہ میں وزیر داخلہ سراج الدین حقانی نے گروپ کے سپریم لیڈر اور اس کے الگ تھلگ اور نظر آنے والے رہنما ھبۃ اللہ اخونزادہ کی پردہ پوشی پر تنقید کی ہے۔ چند روز قبل اپنی ایک تقریر میں انہوں نے کہا کہ جب سے تحریک طالبان نے اقتدار سنبھالا ہے اس کے کندھوں پر مزید ذمہ داریاں ڈال دی گئی ہیں۔ اس لیے تحریک کو مزید صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ سراج الدین حقانی نے کہا کہ طالبان کو شہریوں کو اطمینان دلانا چاہیے اور اس طرح کام کرنا چاہیے کہ لوگ طالبان سے نفرت نہ کریں اور پھر مذہب سے بھی نفرت نہ کریں۔ اگرچہ حقانی نے اخونزادہ کا نام لیا نہ ہی انہوں نے خواتین کی تعلیم کے مسئلے کی جانب اشارہ کیا تاہم ذرائع ابلاغ میں بہت سے مبصرین نے ان کے اس بیان کو طالبان کی صفوں میں اختلافات کی ایک علامت کے طور پر دیکھا ہے۔ خاص طور پر اس لیے بھی کہ ماضی سراج الدین حقانی نے اپنی سختی کے باوجود اعلان کیا تھا کہ خواتین اور لڑکیوں کو سکولوں اور یونیورسٹیوں میں جانے کی اجازت ہونی چاہیے۔ حقانی نے یہ بیان ہفتے کے آخر میں مشرقی صوبہ خوست میں ایک اسلامی مذہبی سکول میں گریجویشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے دیا ہے۔

مغربی کنارے میں یہودی بستیوں پر دوبارہ قبضہ کی منظوری

یروشلم۔ 17۔ فروری (یو این آئی) کل جمعرات کو اسرائیلی کنیسٹ نے اپنی ابتدائی بحث کے بعد شمالی مقبوضہ مغربی کنارے میں خالی کی گئی یہودی بستیوں پر دوبارہ قبضہ کرنے کے بل کی منظوری دی۔ یہ یہودی بستیاں سنہ 2005ء میں غزہ کی پٹی کی بستیوں کو خالی کرنے کے دوران خالی کردی گئی تھیں۔ عبرانی اخبار ماکور رشون نے صفا کے مطابق بل کی حمایت میں 62 کنیسٹ ارکان نے ووٹ ڈالا۔ 36 ارکان نے مخالفت کی۔ اس سے قبل اسرائیلی کابینہ کی وزارتی کمیٹی میں اس بل کو منظور کرلیا گیا تھا۔ اخبار نے لکھا کہ اگر یہ قانون حتمی بحث میں منظور ہو جائے تو آباد کاروں کے لیے نابلس کے شمال میں حومیش پر دوبارہ قبضہ کرنے کا راستہ کھل جائے گا۔ اس وقت اس کالونی میں ایک یہودی مذہبی اسکول واقع ہے اور ساتھ ہی ساتھ آباد کاروں کو اس کے علاقوں میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی۔ اس کے علاوہ یہودی اباد کاروں کو غرب اردن کے شمال میں قائم سنور، کدیم اور غانم بستیوں پر دوبارہ قبضے کی راہ ہموار ہوجائے گی۔ دوسری طرف شمالی مغربی کنارے میں بستیوں کے انچارج افسر یوسی ڈاگان جو پہلے سنور نامی خالی بستی میں آباد تھا نے اس قانون کو ایک تاریخی قدم قرار دیا۔ اس نے کہا کہ ہم 18 سال سے اس لمحے کا انتظار کررہے تھے۔ اس کالونی میں ہماری اباد کاری کی ایک بار پھر راہ ہموار ہوگئی ہے اور یہ ایک بڑی پیش رفت ہے۔

عباس ملیشیا کی غنڈہ گردی سے فلسطینی طلبا کا مستقبل خطرے میں

یروشلم۔ 17۔ فروری (یو این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینی اتھارٹی کی سکیورٹی فورسس یونیورسٹی کے طلباء، رہائی پانے والے قیدیوں اور قومی اور قانونی شخصیات کے خلاف اپنی سیاسی خلاف ورزیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ غرب اردن کے جنوبی شہر الخلیل میں حکام نے اگلے اتوار کو اپنے ہیڈ کوارٹر میں پیشی کے لیے 60 سالہ حاجی محمد ارزیقات اور 51 سالہ استاد عادل طردہ کو طلب کیا ہے۔ بیرزیت یونیورسٹی اسٹوڈنٹ کونسل کانفرنس کے رکن ابراہیم بنی عودہ کو مسلسل چودھویں روز بھی حکام نے ان کے سیاسی نظریات اور رجحانات کی بنیاد پر اغوا کر کے قید میں ڈال رکھا ہے۔ عباس ملیشیا کے حکام بنی عودہ اور ان کے ساتھی، سیاسی طور پر نظر بند طلباء کو یونیورسٹی کے فائنل امتحانات دینے سے روکتے ہیں، جس سے ان کے کیریئر اور تعلیمی مستقبل کو خطرات لاحق ہیں۔ نابلس میں حکام نے النجاح یونیورسٹی کی فیکلٹی آف انجینیرنگ کے طالب علم عمر شملاوی کو مسلسل تیسرے دن حراست میں لے رکھا ہے، جب کہ اریحا میں انٹیلی جنس سروسز نے تیسرے دن عقبہ جبر سے نوجوان محمد المقیطی کو اغوا کیا۔ نابلس میں عباس ملیشیا کے عناصر نے نوجوان انس شحادہ کو مسلسل چوتھے دن اور نوجوان ریاض فارس ابو الحسن کو مسلسل پانچویں روز بھی حراست میں رکھا ہوا ہے۔ سیاسی گرفتاریوں نے رہائی پانے والے سابق قیدی عیسیٰ رجوب کو اتھارٹی کی انٹیلی جنس سروس نے 6 دنوں سے الخلیل میں حراست میں رکھا ہوا ہے۔ عباس ملیشیا نے فلسطینی مزاحمت کاروں کی گرفتاریوں اور انہیں ہراساں کیے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔ فلسطینی مزاحمتی کارکن موسیٰ عطا اللہ کو مسلسل 58 روز سے زیر حراست رکھا گیا ہے۔

اسرائیلی تباہ کن پالیسی ہماری قوم کو جھکا نہیں سکتی: حماس

وطن اور مقدسات کے تحفظ کی خاطر اٹھ کھڑے ہونے والے ہیروز کو ترجمان کا خراج

یروشلم۔ 17۔ فروری (یو این آئی) اسرائیلی حکومت کی جانب سے حریت پسند مجاہدین اور شہیدوں کے گھر مسمار کرنے ایسی کارروائیاں وحشیانہ جرم، فاشسٹ اسرائیلی رہنماؤں کے دلوالیہ پن اور فلسطینی عوام کے انقلاب کی لہر پر قابو پانے میں ناکامی کی مظہر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار فلسطین کی اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے ترجمان عبدالطیف قانو نے ایک اخباری بیان میں کیا ہے۔ ترجمان کے بقول: اسرائیل اپنی تباہ کن پالیسی پر عمل کر کے فلسطینی قوم کو ڈرانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا اور نہ ہی اس کے ذریعے فلسطینیوں کی ثابت قدمی، صبر اور مزاحمت کے آپشن پر ان کے یقین کو متزلزل کرسکتا ہے۔ انہوں نے الخلیل اور ان مزاحمت کار ہیروز کو خراج پیش کیا کہ جو وطن اور مقدسات کے تحفظ کی خاطر اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ یاد رہے قابض اسرائیلی فوج نے جمعرات کو علی الصباح الخلیل شہر میں استشہادی اپریشن کرنے والے فلسطینی شہید محمد الجعبری کا گھر بارود سے اڑا دیا تھا۔

فلسطینیوں کی حمایت پر خاتون کے خلاف صیہونی مہم

یروشلم۔ 17۔ فروری (یو این آئی) قابض فوج نے ایک فرانسیسی رکن پارلیمنٹ کے فلسطین پر اس کے موقف کی وجہ سے شرانگیز مہم شروع کی ہے۔ اسرائیلی سیاسی جماعتوں نے فرانسیسی پارلیمنٹ کی رکن ارسلیا سودائز کے خلاف مہم شروع کی ہے۔ یہ مہم اس وقت شروع کی گئی جب سودائز کو یہود دشمنی کے مطالعہ گروپ کی نائب سربراہ مقرر کیا گیا۔ ان پارلیمانی جماعتوں نے سودائز پر الزام لگایا کہ وہ قابض اسرائیل کے خلاف بائیکاٹ تحریک کی حمایت کررہی ہے۔ اس نے فرانس کے ہوائی اڈے پر انسانی حقوق کی محافظ صلاح الحموری کا استقبال کیا جسے قابض حکام نے مقبوضہ بیت المقدس شہر سے ملک بدر کردیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سودائز نے فرانسیسی ارکان پارلیمنٹ کے النہضہ گروپ کے ارکان کے دورہ اسرائیل کی بھی مذمت کی تھی۔

ترکیہ میں انتخابات ملتوی کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں

انقرہ۔ 17۔ فروری (یو این آئی) ترکیہ میں عام انتخابات کے لیے دو متبادل تاریخوں کے باوجود حکمراں جسٹس اینڈ ڈیولپمنٹ پارٹی کا زلزلے کی وجہ سے انتخابات کو ملتوی کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ ترک اخبار حریت نے اپنی رپورٹ میں یہ اطلاع دی۔ رپورٹ کے مطابق صدر رجب طیب اردگان 14 مئی اور پارٹی کے بہت سے ارکان 18 جون کے انتخابات کے حق میں ہیں۔ دوسری جانب حکمران جماعت نے صدارتی اور پارلیمانی انتخابات کی تاریخ میں توسیع کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہیں کیا اور نہ ہی کسی ارادے کا اظہار کیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ترک سپریم الیکشن کونسل ان رہائشیوں کے لیے ووٹنگ کا انتظام کرے گی جو زلزلے سے متاثرہ علاقوں سے نقل مکانی کر چکے ہیں۔ گزشتہ ہفتے ترکی کی اپوزیشن گڈ پارٹی کی رہنما میرال اکسینر نے کہا تھا کہ ملک میں تباہ کن زلزلوں کی وجہ سے انتخابات ملتوی کیے جاسکتے ہیں۔ تاہم انہوں نے درخواست کی تھی کہ قدرتی آفات کو انتخابات ملتوی کرنے کے بہانے کے طور پر استعمال نہ کریں۔ اس دوران ترک براڈکاسٹر ہیبر ترک نے ذرائع کے حوالے سے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ ملک میں عام انتخابات چھ ماہ سے ایک سال تک کے لیے ملتوی کیے جاسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ 6 فروری کو ترکی اور شام کے کچھ حصوں میں آنے والے کئی طاقتور زلزلوں میں مرنے والوں کی تعداد 38000 سے تجاوز کرگئی ہے۔

پورے خطے میں افراتفری کا انتظار کریں، حسن نصر اللہ کا امریکہ کو انتباہ

دبئی۔ 17۔ فروری (یو این آئی) جمعرات کو حزب اللہ ملیشیا کے رہنما حسن نصر اللہ نے پورے خطے میں افراتفری پھیلانے کی دھمکی دے ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی وزیراعظم نتن یاہو کی حکومت پورے خطے میں کشیدگی کو بڑھا سکتی ہے۔ حزب اللہ کے میڈیا سے شائع ہونے والی ایک تقریر میں نصر اللہ نے کہا کہ اگر امریکہ لبنان میں افراتفری کا منصوبہ بناتا ہے تو آپ ہار جائیں گے اور پھر پورے خطے میں افراتفری کا انتظار کریں گے۔ ہم اپنے ہتھیار اس ہاتھ کی طرف بڑھادیں گے جس سے آپ کو تکلیف ہوگی۔ وہ ہاتھ آپ کا حامی اسرائیل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی لبنانی پانیوں سے تیل نکالنے میں کبھی تاخیر نہیں ہونے دے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں پانی سے تیل نکالنے میں کسی بھی تاخیر کے خلاف خبردار کرتا ہوں۔ انہوں نے کا کہ امریکیوں سے کہا جانا چاہیے کہ وہ اس مسئلے سے دور رہیں۔ اکتوبر 2022 کے آخر میں لبنانی ملیشیا کے رہنما نے اعلان کیا تھا کہ ان کی افواج اسرائیل کے ساتھ کیے گئے حالیہ معاہدے کے حوالے سے لبنانی ریاست کی رضامندی کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ غداری کی زبان استعمال کرنے کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے باور کرایا کہ اسرائیل کے ساتھ سمندری معاہدے کی تکمیل کے پیچھے ان کی پارٹی کا بھی ہاتھ تھا۔ ان کے یہ بیانات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب پارٹی کی جانب سے اپنی نقل وحرکت کے خاتمے کے اعلان کے چند دن بعد جنوبی لبنان کے علاقے راس الناقورہ میں تمام لبنانی اور اسرائیلی وفود نے ایک کمرے میں ملاقات کی تھی۔ اس ملاقات میں انہوں نے سمندری حدود کی حد بندی کے لیے ایک تاریخی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔

امارات میں گولڈن ویزا درخواست کی فیس میں تین گنا اضافہ

ابوظہبی۔ 17۔ فروری (یو این آئی) متحدہ عرب امارات کی وفاقی اتھارٹی برائے شناخت اور شہریت، کسٹمز اور پورٹس سکیورٹی (آئی سی پی) نے 10 سالہ گولڈن ویزا کے لیے درخواست فیس میں تین گنا اضافہ کر دیا ہے۔ گولڈن ویزا کی درخواست کی فیس 13 ڈالر سے بڑھا کر 41 ڈالر کردی گئی ہے۔ نئے چارجز میں اتھارٹی فیس، الیکٹرانک سروس فیس اور اسمارٹ سروسز فیس شامل ہے۔ متحدہ عرب امارات نے سب سے پہلے 2020 میں گولڈن ریزیڈنسی پروگرام کا آغاز کیا تھا، جس سے رہائشیوں کو اسپانسر کے بغیر پانچ یا دس سال تک درخواست دینے کی پیش کش کی گئی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس پروگرام میں باصلاحیت افراد، محققین، نمایاں طلبہ، ڈاکٹرز، ماہرین، جدت طراز، ایتھلیٹس، انٹرپری نیورز، معاشی اور رئیل اسٹیٹ کے شعبوں میں سرمایہ کار اور ابھرتی ہوئی کمپنیاں شامل ہیں۔ اس پروگرام کے تحت جو لوگ معیار پر پورا اترتے ہیں، وہ اپنے اہل خانہ کے لیے گولڈن ویزا کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

ایکسپو سٹی دبئی میں ''حیی رمضان'' فیسٹیول کا 3 مارچ سے آغاز

دبئی۔ 17۔ فروری (یو این آئی) قدیم روایات کے دلفریب تجربہ سے آشنائی کے لیے ایکسپو سٹی دبئی کا حیی رمضان 50 دن کی تک جاری رہے گا۔ رمضان سے وابستہ متحدہ عرب امارات اور مسلم دنیا کی قدیم روایات کی جھلک پیش کرتا ہوا حیی رمضان فیسٹیول دبئی میں 3 مارچ سے 25 اپریل 2023 تک جاری رہے گا۔ ایکسپو سٹی دبئی میں منعقد ہونے والے اس 50 روزہ فیسٹیول کے دوران رمضان کے مقدس مہینے میں پرنور ماحول کے ساتھ ساتھ دلچسپ سرگرمیاں اور لذیذ کھانے بھی پیش کیے جائیں گے۔ اس فیسٹیول کا مقصد لوگوں کو قریب لانا ہے۔ ایکسپو سٹی دبئی کے ایگزیکٹو تخلیقی ڈائریکٹر، آمنہ ابوالہول کا کہنا ہے کہ جس طرح ایکسپو 2020 دبئی نے اس سے پہلے ایک بار دنیا کو اکٹھا ہونے کا موقع دیا تھا، اسی طرح ایکسپو سٹی دبئی کا حیی رمضان مقدس مہینے کے دوران مختلف برادریوں کو یکجا کرے گا۔ آپ کو ایک ہی جگہ پر رمضان سے وابستہ دنیا کی مشہور روایات دیکھنے کو ملیں گی۔ حیی عربی زبان کا لفظ ہے جو بیک وقت، گلی اور استقبال کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ حیی رمضان ایک ایسا ثقافتی سفر ہے جہاں آپ پوری دنیا کے منفرد تجربات سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ علاقائی اور بین الاقوامی کھانوں سے لے کر اسٹریٹ فوڈ تک سب یہاں دستیاب ہوگا۔ یہاں آپ اپنے پیاروں کے ساتھ مل کر مقدس مہینے کی خوشی حاصل کرسکتے ہیں۔ نماز کے لئے مخصوص مسجد میں عشاء اور بعد میں تراویح اور تہجد کا اہتمام کیا جائے گا۔ تراویح کے بعد، قدیم عرب فن حکاوتی میں مہم جوئی، ثقافت، مذہب اور اخلاقیات پر مبنی کہانیاں اور لوک داستانیں پیش کی جائیں گی۔ روایتی مسحراتی ڈھول بجا کر سحری کے لیے بیدار کریں گے۔ الوصل پلازہ ایکسپو فیملی تھیٹر شو پیش کرے گا جہاں آپ 2020 کے حیی فیسٹیول کے معروف راشد اور لطیفہ کو دیکھ سکیں گے۔ بچوں کے لیے اماراتی ثقافت اور رمضان کی اقدار کے بارے میں جاننے کے لئے ورکشاپس اور کھیلوں کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینے کے لئے کھیلوں کے ٹورنامنٹ اور فٹنس پر مبنی سرگرمیاں بھی پیش کی جائیں گی۔ چند ایک کھیلوں کے علاوہ یہاں تمام سرگرمیاں مفت ہوں گی۔ رات کے وقت آپ یہاں خوشبویات، تحائف اور ملبوسات کی خریداری بھی کرسکتے ہیں۔ کارپوریٹ افطار بھی میسر ہوگا۔ حیی رمضان رمضان المبارک کے علاوہ شام 4 بجے سے رات 10 بجے تک، اور رمضان میں شام 5 بجے سے صبح 2 بجے تک جاری رہے گا۔ حیی رمضان ایک ایسا ثقافتی سفر ہے جہاں آپ پوری دنیا کے منفرد تجربات سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ علاقائی اور بین الاقوامی کھانوں سے لے کر اسٹریٹ فوڈ تک سب یہاں دستیاب ہوگا۔ یہاں آپ اپنے پیاروں کے ساتھ مل کر مقدس مہینے کی خوشی حاصل کرسکتے ہیں۔ نماز کے لئے مخصوص مسجد میں عشا اور بعد میں تراویح اور تہجد کا اہتمام کیا جائے گا۔ تراویح کے بعد، قدیم عرب فن حکاوتی میں مہم جوئی، ثقافت، مذہب اور اخلاقیات پر مبنی کہانیاں اور لوک داستانیں پیش کی جائیں گی۔ روایتی مسحراتی - ڈھول بجا کر سحری کے لیے بیدار کریں گے۔ الوصل پلازہ ایکسپو فیملی تھیٹر شو پیش کرے گا جہاں آپ 2020 کے حیی فیسٹیول کے معروف راشد اور لطیفہ کو دیکھ سکیں گے۔ بچوں کے لیے اماراتی ثقافت اور رمضان کی اقدار کے بارے میں جاننے کے لئے ورکشاپس اور کھیلوں کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینے کے لئے کھیلوں کے ٹورنامنٹ اور فٹنس پر مبنی سرگرمیاں بھی پیش کی جائیں گی۔ چند ایک کھیلوں کے علاوہ یہاں تمام سرگرمیاں مفت ہوں گی۔

عرش پر خلق کا سرتاج ہے آج

معراج کے واقعہ کو لفظ سبحٰن سے شروع کرنے سے یہ غرض ہے کہ جب معراج کے عجیب و غریب واقعہ کا جاہل و نادان کمزور عقل والے روحانیت سے دُور رہنے والے ضرور انکار کریں گے اور طرح طرح کے شبہے پیش کریں گے تو یہ شبہے معراج کے واقعہ پر ہی منحصر نہیں رہتے، بلکہ خدائے تعالیٰ کے قدرت تک پہنچتے ہیں، گویا خدائے تعالیٰ میں قدرت نہیں کہ معراج کرا سکے اس لئے اللہ تعالیٰ ان شبہوں کو دُور کرنے کے لئے واقعہ معراج بیان کرنے سے پہلے ارشاد فرماتا ہے کہ سبحان الذی معراج کس نے کرائی؟ وہی قدرت والا خدا تو ہے، جو ہر ایک طرح کی عاجزی اور کمزوری سے پاک ہے۔

محدث دکن ابوالحسنات
حضرت سید عبداللہ شاہ نقشبندیؒ

ہمارے آقائے نامدار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علم الیقین اور عین الیقین تو حاصل ہوگیا تھا اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ حق الیقین بھی ہوجائے اس لئے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جسم مطہر کے ساتھ عالم برزخ سے اور آسمانوں سے ہوتے ہوئے عرش پر پہنچے، اپنے سر کی آنکھوں سے سب کچھ دیکھ کر اور جنت اور دوزخ کو ملاحظہ فرمایا، جس سے آپ کو حق الیقین بھی حاصل ہوگیا، آیئے اب ہم آپ کو معراج کے اجمال کی تفصیل سناتے ہیں سنئے!۔

آیت معراج کی تفسیر: نُریَهٗ حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ آيَاتِنَا إِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ۔
ترجمہ: وہ پاک ذات ہے جو اپنے بندہ کو شب کے وقت مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں کر رکھی ہیں لے گیا، تا کہ ہم ان کو اپنے کچھ عجائبات دکھلائیں، بے شک اللہ تعالی بڑے سننے والے بڑے دیکھنے والے ہیں۔(سورۂ بنی اسرائیل 1)

واقعہ معراج پر جو شبہے کئے جاتے ہیں، ان شبہوں کے جواب کے لئے معراج شریف کے واقعہ کو سبحٰن الذی سے شروع کیا گیا ہے۔(اور) سبحٰن کے معنی (یہ ہیں کہ) خدائے تعالی کی ذات ہر ایک قسم کے نقصان سے پاک ہے اور عاجز و کمزور بے قدرت ہونے سے بھی پاک ہے۔ معراج کے واقعہ کو لفظ سبحٰن سے شروع کرنے سے یہ غرض ہے کہ جب معراج کے عجیب و غریب واقعہ کا جاہل و نادان کمزور عقل والے روحانیت سے دُور رہنے والے ضرور انکار کریں گے اور طرح طرح کے شبہے پیش کریں گے تو یہ شبہے معراج کے واقعہ پر ہی منحصر نہیں رہتے، بلکہ خدائے تعالیٰ کے قدرت تک پہنچتے ہیں، گویا خدائے تعالیٰ میں قدرت نہیں کہ معراج کرا سکے اس لئے اللہ تعالیٰ ان شبہوں کو دُور کرنے کے لئے واقعہ معراج بیان کرنے سے پہلے ارشاد فرماتا ہے کہ سبحان الذی معراج کس نے کرائی؟ وہی قدرت والا خدا تو ہے، جو ہر ایک طرح کی عاجزی اور کمزوری سے پاک ہے تو پھر تم کو معراج کے واقعہ میں کیوں شبہ ہے؟

باری تعالیٰ کا لفظ سبحٰن فرمانے کا فائدہ تو معلوم ہو چکا ہے، (اب) لفظ اسریٰ سے بھی تمام شبہات دُور ہوگئے کہ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہیں لے گئے بلکہ خدائے تعالیٰ خود لے گیا۔

اسریٰ اور اذھب میں فرق: اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اسریٰ کی جگہ اذھب کیوں نہیں فرمایا، حالانکہ دونوں کے معنی ایک ہی ہیں۔ اس کے جواب کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج کے ساتھ حضرت یونس علیہ السلام کی معراج کا تقابل کیجئے، جب آپ کو ان دونوں یعنی لفظ اسریٰ کہنے اور لفظ اذھب نہ کہنے کا فرق معلوم ہوگا۔

معراج حضرت یونس علیہ السلام: یونس علیہ السلام نے اپنی قوم کو عذاب الٰہی سے ڈرایا اور فرمایا کہ ایمان لے آؤ، ورنہ اتنی مدّت میں عذاب الٰہی نازل ہوگا جب وہ مدّت قریب آئی تو آپ اس خیال سے کہ یہاں عذاب نازل ہوگا، وہاں سے چل پڑے، مگر حق تعالی سے صریح اذن نہیں لیا۔

یہاں یہ قصہ ہوا کہ جب عذاب کی تاریخ کی آمد ہوئی شروع ہوئی اور آثارِ عذاب دیکھ کر یہ لوگ گھبرائے اور ایمان پر آمادہ ہوئے اور یونس علیہ السلام کی تلاش کرنے لگے کہ ان کے ہاتھ پر ایمان لاویں، یہ نہ ملے تو انہوں نے کہا: اگر یونس علیہ السلام نہیں ہیں تو کیا ہوا، ان پر اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا تو ممکن ہے، چنانچہ ایمان لائے اور عذاب ٹل گیا، یونس علیہ السلام لوگوں سے اس بستی کا حال پوچھتے رہتے تھے، جب کسی سے عذاب کی خبر نہ سنی اور پورا واقعہ معلوم نہ ہوا تو آپ کو خیال ہوا کہ اب اگر واپس بستی میں جاؤں گا تو وہ لوگ جھٹلائیں گے کہ تمہارے قول کے موافق عذاب نہ آیا، اس شرمندگی کی وجہ سے واپس نہ ہوئے، بلکہ جہاں قیام فرما تھے وہاں سے آگے بڑھتے چلے گئے، راستہ میں دریا پڑا اور آپ کشتی میں سوار ہوگئے، اثناء راہ میں وہ کشتی چلتے چلتے چکر کھانے لگی، ملاح نے کہا: معلوم ہوتا ہے کہ اس کشتی میں کوئی غلام اپنے آقا سے بھاگا ہوا سوار ہے، اس وقت یونس علیہ السلام نے فرمایا کہ ہاں بھائی میں اپنے آقا سے بدون اجازت بھاگ آیا ہوں، مجھے اس دریا میں ڈال دو! لوگوں نے آپ کی صورت سے نیکی اور بزرگی کے آثار دیکھ کر اس کلام میں شبہ کیا، بالآخر قرعہ اندازی ہوئی، جس میں یونس علیہ السلام کا نام نکلا، پس لوگوں نے آپ کو دریا میں ڈال دیا، وہاں ایک بڑی مچھلی تھی اس نے بحکم حق آپ کو نگل لیا اور قعر دریا میں لے پہنچی، چالیس دن اس کے پیٹ میں رہے، مگر ہضم نہ ہوئے، اللہ تعالیٰ نے ان کی ہر طرح حفاظت فرمائی، وہیں معراج ہوئی۔

حضرت ابراہیم علیہ وسلم جب آگ میں ڈالے گئے آپ کو وہیں معراج ہوئی۔

یونس علیہ السلام کا چالیس دن مچھلی کے پیٹ میں بغیر ہوا کے زندہ رہنا، ابراہیم علیہ السلام کا آگ میں زندہ رہنا، کیا یہ عقل کے موافق ہے؟۔

ایسے ہی ہمارے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی معراج گو عقل میں نہ آئے مگر جو کچھ ہوا خدائے تعالیٰ کے قدرت سے ہوا۔ ایک یونس علیہ السلام کا جانا ہے اور ایک ہمارے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا جانا کہ عشاء پڑھ کر استراحت فرمائی ہے، حضرت جبرئیل علیہ السلام آ کر جگاتے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم! چلئے خدا بلاتا ہے۔ دوسری معراجیں خوشی سے جانا نہیں تھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج خوشی کا جانا تھا، سیر و تفریح کا جانا تھا، اس لئے اوروں کو اذھب کہا گیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اسریٰ کہا گیا، جو سیر پر دلالت کرتا ہے۔

حضور کے بہت سے نام تھے، کوئی نام نہ لے کر بعبدہ کیوں فرمایا؟ ایک وجہ تو بعبدہ کہنے سے یہ ہے کہ جسم کے ساتھ معراج ہونے کو بتایا جائے کیوں کہ عبد روح معہ جسم کو کہتے ہیں صرف روح کو عبد نہیں کہتے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام صرف آسمان پر اٹھالئے گئے تو نصاریٰ ان کو ابن اللہ کہنے لگے، اسی طرح کہیں امت محمد یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمان بلکہ عرش پر جانے کے سبب سے "خدا یا ابن خدا" نہ کہہ دیں، اس لئے پہلے ہی سے بعبدہ کہہ کر یہ موقع ہی نہیں آنے دیا گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس امت پر کس قدر خدائے تعالیٰ کی محبت و شفقت ہے۔ اسریٰ میں خود لیل (رات) کا مفہوم شامل ہے پھر لیلاً اس لئے لایا گیا کہ لیلاً کی تنوین جو تقلیل کے لئے ہے، اس سے یہ بتلایا جائے کہ تمام رات نہیں بلکہ رات کے تھوڑے سے حصہ میں واقعہ معراج ہوا۔

مسجد اقصیٰ تشریف لیجانے کی حکمت

(اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے) من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی الذی برکنا حولہ ترجمہ: مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گیا، جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں کر رکھی ہیں۔(سورۂ بنی اسرائیل 1)

عرش پر لے جانا مقصود تھا تو مکہ معظمہ ہی سے سیدھے عرش پر لے گئے ہوتے، بیت المقدس لے جا کر پھر وہاں سے عرش پر لیجانے میں کیا حکمت تھی۔

پہلی حکمت: اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ بیت المقدس ہر وقت دعا کرتا تھا کہ الٰہی! تمام پیغمبروں سے میں مشرف ہو چکا، اب میرے دل میں کوئی آرزو باقی نہیں ہے، اگر ہے تو یہ ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مُبارک دیکھوں، ان کی ملاقات کے شوق کی آگ بے حد بھڑک رہی ہے، بیت المقدس کی آرزو پوری کرنے کے لئے بیت المقدس لے جایا گیا۔

دوسری حکمت: دوسری وجہ بیت المقدس لے جانے کی یہ ہے کہ جب آپ معراج سے واپس ہوئے کفار نے انکار کیا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس دوڑے ہوئے گئے اور کہا: لیجئے آپ کے دوست نے ایک عجیب و غریب خبر اڑائی ہے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: وہ کیا؟ کفار نے سارا واقعہ بیان کیا، آپ نے فرمایا: بالکل سچ ہے! جب ہی سے آپ کا لقب صدیق ہوا۔

عمر بھر میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بیت المقدس نہیں گئے تھے، کفار نے امتحاناً ایک ایک بات وہاں کی پوچھنا شروع کی، حضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک ایک جگہ پھر کر تو دیکھا نہیں تھا، اس لئے خدائے تعالیٰ نے آپ کے سامنے سے تمام حجابات اٹھا دئے، پورا بیت المقدس سامنے ہوگیا، کفار جو بات دریافت کرتے وہ فوراً بتادیتے، جو سعید تھے انہوں نے تو آپ کے معراج کی تصدیق کرلی۔ اس طرح بیت المقدس جانا بھی معراج کی دلیل ہوگیا۔

☆☆☆

واقعہ معراج کے اعتقادی پہلو

آخر وہ مبارک رات آئی جبکہ دست قدرت نے اپنے مادی، معنوی اور روحانی خزانوں کے منہ کھول دیئے۔ نور ذات پر صفات کے جو پردے پڑے تھے ایک ایک کر کے اٹھنے لگے۔ بیکراں مسافتیں سمٹتی گئیں اور ''عبد کامل'' حریم قدس میں ''دنی فتدلی'' کی منزلیں طے کرتا ہوا قرب وحضوری کے اس مقام رفیع پر فائز کر دیا گیا جس کی تعبیر زبان قدرت نے ''قاب قوسین او ادنی'' کے پیارے پیارے کلمات سے فرمائی۔ اس سے مزید قرب کا تصور تک نہیں کیا جاسکتا، جس محبوب کے صدقے میں ہم بے نواؤں اور خطا کاروں پر لطف و کرم ہوا اس حبیبؐ کے علوم رتبت کے اظہار کی خاطر اپنے دیدار سے مشرف کرنے کیلئے سفر معراج کا اہتمام کیا۔

مولانا محمد حماد قادری

واقعہ معراج کائنات کا ایک منفرد و بے مثال واقعہ ہے۔ اس طرح کا واقعہ نہ کبھی ہوا تھا نہ کبھی ہوگا۔ قادر مطلق سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے محبوب بندہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کے مختصر سے حصہ میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ، ساتوں آسمان، جنت و دوزخ وغیرہ کی سیر کرائی اور اپنے دیدار سے مشرف فرمایا۔ واقعہ معراج اپنے اندر کئی خصوصیات رکھتا ہے، اور ہمارے لئے اس واقعہ میں ہمہ اقسام پہلو ملتے ہیں۔ ذیل میں واقعہ معراج سے حاصل ہونے والے اعتقادی پہلوؤں میں سے چند کو واضح کرنے کی سعادت حاصل کی جاتی ہے۔

سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم سید الملائکہ سے افضل: روایت میں آتا ہے کہ شب معراج حضرت جبرئیل، حضرت اسرافیل، حضرت میکائیل علیہم السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام براق کی لگام تھام لئے، حضرت میکائیل رکاب پکڑے اور حضرت اسرافیل حاشیہ بردار رہے۔ اور ایک روایت میں آتا ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بیدار کرنے میں تامل ہو رہا تھا اور فکر ہو رہی تھی کہ کس انداز سے بیدار کروں۔ تو مجھے حکم ہوا کہ اپنے چہرہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پائے مبارک کے تلوئے اقدس پر مس کرو۔ جب میں نے اپنے چہرہ کو پائے مبارک پر مس کیا تو کافور کی ٹھنڈک، حرارت کے ساتھ ملی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خواب استراحت سے بیدار ہوئے۔ اس وقت مجھے کافور سے اپنے پیدا کئے جانے کی حکمت معلوم ہوئی۔ (معارج النبوۃ)۔ ان روایتوں سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ سید الملائکہ سے سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ اعلیٰ و افضل ہے۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث شریف میں حضرت جبرائیل کو آسمان میں اپنا وزیر قرار دیا:

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کے لئے دو وزیر آسمان والوں میں سے اور دو وزیر زمین والوں میں سے ہوتے ہیں۔ سو آسمان والوں میں سے میرے دو وزیر، جبرئیل و میکائیل (علیہما السلام) ہیں اور زمین والوں میں سے میرے دو وزیر ابوبکر اور عمر (رضی اللہ عنہما) ہیں۔

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جبرئیل امین سے افضل ہونا اس بات سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جبرائیل کیلئے بھی رسول ہیں۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے انبیاء پر چھ چیزوں کے ذریعہ فضیلت دی گئی: مجھے جوامع الکلم (مختصر الفاظ میں کثیر معنی) عطا کئے گئے، رعب (ودبدبہ) کے ذریعہ میری مدد کی گئی، میرے لئے مال غنیمت حلال کئے گئے، (ساری) زمین میرے لئے (تیمم کی صورت میں) پاک کرنے والی اور سجدہ گاہ بنادی گئی، اور مجھ کو ساری مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا اور مجھ پر انبیاء کا اختتام کر دیا گیا۔

جانور بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کو جانتے ہیں: واقعہ معراج میں مذکور ہے کہ جب سفر معراج کیلئے براق کو لایا گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر سوار ہوئے تو وہ ناز وطرب اور افتخار کے باعث شوخی کرنے لگا۔(مدارج النبوۃ، صفحہ 250)۔ اس بات سے یہ عقیدہ معلوم ہوتا ہے کہ جانور بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جانتے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ چنانچہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرین اور انصار کی ایک جماعت میں تشریف فرما تھے کہ ایک اونٹ آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ کو چوپائے اور درخت سجدہ کرتے ہیں ہم (انسان) زیادہ حقدار ہیں کہ آپکو سجدہ کریں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے رب کی عبادت کرو اپنے (مؤمن) بھائیوں کے ساتھ عزت سے پیش آؤ، اگر میں کسی کو کسی کے لئے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو بالضرور میں عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے، (شوہر کا مرتبہ تو یہ ہیکہ) اگر وہ اسکو حکم دے کہ زرد پہاڑ سے (پتھر) کالے پہاڑ پر لے جائے اور کالے پہاڑ سے سفید پہاڑ پر تو اسکو چاہیئے کہ وہ اس حکم کو بجالائے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ سوتی ہے اور دل جاگتا ہے: واقعہ معراج کی تفصیلات کو خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا منجملہ ان تفصیلات کے جبرائیل امین کی آمد کو بھی بیان فرمایا جبکہ روایت کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما رہے تھے۔ اس سے یہ عقیدہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آرام فرمانے کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ سوتی ہے دل نہیں سوتا۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔ ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ چند فرشتے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما رہے تھے، ان میں کے بعض نے کہا کہ بے شک آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) سو رہے ہیں اور بعض نے کہا کہ بے شک آنکھ سو رہی ہے اور دل جاگ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے شک تمہارے ان صاحب کی ایک مثال ہے تم اس کو ان کے لئے بیان کرو۔ ان میں کے بعض نے کہا کہ وہ سو رہے ہیں اور بعض نے کہا کہ بے شک آنکھ سو رہی ہے اور دل جاگ رہا ہے۔ انہوں نے کہا: ان کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس نے کوئی گھر بنایا اور اس میں کھانے کی چیزیں تیار کیا اور ایک دعوت دینے والے کو بھیجا، پس جس نے دعوت دینے والے کی دعوت قبول کی وہ گھر میں داخل (بھی) ہوا اور کھانے کی چیزوں میں سے کھایا بھی اور جس نے دعوت دینے والے کی دعوت کو قبول نہ کی تو نہ وہ گھر میں داخل ہوا اور نہ کھانے کی چیزوں میں سے کھایا۔ ان (فرشتوں) نے کہا کہ ان کے لئے اس (مثال) کی تاویل بیان کرو کہ وہ اسکو سمجھ رہے ہیں، ان میں کے بعض نے کہا کہ بے شک وہ سو رہے ہیں اور بعض نے کہا کہ بے شک آنکھ سو رہی ہے اور دل جاگ رہا ہے۔ پس (مذکورہ مثال کی تاویل میں) انہوں نے کہا کہ گھر جنت ہے، دعوت دینے والے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں پس جس نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کی تو یقیناً اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نافرمانی کی تو یقیناً اس نے اللہ کی نافرمانی کی، پس محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) لوگوں کے درمیان فرق کرنے والے ہیں۔

انبیاء اپنی مزارات میں زندہ ہیں: سفر معراج کے مراحل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر انور کے قریب سے گزر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاحظہ فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ اسلام اپنے قبر میں نماز پڑھ رہے ہیں۔ (مدارج النبوۃ، ص 251)۔ اس روایت سے حیات الانبیاء کا عقیدہ ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء کرام پر چند لمحوں کیلئے موت آتی ہے پھر اس کے بعد وہ باحیات ہوتے ہیں۔ اس عقیدہ کا ثبوت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان مبارک سے بھی واضح ہوتا ہے:

ترجمہ: حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو، یہ یوم مشہود ہے کہ اس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں. کوئی شخص جب بھی مجھ پر درود بھیجتا ہے تو اس کے فارغ ہونے تک میرے سامنے اس کا درود پیش کر دیا جاتا ہے۔'' ابوالدرداءؓ کہتے ہیں میں نے عرض کیا: اور وصال کے بعد (بھی)؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وصال کے بعد (بھی، کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے جسموں کو کھانا حرام کر دیا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بصیرت: مذکورہ روایت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بصیرت کا بھی پتہ چلتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے اندر کی چیزوں کا بھی مشاہدہ فرماتے ہیں۔ چنانچہ حدیث شریف میں بھی آتا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دو قبروں کے قریب سے گزر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے اور عذاب کی کوئی بڑی وجہ بھی نہیں، ان میں سے ایک چغلی کھاتا تھا اور ایک پیشاب سے احتیاط نہیں برتتا تھا۔ روای فرماتے ہیں کہ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سبز شاخ لے کر اس کے دو ٹکڑے کئے اور ان دونوں قبروں پر ایک ایک ٹکڑا گاڑ دیا پھر فرمایا جب تک یہ خشک نہیں ہوں گے یقیناً ان کے عذاب میں تخفیف ہوتی رہے گی۔ (صحیح بخاری۔ ج1)☆

نعت شریف

مکی مدنی ہاشمی و مطلّبی میں
خوبی ہے کچھ ایسی جو نہیں اور کسی میں

رہتا ہوں سدا سایۂ دامانِ نبیؐ میں
سب رازِ ترقی میرا مضمر ہے اسی میں

لے چل مجھے اے جوشِ جنوں سوئے مدینہ
بہلے گا مرا دل توفقط کوئے نبیؐ میں

دربارِ نبوتؐ سے کبھی دل نہیں بھرتا
ہر وقت حضوری کی تمنا رہی جی میں

ہر دکھ کا مداوا ہے یہ ہر درد کا درماں
ملتا ہے سکوں یادِ خدا یاد نبیؐ میں

دیوانے ہیں جو گل سے جدا کرتے ہیں جز کو
جو بات نبیؐ میں ہے وہی آلِ نبیؐ میں

بے فکر کیا جس نے لئیقؔ اس کے میں قرباں
ہر آن اضافہ ہے عناعنایاتِ نبیؐ میں

حضرت سید بادشاہ حسینی لئیقؒ

واقعۂ معراج اور جدید سائنس

مولانا سید عبداللہ حسینی

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک معمول یہ تھا کہ جیسے ہی ماہ رجب کی آمد ہوجاتی عبادتوں اور نفل روزوں کی طرف آپ کی توجہ اور انہماک میں پہلے سے زیادہ اضافہ ہوجاتا۔ یہ خصوصی تسلسل ماہ رمضان تک جاری رہتا۔ رجب کا چاند دیکھ کر آپؐ فرماتے ''اے اللہ! ہمارے لئے ماہ رجب اور ماہ شعبان میں برکت عطاء فرما اور ہمیں رمضان تک پہنچا۔''

جدید سائنس بھی اپنی تحقیقات کو بنیاد بنا کر اس کائناتی سچائی تک رسائی حاصل کرچکی ہے کہ رفتار میں کمی وبیشی کے مطابق کسی جسم پر وقت کا پھیلنا اور سکڑ جانا اور جسم کے حجم اور فاصلوں کا سکڑنا اور پھیلنا قوانین فطرت اور منشائے خداوندی کے عین موافق ہے۔ رب کائنات نے اپنی آخری آسمانی کتاب قرآن مجید فرقان حمید میں طئی زمانی اور طئی مکانی کی بعض صورتوں کا ذکر فرما کر بنی نوع انسان پر یہ واضح کردیا ہے کہ انسان تو بیسویں صدی میں اپنی عقل کے بل بوتے پر وقت اور جگہ (Time & Sopace) کے اضافی (Relativ e) تصورات کو اپنے حیطۂ ادراک میں لانے میں کامیاب ہوگا لیکن ہم ساتویں صدی عیسوی کے اوائل ہی میں اپنی وحی کے ذریعہ اپنے محبوب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کائناتی سچائیوں کو منکشف کر رہے ہیں۔

طئی مکانی: لاکھوں کروڑوں کلو میٹرز کی وسعتوں میں بکھری مسافتوں کے ایک جنبش قدم میں سمٹ آنے کو اصطلاحاً 'طئی مکانی' کہتے ہیں۔

طئی زمانی: صدیوں پر محیط وقت کے چند لمحوں میں سمٹ آنے کو اصطلاحاً 'طئی زمانی' کہتے ہیں۔

خدائے قدیر وخبیر اپنے برگزیدہ انبیائے کرام اور اولیائے عظام میں سے کسی کو معجزہ اور کرامت کے طور پر طئی زمانی اور کسی کو طئی مکانی کے کمالات عطا کرتا ہے لیکن حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا سفر معراج معجزات طئی زمانی اور طئی مکانی دونوں کی جامعیت کا مظہر ہے۔ سفر کا ایک رخ اگر طئی زمانی کا آئینہ دار ہے تو اس کا دوسرا رخ طئی مکانی پر محیط نظر آتا ہے۔ معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دوران میں ان معجزات کا صدور نص قرآن وحدیث سے ثابت ہے، جن کی صحت میں کسی صاحب ایمان کیلئے انحراف کی گنجائش نہیں۔

قرآن حکیم میں طئی مکانی کا ذکر

حضرت سلیمان علیہ السلام ملکۂ سبا ''بلقیس'' کے تخت کے بارے میں اپنے درباریوں سے سوال کرتے ہیں:

قال یاأیھا الملؤا أیکم یأتینی بعرشھا قبل أن یأتونی مسلمین۔

ترجمہ: (حضرت سلیمان علیہ السلام نے) فرمایا: اے دربار والو! تم میں سے کون اس (ملکہ) کا تخت میرے پاس لاسکتا ہے، قبل اس کے کہ وہ لوگ فرمانبردار ہوکر میرے پاس آجائیں۔

ملکۂ سبا بلقیس کا تخت دربار سلیمان علیہ السلام سے تقریباً 900 میل کے فاصلے پر پڑا ہوا تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام چاہتے تھے کہ ملکۂ سبا جو مطیع ہوکر ان کے دربار میں حاضر ہونے کیلئے اپنے پایۂ تخت سے روانہ ہوچکی ہے، اس کا تخت اس کے آنے سے قبل ہی سرِ دربار پیش کردیا جائے۔ قرآن مجید کہتا ہے:

قال عفریت من الجن أنا اٰتیک به قبل أن تقوم من مقامک و إنی علیه لقوی أمین۔

ایک قوی ہیکل جن نے عرض کیا: میں اسے آپ کے پاس لاسکتا ہوں قبل اس کے کہ آپ اپنے مقام سے اٹھیں اور بے شک میں اس (کے لانے) پر طاقتور (اور) امانتدار ہوں۔

قرآن مجید کی اس آیت کریمہ سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ سیدنا سلیمان علیہ السلام کے دربار کے ایک جن کو قاعدۂ طئی مکانی کے تحت یہ قدرت حاصل تھی کہ وہ دربار برخواست ہونے سے پہلے 900 میل کی مسافت سے تخت بلقیس لاکر حاضر کردے لیکن حضرت سلیمان علیہ السلام کو اتنی تاخیر بھی گوارا نہ ہوئی۔ اس موقع پر آپ کا ایک صحابی 'آصف بن برخیا' جس کے پاس کتاب اللہ کا علم تھا، خود کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں پیش کرتا ہے۔ اس انداز کو قرآن کریم نے اس طرح بیان فرمایا:

قال الذی عندہ علم من الکتٰب أنا اٰتیک به قبل أن یرتد إلیک طرفک فلما راٰہ مستقرًا عندہ قال ھذا من فضل ربی۔

(پھر) ایک ایسے شخص نے عرض کیا جس کے پاس (آسمانی) کتاب کا کچھ علم تھا کہ میں اسے آپ کے پاس لاسکتا ہوں قبل اس کے کہ آپ کی نگاہ آپ کی طرف پلٹے۔ پھر جب سلیمان علیہ السلام نے اس (تخت) کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا (تو) کہا یہ میرے رب کا فضل ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کا ایک برگزیدہ صحابی آنکھ جھپکنے سے پیشتر تخت بلقیس اپنے نبی کے قدموں میں حاضر کردیتا ہے۔ یہ طئی مکانی کی ایک ناقابل تردید قرآنی مثال تھی کہ فاصلے سمٹ گئے، جسے قرآن حکیم نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے ایک امتی سے منسوب کیا ہے۔ اگر اس کرامت کا صدور حضرت سلیمان علیہ السلام کے ایک امتی سے ہوسکتا ہے تو اس بات کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے نفوس قدسیہ کے کمالات کی کیا حد ہوگی۔ مرد مومن کا اشارہ پاتے ہی ہزاروں میل کی مسافت اس کے ایک قدم میں سمٹ آتی ہے اور اس کے قدم اٹھانے سے پہلے شرق وغرب کے مقامات زیر پا آجاتے ہیں۔ قرآن حکیم میں طئی زمانی کا ذکر

قرآن ہر علم، حکمت اور دانائی کا سرچشمہ ہے جو کائنات کے رازہائے سربستہ کو ذہن انسانی پر منکشف کرتا ہے اور اس میں شعور و آگہی کے ان گنت چراغ روشن کرتا ہے۔ طئی مکانی کا ذکر بھی رب ارض وسماوات کی آخری الہامی کتاب میں پوری وضاحت کے ساتھ موجود ہے۔ اصحاب کہف اور حضرت عزیر علیہ السلام کے واقعات طئی زمانی کی خوبصورت مثالیں ہیں۔ ان دونوں واقعات میں خرق عادت اور محیّر العقول میں قدر مشترک یہ ہے کہ یہ دونوں واقعات اسی کرۂ ارضی پر وقوع پذیر ہوئے اور طئی زمانی کے حصول کیلئے سماوی کائنات (Outer Cosmos) میں روشنی کی رفتار سے سفر نہیں کیا گیا، مگر پھر بھی ظہور قدرت الٰہیہ کا نظارہ کیا عجب ہے کہ وقت تھم گیا اور مادی اجسام بھی محفوظ رہے اور صدیوں پر محیط عرصہ بھی بیت گیا۔

اصحاب کھف اور طئی زمانی

قرآن حکیم طئی زمانی کی مثال اصحاب کہف کے حوالہ سے یوں بیان کرتا ہے کہ تین سونو سال تک وہ ایک غار میں لیٹے رہے اور جب سوا کر اٹھے تو انہیں یوں گمان ہوا گویا وہ محض ایک دن یا دن کا کچھ حصہ سوئے رہے ہیں۔ قرآن کریم اس محیر العقول واقعہ کو ان الفاظ میں بیان کرتا ہے:

قال قائل منھم کم لبثتم قالوا لبثنا یوماً أو بعض یوم۔ (الکھف،19:18)

ترجمہ: ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا: تم (یہاں) کتنا عرصہ ٹھہرے ہو؟ انہوں نے کہا ہم (یہاں) ایک دن یا اس کا بھی کچھ حصہ ٹھہرے ہیں۔

309 سال گزر جانے کے باوجود انہیں یوں محسوس ہوا کہ ایک دن بھی نہیں گزرنے پایا اور ان کے اجسام پہلے کی طرح تروتازہ اور توانا رہے۔ طئی زمانی کی یہ کتنی حیرت انگیز مثال ہے کہ مدت مدید تک اصحاب کہف اور ان کا کتا غار میں مقیم رہے اور مرور ایام سے انہیں کوئی گزند نہ پہنچا۔ قرآن مجید کے اس مقام کے سیاق وسباق کا عمیق مطالعہ کیا جائے تو اصحاب کہف کے حوالہ سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ وہ اپنے غار میں 309 سال تک آرام فرما رہے۔ کھانے پینے سے بالکل بے نیاز قبر کی سی حالت میں 309 سال تک ان کے جسموں کو گردش لیل ونہار سے پیدا ہونے والے اثرات سے کلیتاً محفوظ رکھا گیا۔ سورج رحمت خداوندی کے خصوصی مظہر کے طور پر ان کی خاطر اپنا راستہ بدلتا رہتا کہ ان کے جسم موسمی تغیرات سے محفوظ و مامون اور صحیح وسالم رہیں۔ 309 قمری سال 300 شمسی سالوں کے مساوی ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ کرۂ ارضی کے 300 سالوں کے شمسی موسم ان پر گزر گئے مگر ان کے اجسام تروتازہ رہے۔ تین صدیوں پر محیط زمانہ ان پر انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ گزر گیا اور وہ بیدار ہونے پر صدیوں پر محیط اس مدت کو محض ایک آدھ دن خیال کرتے رہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی خاص نشانی اور قدرت الٰہیہ کا ظہور تھا جس سے عادت الٰہیہ کے پیمانے سمٹ گئے۔ قرآن مجید فرماتا ہے:

وتری الشمس إذا طلعت تزاور عن کھفھم ذات الیمین و إذا غربت تقرضھم ذات الشمال وھم فی فجوۃ منه۔ (الکھف،18-17)

ترجمہ: اور آپ دیکھتے ہیں جب سورج طلوع ہوتا ہے تو ان کے غار سے دائیں جانب ہٹ جاتا ہے اور جب غروب ہونے لگتا ہے تو ان سے بائیں جانب کترا جاتا ہے اور وہ اس کشادہ میدان میں (لیٹے) ہیں۔

اللہ کی وہ خاص نشانی جس کا ظہور اس نے اصحاب کہف کی کرامت کے طور پر کیا، یہ ہے کہ اس نے اپنے مقربین کو ظالم بادشاہ کے شر سے محفوظ رکھنے کیلئے 309 قمری سال تک سورج کے طلوع وغروب کے اصول تک بدل دیئے اور ذلک تقدیر العزیز العلیم کی رو سے ایک معین نظام فلکیات کو سورج کے گرد زمین کی 300 مکمل گردشوں تک کے طویل عرصہ کیلئے تبدیل کردیا گیا اور فطری ضابطوں کو بدل کر رکھ دیا گیا۔

خدائے رحمٰن ورحیم نے اپنی خصوصی رحمت سے اصحاب کہف کو تھپکی دے کر پُر کیف نیند سلا دیا اور ان پر عجیب سرشاری کی کیفیت طاری کردی۔ پھر انہیں ایک ایسی مشاہدۂ حق میں مگن کردیا کہ صدیاں ساعتوں میں تبدیل ہوتی محسوس ہوئیں۔ جیسا کہ قیامت کے دن بھی طئی زمانی ہی کی ایک صورت میں برپا ہوگا جس میں پچاس ہزار سال کا دن اللہ کے نیک بندوں پر عصر کی چار رکعتوں کی ادائیگی جتنے وقت میں گزر جائے گا جبکہ دیگر لوگوں پر وہ طویل دن ناقابل بیان کرب واذیت کا حامل ہوگا۔ مشاہدۂ حق کے استغراق میں وقت سمٹ جاتا ہے اور صدیاں لمحوں میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔

حضرت عزیر علیہ السلام اور طئی زمانی

طئی زمانی کی ایک اور مثال قرآن کریم نے حضرت عزیر علیہ السلام کے قصہ میں بیان کی ہے۔ انہوں نے حصول حق الیقین کیلئے اللہ تعالیٰ سے طئی زمانی کے بارے میں سوال کیا۔ ان کے سوال کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے بطور مشاہدہ ان پر ایک سو سال کیلئے موت طاری کردی اور پھر بعد ازاں قدرت خداوندی ہی سے وہ زندہ ہوئے۔ قرآن کہتا ہے:

فأماته اللہ مائة عام ثم بعثه قال کم لبثت؟ (البقرۃ،259:2)

ترجمہ: سو (اپنی قدرت کا مشاہدہ کرانے کیلئے) اسے سو برس تک مردہ رکھا۔ پھر اسے زندہ کیا۔ (بعد ازاں) پوچھا: تو یہاں (مرنے کے بعد) کتنی دیر ٹھہرا رہا (ہے)۔؟

ایک صدی تک موت کی آغوش میں سوتے رہنے کے بعد جب حضرت عزیر علیہ السلام کو اللہ رب العزت کی طرف سے نئی زندگی عطا ہوئی، تو ان سے یہ پوچھا گیا کہ کتنا عرصہ لیٹے رہے؟ تو انہوں نے جواب دیا:

لبثت یوماً أو بعض یوم قال بل لبثت مائة عام۔ (البقرۃ،259:2)

ترجمہ: میں ایک دن یا ایک دن کا (بھی) کچھ حصہ ٹھہرا ہوں۔ فرمایا: (نہیں) بلکہ تو سو برس پڑا رہا (ہے)۔

حضرت عزیر علیہ السلام کو اصل صورتحال سے آگاہ کیا گیا کہ انہیں تو لیٹے ہوئے 100 سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ ان کے پاس کھانے کا جو سامان تھا وہ بھی جوں کا توں تروتازہ رہا اور اس میں کوئی عفونت پیدا نہ ہوئی۔ حضرت عزیر علیہ السلام کی توجہ اس طرف دلانے کیلئے ارشاد ہوا:

فانظر إلی طعامک و شرابک لم یتسنه۔ (البقرۃ،259:2)

ترجمہ: پس اب تو اپنے کھانے اور پینے (کی چیزوں) کو دیکھ (وہ) متغیر (باسی) بھی نہیں ہوئیں۔

جدید ترین سائنسی تحقیقات بھی طئی زمانی کی تصدیق کررہی ہے اور اس کوشش میں ہے کہ کسی لاعلاج مریض پر مصنوعی موت طاری کرکے اسے طویل مدت تک سردخانے میں محفوظ رکھا جائے اور جب اس کے مرض کا علاج دریافت ہوجائے تو اس کے جسم میں دوبارہ سے زندگی کی لہر دوڑا کر اس مریض کا علاج کیا جائے اور ایک طویل عرصہ گزرنے کے بعد اسے ایک بار پھر روز مرہ کے معمولات کی ادائیگی کے قابل بنادیا جائے۔ عین ممکن ہے کہ اس وقت تک اس کی اپنی اولاد میں سے کئی نسلیں موت سے ہمکنار ہوچکی ہوں۔ انسان کا یہ خواب اب خواب نہیں رہے گا۔

☆☆☆

نعت شریف

چلے آتے ہیں اور نعلین بھی ہیں پائے اقدس میں
اِلٰہ العالمین ! کیا عرش پر سرکارؐ کا گھر ہے

سُنو جبرئیل سدرہ ہے حویلی کا سَراپردہ
تمہیں شائد نہیں معلوم اُدھر' سرکارؐ کا گھر ہے

یہ طیبہ ہے صبا ! دارالحکومت ہے دو عالم کا
دبے قدموں سے آہستہ گزر سرکارؐ کا گھر ہے

مدینہ کیا ہے اور عرش مُعلّیٰ کیا ہے سُن لیجئے
اِدھر سرکارؐ کا دفتر' اُدھر سرکارؐ کا گھر ہے

اِدھر منظور ہوتے ہی اُدھر مقبول ہوتی ہے
دُعاؤں سے کہو باب اثر سرکارؐ کا گھر ہے

مرا کیا واسطہ اے اوجؔ دارو گیر محشر سے
قیامت میں مرے چھپنے کا گھر سرکارؐ کا گھر ہے

حضرت اوجؔ یعقوبی

شب معراج کے اعمال

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک معمول یہ تھا کہ جیسے ہی ماہ رجب کی آمد ہوجاتی عبادتوں اور نفل روزوں کی طرف آپ کی توجہ اور انہماک میں پہلے سے زیادہ اضافہ ہوجاتا۔ یہ خصوصی تسلسل ماہ رمضان تک جاری رہتا۔ رجب کا چاند دیکھ کر آپؐ فرماتے ''اے اللہ! ہمارے لئے ماہ رجب اور ماہ شعبان میں برکت عطاء فرما اور ہمیں رمضان تک پہنچا۔''

عام طور پر ہمارا یہ طریقہ بن گیا ہے کہ ہم ماہ رمضان کا انتظار کرتے ہیں کہ رمضان آنے کے بعد ہی خصوصی عبادتوں کا آغاز کریں گے جبکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک معمول یہ تھا کہ جیسے ہی ماہ رجب کی آمد ہوجاتی عبادتوں اور نفل روزوں کی طرف آپ کی توجہ اور انہماک میں پہلے سے زیادہ اضافہ ہوجاتا۔ یہ خصوصی تسلسل ماہ رمضان تک جاری رہتا۔ رجب کا چاند دیکھ کر آپؐ فرماتے ''اے اللہ! ہمارے لئے ماہ رجب اور ماہ شعبان میں برکت عطاء فرما اور ہمیں رمضان تک پہنچا''۔

صوفیہ فرماتے ہیں کہ ماہ رجب زمین کو صاف کرنے کا مہینہ ہے۔ شعبان بیج بونے کا مہینہ ہے اور رمضان پھل کاٹنے کا مہینہ ہے۔ اگر ہم رجب اور شعبان میں بالکل عبادت نہ کریں تو پھر رمضان کے فیوض سے محروم ہوجائیں گے، اسی لئے ہم کو فوری طور پر عبادتوں اور اطاعتوں کی طرف متوجہ ہوجانا چاہئے۔

شب معراج کی نماز

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رجب میں ایک رات ایسی ہے جس میں عمل کرنے والے کو 100 سال کی عبادت کا ثواب دیا جاتا ہے۔ اور وہ ماہ رجب کے ختم ہونے سے تین دن پہلے (ستائیسویں رجب) کی رات ہے، پس جوکوئی اس رات میں 12 رکعات اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد کوئی ضمہ سورہ پڑھے اور ہر دو رکعت میں تشہد پڑھے اور آخری رکعت میں سلام پھیرے اور پھر سبحان اللہ والحمد للہ ولا اله الا اللہ واللہ اکبر، 100 مرتبہ اور استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیه 100 مرتبہ اور 100 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے دنیوی اور اخروی امور کی تکمیل کے لئے دعا مانگے اور پھر صبح کو روزہ رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام دعائیں قبول کرے گا۔ سوا اس کے کہ وہ کسی خلاف شرع (کام کے لئے) دعا کرے۔ (شعب الایمان۔ باب فی الصیام، تخصیص شھر رجب بالذکر۔ حدیث: 3812)

ستائیسویں رجب کا روزہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جوکوئی ستائیسویں شب کا روزہ رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ساٹھ مہینوں کے روزوں کا ثواب لکھے گا۔ (ماثبت بالسنة)۔ ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے (حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) کہ ستائیس رجب میں میری بعثت ہوئی جوکوئی اس دن روزہ رکھے گا اور افطار کے وقت دعا کرے گا تو اس سے دس سال کے گناہ معاف ہوجائیں گے۔ (ماثبت بالسنة)

صلاۃ التسبیح

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب سے فرمایا: اے عباس! اے میرے چچا! کیا میں آپ کو عطا نہ کروں! کیا میں آپ کے ساتھ بخشش کا معاملہ نہ کروں! کیا میں آپ کے ساتھ احسان نہ کروں! کیا میں آپ کو دس ایسی خصلتیں نہ دوں جب آپ ان کو کرینگے تو اللہ تعالیٰ آپ کے سب گناہ معاف فرمادے گا چاہے اگلے ہوں یا پچھلے، نئے ہو یا پرانے، بھول کر کئے ہوں یا جان بوجھ کر، چھوٹے ہوں یا بڑے،، پوشیدہ ہوں یا ظاہر، تم چار رکعت نماز پڑھو۔ (ابن ماجه) اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن عباسؓ کو صلاۃ التسبیح کی تعلیم فرمائی۔ پھر فرمایا کہ اگر تم سے ہوسکے تو ہر روز ایک دفعہ پڑھا کرو اور اگر روزانہ نہ ہوسکے تو ہر جمعہ میں ایک دفعہ اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو ہر مہینے میں ایک دفعہ اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو سال میں ایک دفعہ اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو عمر میں ایک دفعہ اس صلاۃ التسبیح کی نماز کو پڑھو۔

صلاۃ التسبیح پڑھنے کا طریقہ

جامع ترمذی میں حضرت عبداللہ بن مبارکؒ فرماتے ہیں۔ تکبیر تحریمہ ''اللہ اکبر'' کہہ کر سبحانک اللھم و بحمدک و تبارک اسمک و تعالی جدک ولا اله غیرک پڑھے پھر 15 مرتبہ سبحان اللہ و الحمد للہ ولا اله الا اللہ واللہ اکبر پڑھے۔ پھر اعوذ باللہ اور بسم اللہ اور سورہ فاتحہ اور ضم سورہ پڑھ کر (10) بار یہی تسبیح پڑھے پھر رکوع کرے، اور رکوع میں سبحان ربی العظیم کے بعد (10) بار یہی تسبیح پڑھے پھر رکوع سے سر اٹھائے اور قومہ میں سمع اللہ لمن حمدہ، ربنا لک الحمد کے بعد (10) بار یہی تسبیح پڑھے پھر سجدہ کرے اور سبحان ربی الاعلی کے بعد (10) بار یہی تسبیح پڑھے پھر جلسہ میں (10) بار پھر دوسرے سجدے میں (10) بار پڑھے۔ یوں ہی چار رکعات پڑھے اس طرح ہر رکعات میں 75 تسبیح اور جملہ 300 تسبیح ہوئے۔ (ترمذی۔ کتاب الوتر۔ باب ماجاء فی الصلوۃ التسبیح۔ حدیث: 481

☆☆☆

جارہے ہیں وہؐ سوئے بزم دنیٰ آج کی رات
لب جبرئیل پہ ہے صل علیٰ آج کی رات
میرے سرکارؐ کو وہ اوج ملا آج کی رات
خود خدا طالب دیدار ہوا آج کی رات

بیماریوں سے تحفظ کی دعائیں

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

Bismillahil lazi la yazurro ma ismihi shaiun fil arzi wa la fis samaai wa howas sami ul aleem

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاکَ بِهِ وَفَضَّلَنِي عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلاً

Alhamdu lillahhil lazi Aafani mimmab talaka bihi w Fazzalni ala kasirim mim man Khalaqa Tafzeela

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعوذُ بِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُونِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَيِّئِ الْأَسْقَامِ

Allahumma inni Auozo bika minal Barasi wal Junooni wal Juzami wa min Sayyil Asqam

کھیل کی دنیا

آسٹریلیا 263 پر آؤٹ۔محمد سمیع کو 4 وکٹ

نئی دہلی۔17۔فروری (یو این آئی) آسٹریلیا نے عثمان خواجہ (81) اور پیٹر ہینڈ سکومب (ناٹ آؤٹ 72) کی نصف سنچریوں کی بنیاد پر بارڈر۔گاوسکر ٹرافی کے دوسرے ٹسٹ کی پہلی اننگز میں آل آؤٹ ہونے سے قبل 263 رنز بنائے۔ پہلے دن کے کھیل کے اختتام پر ہندوستان بغیر کوئی وکٹ کھوئے 21 رنز بنانے میں کامیاب رہا، حالانکہ وہ اب بھی 242 رنز سے پیچھے ہے۔ کپتان روہت شرما 13 رنز بنانے کے بعد کریز پر ہیں جبکہ نائب کپتان کے ایل راہول چار رنز بنانے کے بعد کریز پر موجود ہیں۔ آسٹریلیا کی جانب سے اوپنر خواجہ نے 125 گیندوں پر 12 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 81 رنز بنائے۔ جب خواجہ ہندوستانی سرزمین پر اپنی پہلی سنچری مکمل کرنے سے محض 19 رنز دور تھے، وہ رویندر جڈیجہ کی گیند کو ریورس سوئپ کرنے کی کوشش میں کیاچ ہو کر اپنی وکٹ گنوا بیٹھے۔ ہینڈ سکومب نے اپنی جارحانہ اننگز میں نو چوکوں کی مدد سے 142 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 72 رنز بنائے۔ آسٹریلیا کی چھٹی وکٹ 168 رنز پر گرنے کے بعد ہینڈ سکومب نے لوور آرڈر کے بیاٹسمنوں کے ساتھ مل کر قیمتی 95 رنز جوڑے جس پر آسٹریلیا 263 رنز تک پہنچ سکا۔

پنجاب اسٹیٹ ماسٹرز بیاڈمنٹن چمپئن شپ کا آغاز

جالندھر، 17 فروری (یو این آئی) سابق بین الاقوامی لیجنڈ شٹلر دیپانکر کوہلی نے جمعہ کو رائے زادہ ہنس راج بیاڈمنٹن اسٹیڈیم میں ڈسٹرکٹ بیاڈمنٹن اسوسی ایشن (ڈی بی اے) کے زیر اہتمام انڈین آئل پنجاب اسٹیٹ ماسٹرس بیاڈمنٹن چمپئن شپ 2023 کا افتتاح کیا۔ چیمپئن شپ میں 250 کے قریب کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ چمپئن شپ کے پہلے روز کل ملا کر 65 میاچ کھیلے گئے۔ یہ میاچ 35 سے 65 پلس سال کی عمر کے کھلاڑیوں کے درمیان کھیلے گئے۔ ڈی بی اے کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے مسٹر کوہلی نے کہا کہ عمر کے اس مرحلے میں فٹ رہنا بہت ضروری ہے اور اس طرح کے ایونٹس سے کھلاڑیوں کو فٹ رہنے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایونٹ اس بات کی علامت ہے کہ ڈی بی اے ہر عمر کے کھلاڑیوں کی فٹنس اور جوش و خروش کو برقرار رکھنے میں سنجیدہ ہے۔ اس موقع پر سکریٹری ڈی بی اے اور سابق قومی کھلاڑی رتن کھنہ، ونیت جونیجا، پنجاب مسیح، رام لکھن، دھیرج شرما، سدھا کر شرما اور دیگر موجود تھے۔ ٹورنمنٹ میں ورون کمار چیف ریفری اور شہزان خان ڈپٹی چیف ریفری کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل اور سیمی فائنل میاچس ہفتہ کو کھیلے جائیں گے۔ فاتحین میں انعامات 19 فروری کو تقسیم کیے جائیں گے 19 سے 26 مارچ تک گوا میں ہونے والی انڈین ماسٹرز نیشنل بیاڈمنٹن چیمپئن شپ 23-2022 میں پنجاب کی نمائندگی کریں گے۔

ابوالعابد حضرت سید شاہ اعظم علی صوفی قادری درویش حسنی حسینی قطب دکنؒ و حضرت مولانا سید شاہ اعظم علی صوفی قادری حسنی حسینی ثانی صوفی اعظمؒ تصوف کدہ، کبوتر خانہ قدیم حسینی علم کا جلوس صندل۔ تصویر میں سراج الصوفیہ حضرت مولانا سید شاہ ظہیر الدین علی صوفی قادری صاحب سجادہ نشین درگاہ حضرت صوفی اعظم قطب دکنؒ، مولانا سید شاہ بدیع الدین علی صوفی قادری صاحب، مولانا سید شاہ تاج الدین علی صوفی قادری صاحب، سید شاہ اعظم علی صوفی قادری فیضان پیر، سید شاہ سعد علی صوفی قادری حسینی پیر، سید شاہ غوث قادری محمد پاشاہ کے علاوہ جناب سید عقیل صدر ابتدائی مجلس 9 نمبر و وارڈ ممبر سلیمان نگر ڈویژن بھی موجود تھے۔

آئی پی ایل سیزن 16 کا 31 مارچ سے آغاز

ممبئی۔17۔فروری (اسپورٹس ڈیسک) ہندوستانی گھریلو ٹی 20 کرکٹ لیگ انڈین پریمیر لیگ (آئی پی ایل) کے شیڈول کا آج اعلان کر دیا گیا۔ دفاعی چمپئنس گجرات ٹائٹنز اور سابق چمپئن چینائی سوپر کنگس کے درمیان 31 مارچ کو افتتاحی مقابلہ احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ہوگا۔ آئی پی ایل کے 16 ویں سیزن کا آج ہندوستانی کرکٹ بورڈ بی سی سی آئی کی جانب سے اعلان کیا گیا۔ اس نے سال گزشتہ کی طرح 10 ٹیمیں اس باوقار ٹروفی کو حاصل کرنے کیلئے ایک دوسرے کے خلاف صف آراء ہوں گی۔ ٹورنمنٹ کے دوران 74 میاچس کھیلے جائیں گے جبکہ اس مرتبہ ملک کے مختلف شہروں میں میاچس کھیلے جائیں گے جیسا کہ کووڈ وبا کے سبب گزشتہ دو برسوں میں محدود شہروں میں ہی مقابلے ہوئے تھے۔ فائنل

انگلینڈ پہلے ٹسٹ کی دوسری اننگز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 79 رنز

میزبان بیاٹر ٹام بلنڈل کی شاندار سنچری۔نیوزی لینڈ پہلی باری میں 306 پر آؤٹ

ماؤنٹ مونگانوئی۔17۔فروری (اسپورٹس ڈیسک) انگلینڈ نے نیوزی لینڈ کے خلاف دو میاچس کی سیریز کے پہلے ٹسٹ میاچ میں اپنی دوسری اننگز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 79 رنز بنا کر مجموعی طور پر 98 رنز کی برتری حاصل کرلی۔ قبل ازیں کیوی ٹیم انگلینڈ کی پہلی اننگز کے اسکور 325 رنز کے جواب میں دوسرے روز 306 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ کیوی ٹیم کے ٹام بلنڈل 138 اور ڈیون کونوے 77 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ انگلینڈ کی طرف سے اولی رابنسن 4، جیمس اینڈرسن 3 اور سٹورٹ براڈ، جیک لیچ اور بین سٹوکس نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ انگلینڈ کے اولی پاپ 14 اور اسٹورٹ براڈ 6 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ ہیں۔ جمعہ کو میاچ کے دوسرے روز کیوی ٹیم نے اپنی پہلی ادھوری اننگز 37 رنز 3 کھلاڑی آؤٹ پر دوبارہ شروع کی تو ڈیون کانوے 17 اور نیل واگنر 4 رنز پر کھیل رہے تھے۔ نیل واگنر 27، ڈیرل مچل صفر پر آؤٹ ہوگئے۔ ڈیون کونوے نیوزی لینڈ کے چھٹے آؤٹ ہونے والے کھلاڑی تھے جو اپنی نصف سنچری مکمل کرنے کے بعد 77 رنز بنا کر بین سٹوکس کی گیند پر آؤٹ ہوگئے، اس کے بعد مائیکل بریسویل 7 اور سکاٹ کگیلجن 20 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے، ٹم ساؤتھی 10 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ اس موقع پر ٹام بلنڈل کی شاندار اننگز کا بھی خاتمہ ہوگیا اور وہ 138 انفرادی رنز بنا کر جیمس اینڈرسن کی گیند پر آؤٹ ہوگئے۔ بلیئر ٹکنر 3 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔ کیوی ٹیم انگلینڈ کی پہلی اننگز کے سکور 325 رنز کے جواب میں 306 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ انگلینڈ کی طرف سے اولی رابنسن 4، جیمس اینڈرسن 3 اور سٹورٹ براڈ، جیک لیچ اور بین اسٹوکس نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ انگلینڈ کی ٹیم کی طرف سے زیک کرولی اور بین ڈکٹ نے دوسری اننگز کا آغاز 19 رنز کے اضافے کے ساتھ کیا۔ تو بین ڈکٹ 25 رنز بنا کر بلیئر ٹکنر کی گیند پر ٹام لیتھم کے ہاتھوں کیاچ آؤٹ ہوگئے۔ زیک کرولی دوسرے آؤٹ ہونے والے کھلاڑی تھے جو 28 رنز بنا کر سکاٹ کگیلجن کی گیند پر ٹام بلنڈل کے ہاتھوں کیاچ آؤٹ ہوگئے۔ میاچ کے دوسرے روز جب کھیل ختم ہوا تو انگلینڈ نے اپنی دوسری اننگز میں دو وکٹوں کے نقصان پر 79 رنز بنالئے تھے اور اس کو کیویز کے خلاف 98 رنز کی مجموعی برتری حاصل ہوگئی تھی۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے بلیئر ٹکنر اور سکاٹ کگیلجن نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ اولی پاپ 14 اور سٹورٹ براڈ 6 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ تھے۔

ہونڈا کلاسک اوپن گولف ٹورنمنٹ کا 23 فروری سے امریکہ میں آغاز

فلوریڈا۔17۔فروری (اسپورٹس ڈیسک) ہونڈا کلاسک اوپن گولف ٹورنمنٹ 23 فروری سے امریکی ریاست فلوریڈا میں شروع ہوگا۔ پی جی اے ٹور کے زیر اہتمام رواں ماہ امریکا میں شیڈول گولف ٹورنمنٹ کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئیں ہیں۔ ٹورنمنٹ میں دنیائے گولف کے نامور گالفرز ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کریں گے۔ ٹورنمنٹ میں آسٹریا کے گالفر سیپ اسٹراکا اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے۔ 70 ہولز پر کھیلے جانے والا یہ ٹورنمنٹ چار روز جاری رہنے کے بعد 26 فروری کو اختتام پذیر ہوگا۔ ہونڈا کلاسک اوپن گولف ٹورنمنٹ 1972 میں پہلی مرتبہ کھیلا گیا تھا۔ ٹورنمنٹ کے لئے 84 لاکھ امریکی ڈالر انعامی رقم رکھی گئی ہے۔

انوار العلوم کالج آف بزنس مینجمنٹ میں فوڈ کارنیول کا انعقاد۔ پروفیسر احمد بیگ صاحب پرنسپل، ڈاکٹر عثمان بن سالم وائس پرنسپل، محمد ابراہیم الدین دونوں انسٹاگرام بلوگر سلمبر ٹیز دیکھے جاسکتے ہیں۔

چیتن شرما، بی سی سی آئی چیف سلیکٹر کے عہدہ سے مستعفی

ممبئی۔17۔فروری (یو این آئی) چیتن شرما نے ایک نیوز چینل کے اسٹنگ آپریشن کے بعد ہندوستانی مرد ٹیم کے چیف سلیکٹر کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ اس اسٹنگ آپریشن میں کھلاڑیوں کو انجکشن لگا کر فٹ بنانے جیسے کئی دعوے کئے تھے۔ انہوں نے اس کے علاوہ سابق کپتان ویراٹ کوہلی اور ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) کے سابق صدر سورو گنگولی کے درمیان تلخی کی بات بھی کہی تھی۔ اسٹنگ آپریشن سے ناخوش، بی سی سی آئی نے شرما سے وضاحت طلب کی، تاہم، انہوں نے وضاحت دینے کے بجائے، بورڈ سکریٹری جے شاہ کو اپنا استعفیٰ دے دیا۔ ذرائع کے مطابق شاہ نے شرما کا استعفیٰ قبول کرلیا ہے۔ بی سی سی آئی آج اس معاملے میں باضابطہ تصدیق کرسکتا ہے۔ شرما کے متبادل کے بارے میں ابھی تک کوئی اطلاع نہیں ہے، حالانکہ ایسٹ زون کے سلیکٹر شیو سندر داس چیف سلیکٹر کی دوڑ میں آگے بتائے جارہے ہیں۔

آر اشون کے آسٹریلیا کے خلاف 100 ٹسٹ وکٹ مکمل

نئی دہلی۔17۔فروری (یو این آئی) ہندوستان کے عظیم آل راؤنڈر روی چندرن اشون نے اپنے شاندار کریئر میں ایک اور کامیابی جوڑتے ہوئے جمعہ کو بارڈر گواسکر ٹرافی میں 100 وکٹ پورے کئے۔ اشون کے ہندوستان اور آسٹریلیا کے درمیان یہاں ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے دوسرے ٹسٹ میں ایلکس کیری کو آؤٹ کر کے یہ کامیابی حاصل کی۔ اس سے پہلے وہ مارنس لوبوشین اور اسٹیو اسمتھ کا وکٹ لے چکے تھے۔ ہندوستان اور آسٹریلیا کے درمیان کھیلی جانے والی اس سیریز میں اشون کل 20 میاچ کھیل کر 29.38 کی اوسط سے 100 وکٹ لے چکے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ اشون نے اس سے قبل ناگپور میں گزشتہ ہفتہ کھیلے گئے ٹسٹ میں اپنے 450 ٹسٹ وکٹ پورے کئے تھے۔ وہ اپنے کریئر میں 31 بار پانچ وکٹ لے چکے ہیں جب کہ سات بار انہوں نے 10 وکٹ لے چکے ہیں۔ وہ ٹسٹ وکٹ لینے والے ہندوستانی بولر کی فہرست میں صرف انل کمبلے (619) کے پیچھے ہیں۔

پورٹو ریکو اوپن گولف ٹورنمنٹ 2 مارچ سے شروع ہوگا

پورٹو ریکو۔ 17۔ فروری (اسپورٹس ڈیسک) پورٹو ریکو اوپن گولف ٹورنمنٹ 2 مارچ سے پورٹو ریکو میں شروع ہوگا۔ ٹورنمنٹ کے کامیاب انعقاد کیلئے تیاریاں عروج پر ہیں۔ یہ ٹورنمنٹ پی جی اے ٹور کا مشہور گولف ایونٹ ہے جو پہلی بار 2008 میں کھیلا گیا تھا۔ ٹورنمنٹ 72 ہولز پر کھیلا جائے گا۔ ٹورنمنٹ میں دنیائے گولف کے نامور کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے۔ پی جی اے ایونٹ میں امریکا سے تعلق رکھنے والے گالفر ریان برہم اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے۔

آج ارا کنٹہ العمودی پٹرول کے قریب اکھاڑے کے تلنگانہ کیسری ابوبکر بامس پہلوان اور تمام اکھاڑے کے پہلوانوں کی جناب شیخ عبداللہ بن حسین العمودی صاحب، شیخ سالم بن حسین العمودی کی جانب سے گلپوشی کی گئی۔ اس موقع پر جناب محمود دیانی صاحب مجلس، جناب حسن شاہ وارڈ نمبر (1) کونسلر مجلس اور ان کے علاوہ تمام عمودی برادران، دیانی برادران، بامس برادران موجود تھے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب ابوبکر بامس پہلوان اور جناب حسن شاہ کونسلر نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ نمازوں کی پابندی اور کھیلوں میں حصہ لے کر اپنے شہر، تلنگانہ اور اپنے ملک کا نام روشن کریں۔

درگاہ شریف حضرت سلطان الواعظین رح صوفی منزل مصری گنج میں قاضی صوفی شاہ محمد عبدالقادر قادری چشتی ثانی قادر پاشاہ سجادہ نشین و نبیرہ حضرت سلطان الواعظین رح کی دختر کی تقریب عقد کے موقع پر اولاد حضور سیدنا خواجہ غریب نواز رح حضرت سید خواجہ غیاث الدین چشتی اجمیری جانشین قدیم دیوان درگاہ اجمیر شریف اور جناب محمد حبیب الدین، جناب سید مقبول علی، جناب مرزا اسد اللہ بیگ اطہر، جناب علی بن محفوظ، جناب امر بن دیانی، جناب عبدالغفار، جناب عمران صوفی

بارکس پلاٹینیم کرکٹ کپ 2023 کے سیمی فائنل میں اوالیس گروپ پہنچ گیا۔ اس گروپ نے کوارٹر فائنل میں کے بی آر کرکٹ گراونڈ ٹیم کے خلاف کامیابی حاصل کرلی۔ فہد سعدی میان آف دی میاچ قرار دیئے گئے۔ عدنان سعدی، عیسیٰ سعدی، عود سعدی، صدیق بغدادی اور جابر سعدی نے انہیں تہنیت اور مبارکباد پیش کی۔

درگاہ شریف حضرت سلطان الواعظین رح صوفی منزل مصری گنج میں قاضی صوفی شاہ محمد عبدالقادر قادری چشتی ثانی قادر پاشاہ سجادہ نشین و نبیرہ حضرت سلطان الواعظین رح کی دختر کی تقریب عقد کے موقع پر ممتاز عالم دین حضرت مولانا مفتی حافظ سید شاہ صادق محی الدین فہیم، مولانا ڈاکٹر حافظ قاری شبیر احمد یعقوبی نائب شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ، جناب محمد رشید، سرگرم مجلسی کارکن جناب محمد مصیح خان، جناب خاجو، قاضی صوفی شاہ محمد عبدالرحمٰن قادری چشتی تبریز پاشاہ

بیرسٹر اسد الدین اویسی و صدر مجلس کی ہدایت پر جناب اکبر الدین اویسی قائد مجلس مقننہ پارٹی و رکن اسمبلی چندرائن گٹہ کی کامیاب نمائندگی پر جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی کاروان کی زیر نگرانی شادی مبارک اور کلیان لکشمی کے چیکس روز فنکشن ہال صالح نگر چھوٹا بازار گولکنڈہ قلعہ میں تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر جناب وجیہ الزماں صدیقی نمائندہ کارپوریٹر لنگر حوض، جناب محمد نصیر الدین کارپوریٹر نانل نگر، جناب محمد بدرالدین نمائندہ کارپوریٹر گولکنڈہ، جناب ہارون فرحان نمائندہ کارپوریٹر ٹولی چوکی اور جناب محمد شفیع الدین (انو) ابتدائی صدر صالح نگر محمد صدیق ابتدائی صدر صالح نگر (کچہ) اور سید اعظم ابتدائی صدر 7 گلی محمد ندیم ابتدائی صدر صالح نگر (کچہ) خالد اور ابتدائی صدر کماروا ڑی اور محمد واجد علی معتمد صالح نگر، محمد عتیق رضا معتمد دھان کوٹہ خواجہ کمال الدین معتمد دھان کوٹہ سید صدیق معتمد صالح نگر (کچہ) متین قریشی معتمد 7 گلی اور نائب معتمد مرزا رشید بیگ، نعیم خان، محمد عمران، محمد سرور، عبدالحمید، محمد یونس، خلیل جاؤش موجود تھے۔

درگاہ شریف حضرت سلطان الواعظین رح صوفی منزل مصری گنج میں قاضی صوفی شاہ محمد عبدالقادر قادری چشتی ثانی قادر پاشاہ سجادہ نشین و نبیرہ حضرت سلطان الواعظین رح کی دختر کی بہت ہی سادگی سے منعقدہ تقریب عقد کے موقع پر ضیاء المشائخ حضرت مولانا سید شاہ محمد قبول بادشاہ حسنی الحسنی قادری شطاری معتمد صدر مجلس علمائے دکن، مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی خلیل احمد شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ، مولانا سید عبدالقادر قادری وحید پاشاہ کو آڈینیٹر آل انڈیا صوفی سجادہ نشین کونسل، مجاہد اہلسنت مولانا ڈاکٹر حافظ محمد مظفر حسین خان قادری بندہ نوازی کنوینر مرکزی میلاد جلوس، مولانا سید شاہ خضر پاشاہ قادری، مولانا حافظ قاری رضوان قریشی خطیب مکہ مسجد، قاضی صوفی شاہ محمد عبدالرحمٰن قادری چشتی تبریز پاشاہ، سید مقبول قادری

انتظامی کمیٹی مسجد کوثر صالح نگر کچہ واہلیان محلہ و نوجوانان کی جانب سے آج بعد نماز جمعہ جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی مجلس حلقہ کاروان کی گلپوشی اور تہنیت پیش کی گئی ہے۔ تصویر میں مولانا عظمت اللہ نقشبندی خطیب مسجد، وجیہ الزماں صدیقی نمائندہ کارپوریٹر مجلس لنگر حوض، محمد نصیر الدین کارپوریٹر نانل نگر، ہارون فرحان نمائندہ کارپوریٹر ٹولی چوکی، محمد یونس صدر انتظامی کمیٹی مسجد کوثر، صدیق قادری نائب صدر کمیٹی، محمد عتیق احمد رضا معتمد کمیٹی، محمد لئیق علی سرور نائب معتمد کمیٹی، خواجہ کمال الدین معتمد ابتدائی مجلس صالح نگر کچہ، سید صدیق معتمد ابتدائی مجلس، محمد عمران بیگ معتمد ابتدائی مجلس، شیخ محبوب شریک معتمد ابتدائی مجلس، محمد بشر رضا، محمد رضا اور مصلیان مسجد اور عوام کی کثیر تعداد شریک تھی۔

درگاہ شریف حضرت سلطان الواعظین رح صوفی منزل مصری گنج میں قاضی صوفی شاہ محمد عبدالقادر قادری چشتی ثانی قادر پاشاہ سجادہ نشین و نبیرہ حضرت سلطان الواعظین رح کی دختر کی تقریب عقد کے موقع پر تنویر المشائخ حضرت مولانا سید شاہ محمد محمود بادشاہ قادری زرین کلاہ، مولانا سید احمد پاشاہ قادری معتمد عمومی مجلس و رکن اسمبلی یاقوت پورہ، ضیاء ملت حضرت مولانا مفتی حافظ سید شاہ ضیاء الدین نقشبندی القادری صدر مفتی جامعہ نظامیہ، جناب سید محمود قادری سہیل قادری کارپوریٹر مجلس، مولانا سید شاہ مرتضیٰ پاشاہ قادری زرین کلاہ کاشف پاشاہ، قاضی صوفی شاہ محمد عبدالرحمٰن قادری چشتی تبریز پاشاہ

ایشیا کپ میں اپنے میاچس یو اے ای میں کھیلنے ہندوستان کی تجویز

ٹیم انڈیا فائنل میں پہنچنے کی صورت میں ٹائٹل مقابلہ بھی امارات میں ہوگا: میڈیا

لاہور۔17۔فروری (اسپورٹس ڈیسک) ہندوستان کے ایشیا کپ 2023ء کے میاچس متحدہ عرب امارات (یو اے ای) میں کھیلنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ہندوستانی کرکٹ بورڈ نے ایشیا کپ میں اپنے میاچس یو اے ای میں کھیلنے کی تجویز دے دی۔ تجویز میں کہا گیا ہے کہ پاکستان ایشیا کپ کا میزبان رہے اور دیگر ٹیموں کے میاچس پاکستان میں کھیلے جائیں۔ اسی طرح ہندوستان کے فائنل میں پہنچنے کی صورت میں فائنل بھی یو اے ای میں کھلائے جانے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق بورڈ آف کنٹرول کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو صرف آپشن دیا ہے، باقی فیصلہ ان کا ہے۔ خیال رہے کہ 4 فروری کو ہونے والے ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) اجلاس میں وینیو کا حتمی فیصلہ نہیں ہوسکا تھا۔ اجلاس میں پی سی بی نے سخت مؤقف پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ ایشیا کپ کی میزبانی پاکستان کے پاس ہے۔ واضح رہے کہ ایونٹ کے وینیو سے متعلق اے سی سی کے آئندہ اجلاس میں حتمی فیصلہ ہوگا۔

'میں ٹھیک ہوں' جاوید میانداد کا مداحوں سے اظہار تشکر

کراچی۔17۔فروری (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ کے لیجنڈ بیاٹسمن جاوید میانداد نے اپنے چاہنے والوں کے ویڈیو پیغام جاری کیا ہے۔ تقریباً ایک منٹ پر مشتمل ویڈیو بیان میں جاوید میانداد نے کہا کہ مجھے پتا چلا کہ میری بیماری کے بارے میں خبر میڈیا پر نشر ہوئی ہے۔ انہوں نے اپنے مداحوں کو تسلی دی کہ خبر سننے کے بعد لوگ پریشان ہوگئے ہیں، میں سب کو کہنا چاہتا ہوں، میں بالکل خیریت سے ہوں۔ لیجنڈ بیاٹسمن نے مزید کہا کہ سر میں درد کی شکایت پر میں ہاسپٹل میں اپنے چیک اپ کیلئے آیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ چیک اپ کیلئے تو ہاسپٹل آنا ہی پڑتا ہے، سب ٹھیک ہے، کوئی بھی فکر کی بات نہیں۔ جاوید میانداد نے کہا کہ مجھے پتا چلا ہے کہ میری طبیعت کی خبر سن کر لوگ پریشان ہوئے ہیں، جن میں میری فیملی، دوست احباب اور ملک اور بیرون ملک کے مداح شامل ہیں، انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ میں بالکل خیریت سے ہوں، کوئی سنجیدہ نوعیت کی بات نہیں ہے۔ انہوں نے اپنے مداحوں کو بتایا کہ میں آدھے سے ایک گھنٹے میں ہاسپٹل سے ڈسچارج ہو کر اپنے گھر چلا جاوں گا، اتنی محبت کیلئے آپ کا بہت بہت شکریہ۔ واضح رہے کہ کرکٹ لیجنڈ اور پاکستانی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان جاوید میانداد کی طبیعت ناساز ہوگئی۔ خاندانی ذرائع کے مطابق جاوید میانداد کو طبیعت خرابی کے باعث کراچی کے مقامی ہاسپٹل منتقل کر دیا گیا۔ خاندانی ذرائع نے بتایا کہ جاوید میانداد اچانک چکر آنے پر گر گئے تھے۔

رونالڈو پر عصمت ریزی کا مقدمہ کرنے والی خاتون کے وکیل پر لاکھوں ڈالر کا جرمانہ

لاس ویگاس۔17۔فروری (اسپورٹس ڈیسک) کرسٹیانو رونالڈو پر عصمت ریزی کیس دائر کرنے والی خاتون کے وکیل پر جرمانہ عائد کردیا۔ ذرائع کے مطابق سال 2018 میں رونالڈو پر عصمت ریزی کا مقدمہ امریکی عدالت میں دائر کرنے والی خاتون کیتھرین مایورگا کے وکیل کو مقامی عدالت نے 3 لاکھ 35 ڈالرس کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ امریکی جج نے حکم دیا کہ کیتھرین مایورگا کے وکیل لیسلی اسٹوول کو ذاتی طور پر رونالڈو کو نقد رقم دینا ہوگی، عدالت کا کہنا ہے کہ پرتگالی فٹبالر کو بدنامی سے بچنے اور بلیک میلنگ کے ذریعہ خاتون کو 3 لاکھ 75 ہزار ڈالر دلوائے گئے۔ قبل ازیں رونالڈو نے اگست 2022 میں اعتراف کیا تھا کہ انہوں نے عصمت ریزی الزام لگانے والی سابق ماڈل کو خاموش رہنے کیلئے لاکھوں ڈالرس ادا کیے تھے۔ دوسری جانب کیس سامنے آنے کے بعد بھی رونالڈو نے کیتھرین مایورگا کیساتھ عصمت ریزی کرنے کی تردید کی تھی۔ مایورگا نے دعویٰ کیا تھا کہ رونالڈو نے 2010 میں اسے 275,000 پاؤنڈ ادا کیے تھے تاکہ وہ اس واقعہ کے بارے میں بات نہ کریں اور مجرمانہ الزامات کی پیروی کو روک دیں۔ پرتگالی فٹبالر نے عدالت سے اپیل بھی کی تھی کہ چونکہ انہوں نے عصمت ریزی الزامات کو سامنے نہ لانے سے متعلق باہمی رضامندی کا معاہدہ کیا اور اس لئے انہوں نے خطیر رقم بھی ادا کی، اس لئے ان کے خلاف دائر کیس کو خارج کر دیا جائے۔ واضح رہے کہ مایورگا نے 2010 میں جو عصمت ریزی کا مقدمہ دائر کروایا تھا، اس میں انہوں نے رونالڈو کو نامزد نہیں تھا جبکہ ستمبر 2018 میں اسی مقدمے کو بنیاد بنا کر عدالت میں کیس دائر کیا تو فٹبالر کا نام شامل تھا۔

دنیا کی معروف ترین اسپورٹس ویئر برینڈ اڈیڈاس کمپنی مسائل سے دوچار

برلن۔17۔فروری (اسپورٹس ڈیسک) دنیا کی معروف ترین اسپورٹس ویئر برینڈ اڈیڈاس کمپنی کو ان دنوں مشہور ریپر کینیے ویسٹ کے ساتھ معاہدہ ختم ہونے کے بعد مالی اور اخلاقی مسائل کا سامنا ہے۔ کمپنی مشہور گلوکار کے نام سے منسوب جوتے ییزیے کے بارے میں فکرمند ہیں کہ معاہدہ ختم ہونے کے بعد وہ ان جوتوں کو پگھلا کر کروکس میں تبدیل کریں یا لیبل کو ختم کریں تاکہ کوئی ان کا نوٹس نہ لے سکے، تاہم کمپنی حتمی فیصلہ کرنے سے تاحال قاصر ہے۔ کینیے کے ساتھ معاہدہ ختم ہونے پر کمپنی کو سوشل میڈیا پر بھی کافی تنقید کا سامنا رہا۔ [illegible] یہ برانڈ جب سے مشکلات کا شکار ہے جب اس نے اکتوبر میں کینیے ویسٹ کے ساتھ اپنے یہودی مخالف بیان پر معاہدہ ختم کیا تھا۔ کینیے ویسٹ کی بدولت کمپنی کو ریکارڈ منافع ہوا تھا، تاہم معاہدہ ختم ہونے کے بعد کمپنی خسارے کا شکار ہے

غباروں کے معاملہ میں جو بائیڈن کا پہلی بار اظہار خیال

چینی ہم منصب سے بات چیت کرنے کا اعلان

واشنگٹن۔17۔فروری (یو این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ اُن کا خیال ہے کہ آسمان پر پرواز کرنے والے اور امریکی فوج کی طرف سے گرائے جانے والی آخری 3 اجسام میں جاسوسی کی خصوصیات نہیں ہیں اور ان کا تعلق خانگی کمپنیوں سے ہے۔ امریکہ میں حال ہی میں جو موضوع عوام کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے' وہ آسمان پر پرواز کرنے والے اجسام ہیں۔ جو بائیڈن نے پہلی بار اس موضوع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پہلے غبارے کے سوا گرائے گئے 3 اجسام کو جاسوسی کے مقاصد کے لئے استعمال نہیں کیا گیا ہے۔ ان کے مطابق وہ سمجھتے ہیں کہ وہ تحقیق یا تفریحی مقاصد کے لئے نجی کمپنیوں کے غبارے ہیں' انٹلی جنس یونٹ اشیاء کی تحقیقات جاری رکھے ہوئے ہے۔ بائیڈن نے بتایا کہ ان اشیاء کو خود مختاری کا حق استعمال کرتے ہوئے گرایا گیا ہے جبکہ اُن کے ملک کی خود مختاری کی خلاف ورزی ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ ہر اُس جسم یا شئے کو جس سے اُن کے ملک کو خطرہ ہو' گرادینے کا حق رکھتے ہیں' وہ اپنے چینی ہم منصب ژی جن پنگ سے اس سلسلہ میں بات چیت کریں گے۔ ان کے مطابق ہم چین کے ساتھ تنازعہ نہیں' رقابت کے خواہاں ہیں' ہم نئی سرد جنگ شروع کرنا نہیں چاہتے ہیں۔

صحافی کا سوال' امریکی صدر نے 'وقفہ' مانگ لیا

واشنگٹن۔17۔فروری (یو این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے ایک صحافی کے سوال پوچھنے پر وقفہ مانگ لیا۔ میڈیا ذرائع کے مطابق امریکی صدر چینی جاسوس غبارے اور اس کو مار گرانے کے تعلق سے بات کررہے تھے۔ بات ختم کرنے کے بعد اُن سے سوال کیا گیا کہ کیا چین سے نمٹنے کی آپ کی اہلیت وہاں آپ کے خاندان کے کاروباری تعلقات کی وجہ سے متاثر ہوئی ہے؟' اس سوال پر امریکی صدر نے مسکرا کر کہا کہ مجھے وقفہ دیں۔ غیر ملکی میڈیا کے پریس روم میں جو بائیڈن اپنے خاندان کے چین میں کاروباری تعلقات کے بارے میں سوال پوچھنے پر ناراض ہوگئے۔ رپورٹس کے مطابق جو بائیڈن نے اس دوران ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے صحافیوں پر تنقید کی کہ اُن کا رویہ نرم نہیں اور پھر کمرے سے باہر چلے گئے۔ اس دوران ایک اور صحافی نے بائیڈن سے اُن پر ہونے والی تنقید کے معاملہ میں سوال کرنا چاہا جس پر جو بائیڈن نے کہا کہ آپ میرے آفیس آکر سوال پوچھ سکتے ہیں جہاں ہمارے پاس زائد شائستہ لوگ ہیں۔ اس سے قبل امریکی صدر نے کہا کہ میں چینی صدر سے اس معاملہ پر بات کروں گا۔ دوسری جانب امریکی صدر کے جاسوس غبارے کے معاملہ پر چینی صدر سے بات کرنے کے بیان پر چینی وزارت خارجہ نے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔

جو بائیڈن کی طبی جانچ' ڈیوٹی کیلئے فٹ قرار

واشنگٹن۔17۔فروری (یو این آئی) امریکی ڈاکٹروں نے صدر جو بائیڈن کو صحت منداور مضبوط قرار دیا ہے۔ 80 برس کی عمر میں وہ بطور صدر خدمات انجام دینے والے معمر ترین شخص ہیں اور توقع کی جارہی ہے کہ وہ 2024ء کے انتخابات کے لئے بھی تیار ہیں۔ کل 3 گھنٹے کے جسمانی طبی معائنوں کے بعد جو بائیڈن کو ڈیوٹی کی انجام دہی کے لئے فٹ قرار دیا گیا۔ چونکہ 80 سالہ معمر صدر نے ممکنہ دوسری مدت کے لئے 2024ء میں اپنی متوقع انتخابی دوڑ کی تیاریاں شروع کردی ہیں' اس لئے ان کے ٹسٹ کے نتائج کا شدت سے انتظار کیا جارہا تھا۔ میری لینڈ کے والٹر ریڈ نیشنل ملٹری میڈیکل سنٹر میں وسیع تر جانچ کے دوران نسبتاً بعض معمولی مسائل پائے گئے' جس میں ان کے سینے میں موجود ایک بہت ہی معمولی قسم کے زخم کو ہٹانا بھی شامل تھا۔ ڈاکٹروں نے تاہم انہیں پھیپھڑے کی بیماری سے پاک قرار دیا کیونکہ گزشتہ برس وہ 2 بار کووڈ سے متاثر ہوئے تھے اور اب ماہرین نے کہا ہے کہ ان میں ایسی کوئی علامت نہیں پائی گئی۔ بائیڈن کے ڈاکٹر کیون او کی رپورٹ کو وائٹ ہاؤس نے شائع کیا ہے' جس میں کہا گیا ہے کہ صدر ایک صحت منداور مضبوط قسم کے 80 سالہ مرد ہیں' جو صدارتی فرائض کو کامیابی کے ساتھ نبھانے کے لئے موزوں ہیں۔ ان فرائض میں چیف اگزیکٹو ہونے ساتھ ہی ان کے حکومت کے سربراہ اور کمانڈر ان چیف ہونے کی ذمہ داریاں بھی شامل ہیں۔ اس میں کہا گیا کہ صدر اپنے فرائض انجام دینے کے لئے پوری طرح سے موزوں ہیں اور بغیر کسی مشکل یا رعایت کے وہ اپنی تمام ذمہ داریوں کو مکمل طور پر انجام دینے کے اہل ہیں۔ ڈاکٹر نے مزید کہا کہ بائیڈن میں کسی بھی سنگین اعصابی مسائل جیسے فالج' متعدد قسم کی تشنج کی سختی' پارکنسنز (لرزہ طاری ہونے جیسی اعصابی شکایت) یا ابھرتی ہوئی لیٹرل سکلیر وسیس سے پوری طرح پاک ہیں۔ جو بائیڈن صدر کے طور پر خدمات انجام دینے والے اب تک کے سب سے معمر شخص ہیں۔ گزشتہ ہفتہ پی بی ایس کے ساتھ ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا تھا کہ جو بھی اپنی عمر کے بارے میں فکر مند ہے' اسے مجھے بطور صدر دیکھنا چاہئے تاہم کئی سروے یہ بھی بتاتے ہیں کہ ووٹروں میں اُن کی اہلیت کے بارے میں اس طرح کے خدشات بھی ہیں کہ اگر وہ دوسری مدت کے لئے جیت جاتے ہیں' تو مزید 4 برس اس عہدے پر برقرار رہ سکیں گے یا نہیں۔ دوسری مدت کے عہدہ صدارت کے اختتام تک وہ 86 برس کے ہوجائیں گے' جو امریکہ میں مردوں کی اوسط متوقع عمر سے 13 برس زائد ہے۔

پرتگال میں سرمایہ کاروں کیلئے 'گولڈن ویزا' پروگرام منسوخ

لزبن۔17۔فروری (یو این آئی) پرتگالی حکومت نے 'گولڈن ویزا' نامی پروگرام کے تحت سرمایہ کاری کے لئے کاروباری رہائشی اجازت نامے جاری نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس اقدام کا اعلان کرتے ہوئے پرتگالی وزیر اعظم انتونیو کوستا نے کہا کہ گولڈن ویزا کو ختم کرنے کے فیصلہ کا مقصد ہاؤسنگ بحران کو حل کرنا اور رئیل اسٹیٹ کی قیاس آرائیوں کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پہلے سے جاری کئے گئے ویزوں میں اب توسیع صرف اسی صورت میں کی جائے گی جب جائیداد میں سرمایہ کاری سرمایہ کار کی جانب سے اپنے یا اپنے ورثاء کے لئے مستقل رہائش کے حصول کے لئے کی گئی ہو یا گھر طویل مدت کے لئے چھوڑ دیا جائے۔ اکتوبر 2012ء میں اس پروگرام کے آغاز کے بعد سے 11,500 سے زائد غیر ملکیوں نے پرتگال میں رہائشی اجازت نامے حاصل کئے ہیں۔ اس پروگرام کے تحت ملک کو مبینہ طور پر 6.7 بلین یورو (7.1 بلین ڈالر) سے زائد کی سرمایہ کاری ملی۔ پرتگال نے یوکرین میں خصوصی فوجی آپریشن شروع کرنے کے بعد فروری 2022ء کے آخر سے گولڈن ویزا کے لئے روسی سرمایہ کاروں کی درخواستیں قبول کرنی بند کردی ہیں۔

جرمنی میں مزید کئی ادویات کی قلت

برلن۔17۔فروری (ویب ڈیسک) جرمن وزیر صحت لاؤٹرباخ ملک میں ادویات کی قلت کا تدارک قانونی طریقہ سے کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن وہ بھی اس مسئلہ کو جادو سے حل نہیں کرسکیں گے' جبکہ اس دوران جرمنی میں کئی ادویات کی دستیابی میں تعطل وسیع تر ہوتا جارہا ہے۔ دارالحکومت برلن کے ترک نژاد ادویات فروش فاتح کائنک کے مطابق بخار کم کرنے والے پیراسیٹامول شربت کی کمیابی کا انہوں نے حل یہ نکالا کہ اب ان کے پیشہ ور دواسازوں کی ٹیم اپنا ہی پیراسیٹامول شربت تیار کرتی ہے' جو خاص طور پر ان چھوٹے بچوں کے لئے ہوتا ہے جو اس دوا کی گولیاں آسانی سے نہیں نگل سکتے۔ جب انہوں نے باقاعدہ قانونی اجازت لے کر پہلی مرتبہ یہ شربت تیار کرایا' تو بچوں کے امراض کے ایک قریبی ڈاکٹر کے ذریعہ اس کا کئی مریضوں پر تجربہ بھی کیا گیا تو نتائج مثبت اور حوصلہ افزا تھے۔ فاتح کائنک کے مطابق وہ خوش ہیں کہ ان کی کمپنی کا تیار کردہ پیراسیٹامول کا شربت ذائقہ میں بھی اچھا ہے اور اپنے طبی اثرات میں بھی کئی دیگر مشہور کمپنیوں کے تیار کردہ شربتوں سے بہتر بھی۔ جرمنی میں دوا فروشوں کی کئی تنظیموں کے مطابق پورے ملک میں اس وقت ایسی ادویات کی تعداد تقریباً 425 ہے' جن کی ترسیل میں اکثر تاخیر ہوجاتی ہے اور جو زائد تر کافی مقدار میں سپلائی نہیں کی جاتیں۔ فاتح کائنک کے مطابق ایسی ادویات میں پینسیلین' کئی طرح کی اینٹی بائیوٹکس' حتیٰ کہ بلڈ پریشر کم کرنے والی اور کینسر' معدے اور دل کے امراض کے علاج کے لئے استعمال ہونے والی ادویات بھی شامل ہیں۔

لندن کے ٹریفلگر اسکوائر پر زلزلہ زدگان کی یاد میں تقریب

لندن۔17۔فروری (ویب ڈیسک) برطانیہ کے دارالحکومت لندن کے ٹریفلگر اسکوائر میں 'صدی کی آفت' قرار دیے گئے 'قاہرامان ماراش' کے زلزلہ میں اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھنے والوں کے لئے ایک یادگاری تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس اسکوائر پر مقامی وقت کے مطابق شام 7 بجے منعقدہ ایک تقریب میں زلزلہ میں اپنی جانوں سے ہاتھ دھونے والوں کے لئے شمعیں روشن کی گئیں جہاں اس سے قبل کنگ چارلس سوئم اور وزیر خارجہ جیمز کلیورلی نے شام کے آفات سے نمٹنے کے خیمہ کا دورہ بھی کیا تھا۔ یادگاری تقریب میں لندن کی علامت ٹریفلگر کے 52 میٹر بلند ستون پر ''ہم شام و ترکیہ کے شانہ بشانہ ہیں'' پیام کو بھی منور کیا گیا۔ اس تقریب کے بعد آفت زدگان کے لئے امداد بھی جمع کی گئی۔

برطانیہ میں مقیم یوروپی شہریوں کا معاملہ لندن حکومت نے شکست تسلیم کرلی

لندن۔17۔فروری (ویب ڈیسک) برطانیہ میں مقیم یوروپی یونین کے رکن ممالک کے شہریوں کے بریگزٹ کے بعد بھی وہاں مستقل قیام کے حق سے متعلق قانونی جنگ میں لندن حکومت نے اپنی حتمی عدالتی ناکامی تسلیم کرلی ہے۔ اس فیصلہ سے لاکھوں افراد کو فائدہ پہنچے گا۔ برطانیہ سالہا سال تک یوروپی یونین کا رکن رہا تھا اور پھر ایک عوامی ریفرنڈم کے نتیجہ میں لندن حکومت نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ برطانیہ' یوروپی یونین سے نکل جائے گا۔ اس عمل کو یوروپی یونین سے برٹش اگزٹ یا بریگزٹ کا نام دیا گیا تھا۔ بریگزٹ کے سلسلہ میں بروسلز میں یوروپی یونین کے حکام اور لندن حکومت کے نمائندوں کے مابین بہت طویل مذاکرات کے بعد جو معاہدہ طے پایا تھا' اس میں یہ بھی لکھا تھا کہ بریگزٹ کے وقت یونین کے مختلف رکن ممالک کے جتنے بھی شہری برطانیہ میں مقیم ہوں گے' اُن کو اگر وہ چاہیں تو برطانیہ میں ہی مستقل قیام کا حق دیا جائے گا۔ بریگزٹ کے بعد برطانوی حکومت نے ملک میں داخلی سطح پر جو اقدامات کئے' ان میں یہ بھی شامل تھا کہ اس ملک میں مقیم یوروپی شہریوں کو 2 مراحل پر مشتمل ایک نئی قانونی کارروائی کے دوران یہ ثابت کرنے کا پابند بنا دیا گیا تھا کہ وہ بریگزٹ سے پہلے بھی برطانیہ میں قانونی طور پر مقیم تھے۔ یہ فیصلہ اس لئے بہت متنازعہ ہوگیا تھا کہ برطانیہ میں مقیم لاکھوں یوروپی شہریوں کے حقوق کے لئے سرگرم سیول رائٹس تنظیم دی تھری ملین (The3Million) نے اس کے خلاف آواز بلند کی اور مقدمہ دائر کردیا تھا۔ اس بارے میں لندن ہائی کورٹ نے گزشتہ برس کرسمس سے چند دن قبل جو فیصلہ سنایا' اُس میں کہا گیا تھا کہ حکومت نے یوروپی شہریوں کو برطانیہ میں اپنی قانونی رہائش ثابت کرنے کا 2 مراحل پر مشتمل جو لازمی طریقہ کار متعارف کرایا' وہ بریگزٹ معاہدے میں درج شرائط کی خلاف ورزی ہے۔ اس طریقہ کار کے تحت یہ ممکن تھا کہ برطانیہ میں رہائش پذیر یوروپی شہری مستقبل میں بھی وہاں اپنے مستقل قیام کے لئے دوسرے مرحلہ میں اگر دوبارہ ایک نئی درخواست نہیں دیتے' تو وہ اس ملک میں اپنے طویل المدتی قیام کے حق سے محروم ہوسکتے ہیں۔ لندن ہائی کورٹ نے اسی قانونی طریقہ کو بریگزٹ معاہدے کے منافی قرار دیا تھا۔

فلپائن میں زلزلہ' 60 سے زائد رہائشی مکانات 15 اسکولوں کو نقصان

منیلا۔17۔فروری (یو این آئی) فلپائن کے ماسباتے علاقہ میں کل 6.0 شدت کے زلزلہ سے 61 مکانات' 15 اسکولوں اور 6 عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ شہری دفاع کے علاقائی دفتر کے ترجمان نے جمعہ کو یہ اطلاع دی۔ فلپائن کے وسطی علاقوں میں کل صبح زلزلہ کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی' تاہم حکام نے آفٹر شاکس کے دوبارہ آنے کے امکان سے خبردار کیا۔ ماسباتے کے پراونشل ڈیزاسٹر رسک ریڈکشن مینجمنٹ آفس (پی ڈی آر آر ایم او) سے اکٹھی کی گئی تازہ ترین اطلاعات کے مطابق بٹوان' سان فرنانڈو اور پالاناس کے قصبوں میں 61 مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ ریمل الیکس ناز نے فلپائن کی خبررساں ایجنسی کو بتایا کہ اوسون اور باتوان کے قصبوں میں 15 اسکولوں کا بنیادی ڈھانچہ موجود ہے' جن میں زیادہ تر پرائمری اسکول ہیں۔ اس کے علاوہ 16 کمپیوٹر سیٹ' 10 فرنیچر اور 130 تعلیمی سامان کو نقصان پہنچا۔ فلپائن پیسفک رنگ آف فائر میں واقع ہے۔ یہ علاقہ خاص طور پر ٹیکٹونک سرگرمیوں اور زلزلوں کا شکار ہے۔ آتش فشاں اور ٹیکٹونک خطرات کی یہ 40,000 کلومیٹر (25,000 میل) پٹی بحر الکاہل کو گھیرے میں لے کر جنوبی اور شمالی امریکہ کے ساحلوں کے ساتھ الاسکا تک پھیلی ہوئی ہے' پھر جاپان' فلپائن اور انڈونیشیا کی طرف مڑتی ہے اور نیو کے علاقہ میں ختم ہوتی ہے۔ زی لینڈ گنی' نیوزی لینڈ اور اوشیانا کے جنوب مغربی حصہ پر مشتمل ہے۔ دنیا کے تقریباً 1500 معلوم آتش فشاں میں سے 90 فیصد پیسفک رنگ آف فائر میں واقع ہیں۔ اس علاقہ میں تقریباً 90 فیصد زلزلے آتے ہیں۔

تائیوان میں 4.6 شدت کے زلزلہ کے جھٹکے

تائپے۔17۔فروری (یو این آئی) تائیوان کے مشرقی علاقہ میں جمعہ کی صبح ہلکے زلزلہ کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ ریکٹر اسکیل پر زلزلہ کی شدت 4.6 ریکارڈ کی گئی۔ تائیوان کے سنٹرل ویدر بیورو کی اطلاع کے مطابق زلزلہ مقامی وقت کے مطابق صبح 9:22 بجے آیا' جس کا مرکز بحر الکاہل میں تائیوان کے مشرقی ساحل پر ہوالین کاؤنٹی میں زمین کی سطح سے نیچے 18.7 کلومیٹر کی گہرائی میں واقع تھا۔ جانی یا مالی نقصان کی فوری طور پر کوئی اطلاع نہیں ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ہوالین کاؤنٹی تائیوان کے دیگر حصوں کی نسبت زلزلوں کا زائد شکار ہوتی ہے۔ فروری 2018ء میں 6.5 شدت کے زلزلہ سے 16 افراد ہلاک اور 285 زخمی ہوئے تھے۔

صدر یوکرین ولادیمیر زیلنسکی' دارالحکومت کیف میں برطانوی اپوزیشن لیبر پارٹی کے لیڈر کیئر اسٹارمر کا خیر مقدم کرتے ہوئے

یوکرین معاملہ میں بات چیت کیلئے امریکی وزیر خارجہ کا دورہ یوروپ

یوکرین۔17۔فروری (یو این آئی) امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن میونخ سکیوریٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے لیکن محکمہ خارجہ نے اس بات کی توثیق نہیں کی کہ آیا وہاں ان کی چینی حکام کے ساتھ بھی ملاقات ہوگی۔ انٹونی بلنکن یوروپ کا دورہ کرنے والے ہیں جہاں وہ جرمنی میں میونخ سکیوریٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے اور اس کے بعد ترکی اور یونان جائیں گے۔ مذکورہ کانفرنس میں بلنکن کے ساتھ امریکی نائب صدر کملا ہیرس بھی شرکت کریں گی۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق امریکی اہلکار دوطرفہ اور کثیر الجہتی ملاقات کے دوران یوکرین کی مزید حمایت کے تعلق سے بات چیت کریں گے۔ یہ کانفرنس یوکرین پر روسی حملہ کے ایک برس بعد منعقد ہورہی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے اس بات کی توثیق کرنے سے انکار کردیا کہ امریکی اہلکاروں کی چینی حکام کے ساتھ ملاقات ہوگی۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ای بھی میونخ سکیوریٹی کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔ خیال رہے کہ امریکہ اور چین کے درمیان کشیدگی اُس وقت بڑھ گئی جب واشنگٹن نے ایک چینی غبارے کو مار گرانے کا دعویٰ کیا' جس کے بارے میں اس کا موقف تھا کہ بیجنگ یہ غبارہ جاسوسی کے لئے استعمال کررہا تھا۔ اس تنازعہ کی وجہ سے بلنکن نے بیجنگ کا اپنا مجوزہ دورہ منسوخ کردیا۔ بلنکن' میونخ کے بعد ترکی جائیں گے' جہاں گزشتہ ہفتہ آئے زلزلہ کے متاثرین کے لئے امدادی اور بحالی کے کاموں کا جائزہ کے لئے انجرلیک ایئربیس کا دورہ کریں گے۔ اس کے بعد وہ ترک صدر رجب طیب اردگان اور دیگر حکام سے متوقع بات چیت کے لئے انقرہ روانہ ہوں گے۔ واشنگٹن' فن لینڈ اور سویڈن کی ناٹو میں شمولیت کے متعلق انقرہ کے اعتراضات کو ختم کرنے کی کوشش کررہا ہے' کیونکہ اس مغربی فوجی اتحاد میں کسی نئے رکن کی شمولیت کے لئے اس کے تمام اراکین کے درمیان مکمل اتفاق رائے ضروری ہے۔

جاپان کے ایچ 3 راکٹ کی پہلی پرواز ملتوی

ٹوکیو۔17۔فروری (یو این آئی) جاپان ایرواسپیس ایکسپلوریشن ایجنسی (جے اے ایکس اے) نے کاگوشیما پریفکچر کے تانیگاشیما خلائی مرکز سے جاپان کے کیریئر راکٹ ایچ 3 کی پہلی پرواز ٹھوس بوسٹر کے بروقت کام نہ کرنے کی وجہ سے ملتوی کردی ہے۔ راکٹ کو مقامی وقت کے مطابق صبح 10:37 بجے خلا میں بھیجنے کا منصوبہ بنایا گیا تھا۔ لانچ کی الٹی گنتی صفر تک پہنچنے کے بعد ایچ 3 کا مرکزی انجن منقطع ہوگیا' لیکن ٹھوس راکٹ بوسٹرز کے فیل ہوجانے کی وجہ سے راکٹ اپنے لانچ پیڈ پر پے لوڈ کو ایڈوانسڈ لینڈ آبزرونگ سیٹلائٹ 3 'داچی 3' کے ساتھ الگ ہوگیا۔ انجن فیل ہونے کی وجہ معلوم کی جارہی ہے۔ اصل میں یہ پرواز 13 فروری کو عمل میں آنی تھی' لیکن فلائٹ کنٹرول سسٹم میں شناخت شدہ مسائل کی وجہ سے اسے 15 فروری تک ملتوی کردیا گیا تھا۔ اس میں ہوا کے مطابق راکٹ کی پوزیشن کو بدلنے والے ڈیوائس میں خرابی آگئی تھی اور پھر موسم کی خرابی کی وجہ سے 17 فروری کو ری شیڈول کیا گیا تھا۔ ایچ 3 راکٹ کے اس وقت زیر استعمال ایچ 2 اے کی جگہ لینے کی امید ہے۔ دراصل ایچ 3 کا پے لوڈ ایچ 2 اے کے پے لوڈ سے 1.3 گنا بڑا ہے اور لانچ کی لاگت دوگنا کم ہے۔ ایچ 3 کو تیار کرنے کا کام 9 سال پہلے شروع ہوا تھا۔

پوٹن کی قریبی ساتھی عمارت کی 16 ویں منزل سے گر کر ہلاک

ماسکو۔17۔فروری (یو این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پوٹن کی قریبی سمجھی جانے والی ساتھی ایک عمارت کی 16 ویں منزل سے گر کر ہلاک ہوگئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مرینا ینکینا (Marina Yankina) روسی وزارت دفاع کے مالی معاونت کے شعبہ سے وابستہ تھیں۔ رپورٹس کے مطابق 58 سالہ مرینا کی نعش سینٹ پیٹرزبرگ کے علاقہ میں رہائشی کمپلیکس کے فرش پر پڑی تھی جس کو ایک راہگیر نے شناخت کیا۔ مرینا کو یوکرین جنگ کے لئے فنڈنگ کی کوششوں کو بڑھانے والی شخصیات سمجھا جاتا تھا۔ رپورٹس کے مطابق عمارت سے ملنے والی چیزوں سے اندازہ لگایا گیا ہے کہ اپارٹمنٹ مرینا کے شوہر کی ملکیت ہے اور وہ وہاں رہائش پذیر نہیں تھیں۔ روس اور یوکرین کے درمیان جنگ کے دوران چند دن کے وقفہ سے یہ دوسری اعلیٰ شخصیت کی موت ہے۔ اس سے قبل میجر جنرل ولادیمیر ماکاروف نے خودکشی کرلی تھی جنہیں حال ہی میں روسی صدر نے برطرف کردیا تھا۔

برطرف روسی جنرل کی خودکشی

ماسکو۔17۔فروری (ویب ڈیسک) روس کے ایک جنرل نے صدر پوٹن کی جانب سے برطرف کئے جانے کے بعد خودکشی کرلی ہے۔ 72 سالہ میجر جنرل ولادیمیر مکاروف نے صحافیوں' حزب اختلاف کے کارکنوں اور مظاہرین کے خلاف کارروائی کی قیادت کی تھی۔ روسی صحافیوں کے مطابق مکاروف نے ان لوگوں کی 'تلاش' میں مرکزی کردار ادا کیا تھا' جنہیں کریملن نے اپنے لئے مسئلہ سمجھا۔ لیکن انہیں حال ہی میں انسداد انتہا پسندی کے مرکزی ڈائرکٹوریٹ کے نائب سربراہ کے عہدے سے جبری ریٹائرمنٹ پر مجبور کیا گیا۔

سمندری طوفان گیبریل سے متاثرہ نیوزی لینڈ کے شہر نیپئر میں دفاعی فورسز کی جانب سے متاثرین میں امداد کی تقسیم

روس صرف ہتھیاروں کی زبان سمجھتا ہے: یوکرینی صدر

کیف۔17۔فروری (یو این آئی) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ روس صرف ہتھیاروں کی زبان سمجھتا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مغربی ہتھیاروں کی مدد سے امن کو ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ ان کے مطابق امید ہے بیلا روس' اس جنگ میں شامل نہیں ہوگا' اگر شامل ہوا تو اس کے خلاف بھی لڑیں گے۔ ولادیمیر زیلنسکی نے کہا کہ کوئی بھی علاقائی سمجھوتہ ہمیں بطور ریاست کمزور کردے گا' روسی صدر کے ساتھ سمجھوتہ نہیں ہوسکتا' ان پر اعتماد نہیں ہے۔

بیلا روس پر یوکرینی حملہ پر سخت جواب دیا جائے گا: لوکاشینکو

منسک۔17۔فروری (یو این آئی) بیلا روس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو نے کہا ہے کہ بیلا روس صرف یوکرین کی طرف سے حملہ کی صورت میں جنگ میں شامل ہوسکتا ہے۔ لوکاشینکو نے یوکرین جنگ میں بیلا روس کی پوزیشن کے بارے میں اخباری نمائندوں کے سوالات کے جواب دیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یوکرین کے فوجی بیلا روس کے عوام کو مارنے کے لئے ملک میں داخل ہوئے تو صرف اسی صورت میں ہی ہم روس کے ساتھ مل کر یوکرین کے خلاف جنگ کرسکتے ہیں۔ اگر انہوں نے بیلا روس پر حملہ کیا تو اس کا جواب نہایت سخت ہوگا اور جنگ کا رنگ ڈھنگ مکمل طور پر تبدیل ہوجائے گا۔ لوکاشینکو کے مطابق یہ صورتحال صرف یوکرین کے معاملہ میں ہی نہیں دیگر پڑوسی ممالک کے لئے بھی اسی طرح قبول کی جائے گی۔ لوکاشینکو نے مغربی رہنماؤں کے ان بیانات کا ذکر کیا کہ منسک سمجھوتہ کا مقصد یوکرینی فوج کو جنگ کے لئے تیار کرنا ہے جبکہ یوکرین انتظامیہ نے خود جنگ کو ہوا دی ہے۔ ان کے مطابق اس وقت درپیش کشیدگی کا ذمہ دار مغرب ہے کیونکہ مغرب نہیں چاہتا کہ یوکرین میں امن کے لئے مذاکرات کئے جائیں۔ لوکاشینکو نے مزید کہا کہ امریکہ بھی یوروپ کو من چاہی شکل میں استعمال کررہا ہے۔

برطانوی نرسوں کی تنخواہوں کے معاملہ میں شدت

لندن۔17۔فروری (ویب ڈیسک) برطانیہ میں نرسوں کی تنخواہوں میں اضافہ کا معاملہ شدت اختیار کرگیا ہے۔ لندن سے موصولہ میڈیا رپورٹ کے مطابق نرسوں کی یونین نے یکم مارچ سے 48 گھنٹے کی ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ ہزاروں نرسیں یکم مارچ کی صبح 6 بجے سے ہڑتال شروع کردیں گی۔ رائل کالج آف نرسنگ کے مطابق ہڑتال سے نرسنگ کے تمام شعبے متاثر ہوں گے۔ ہڑتال میں پہلی بار ایمرجنسی' آئی سی یو اور کینسر یونٹس کی نرسیں بھی شامل ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رائل کالج آف نرسنگ کا حکومت پر مذاکرات میں حصہ نہ لینے کا الزام ہے۔

باخموت کے باشندوں سے فوری انخلاء کی اپیل: یوکرین

کیف۔17۔فروری (یو این آئی) یوکرین کی نائب وزیر اعظم ارینا وریشچک نے جمعہ کو باخموت کے قانون کی پیروی کرنے والے محب وطن باشندوں سے فوری طور پر شہر چھوڑنے کی اپیل کی ہے۔ وریشچک نے ٹیلی گرام پر لکھا کہ میں ان شہریوں سے اپیل کرتی ہوں جو اب بھی باخموت میں ہیں' اگر آپ قانون کی پاسداری کرنے والے اور محب وطن شہری ہیں تو آپ کو وہاں سے فوری نکل جانا چاہئے۔ ان کے مطابق تقریباً 6000 لوگ اب بھی شہر میں موجود ہیں اور اسی دوران روسی فوج نے ان پر دھاوا بول دیا' وہاں رہ کر انہوں نے خود کو اور اپنے چاہنے والوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ آپ ان تمام لوگوں کے لئے اضافی مسائل اور خطرات پیدا کررہے ہیں جو آپ کی مدد کرنے کی کوشش کررہے ہیں (فوج' قومی پولیس' رضاکار۔ تیسرا' آپ ہماری دفاعی اور سکیوریٹی فورسز کو شہر میں معمول کے مطابق کام کرنے سے روکتے ہیں کیونکہ وہ ہر وقت آپ کی حفاظت کے بارے میں فکر مند رہتے ہیں' لہٰذا میں ایک بار پھر آپ سے فوری طور پر خالی کرنے کی درخواست کرتی ہوں۔ واضح رہے کہ باخموت کو اسٹریٹجک اہمیت کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ روسی افواج نے شہر کے شمالی حصہ پر اپنی گرفت مضبوط کرلی ہے اور گزشتہ جمعہ سے یوکرینی فوجیوں کو سپلائی کرنے والے 4 راستوں میں سے 3 کو بند کردیا ہے۔ باخموت سے یوکرین کے محفوظ شدہ دستاویز کا انخلاء اس ہفتہ کی ابتدا میں شروع ہوا تھا۔

سابق نائب صدر نکاراگوا سمیت 94 مخالفین کی شہریت منسوخ

ماناگوا۔17۔فروری (یو این آئی) وسطی امریکی ملک نکاراگوا میں صدر ڈینیل اورٹیگا کے کنٹرول والی عدالت نے اُن 94 افراد کی شہریت منسوخ کردی' جو حکومت کے سخت ترین ناقد ہیں۔ حکومت کا دعویٰ ہے کہ یہ افراد ملکی امن اور آزادی کے خلاف 'مجرمانہ کارروائیوں' میں ملوث تھے۔ ملک کے ایک جج کی جانب سے سنائے گئے فیصلہ کے مطابق موجودہ حکومت نے اپنے 94 مخالفین کو ملک کی شہریت سے محروم کردیا۔ گزشتہ ہفتہ ہی حکومت نے 200 سے زائد سیاسی قیدیوں کی رہائی کا حکم دیا تھا اور ان مخالفین کی شہریت چھیننے کا فیصلہ قیدیوں کی رہائی کے بعد اچانک کیا گیا۔ قید سے رہائی پانے والے بیشتر قیدی حکومت کے سرکردہ ناقدین میں سے تھے اور جنہیں محض حکومت سے اختلاف رکھنے کی وجہ سے صدر ڈینیل اورٹیگا کی انتظامیہ کے دور میں بری طرح ستایا گیا۔ حکومت نے ان میں سے بہتوں کی شہریت بھی چھین لی ہے۔ ماناگوا کی اپیل کورٹ کے سربراہ ارنسٹو روڈریگوز میچیا نے وہ قرارداد پڑھ کر سنائی' جس میں 94 جلاوطن مخالفین کو انصاف سے فرار اختیار کرنے والا قرار دیا گیا ہے۔ جج نے مزید کہا کہ ملزمین نے نکاراگوا کے لوگوں کے 'امن' خود مختاری' آزادی اور خود ارادیت کو نقصان پہنچانے کے لئے مجرمانہ کارروائیاں کیں اور انہیں جاری رکھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان لوگوں نے بائیکاٹ کی اپیل کرتے ہوئے اورٹیگا حکومت کی معیشت کو تباہ کرنے کی کوشش کی۔ جج کے مطابق ان حقائق کی وجہ سے ملزمین کو اب نکاراگوا کا شہری نہیں سمجھا جاسکتا۔ اس کارروائی کا جہاں سب سے زائد اثر نکاراگوا کے بعض جلاوطن رہنماؤں پر پڑے گا' وہیں کچھ ایسے لوگ بھی متاثر ہوں گے جو اس وسطی امریکی ملک میں فی الوقت مقیم ہیں۔

فرار یا مقابل' روسی نوجوان مخمصہ کا شکار

ماسکو۔17۔فروری (ویب ڈیسک) روس اور یوکرین کی جنگ نے روسی نوجوانوں کو نفسیاتی اور جذباتی طور پر مخمصے میں ڈال دیا ہے۔ ملک میں رہنے والے حکومت مخالف روسی ایک بہتر معاشرے کی تعمیر کی کوششیں کررہے ہیں۔ روس کی یوکرین کے خلاف جنگ کے ناقد اور اس لڑائی میں روسی فوج میں شامل ہونے کے خوف سے ہزاروں روسی باشندے اپنا وطن چھوڑ چکے ہیں۔ 21 سالہ ماشا ژانچفسکایا ان چند روسی نوجوان میں سے ایک ہیں' جو اب بھی اپنے ملک میں رہ کر اپنے خاندان اور اپنے ہم وطنوں کی دلجوئی کی کوشش کررہی ہیں۔ یوکرین اور روس کے مابین تنازعات کے شروع کے دنوں میں' نوجوان ابھرتی ہوئی فلم ڈائریکٹر ماشا ژانچفسکایا کو ماسکو میٹرو پر سوار ہونا اور مسافروں سے بات چیت کرنا یاد ہے۔ ماسکو کے ایک کیفے میں بیٹھ کر انہوں نے اے ایف پی کے ساتھ بات چیت کی۔ اس کیفے کی کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک دن میں نے ایک نوجوان کی آنکھوں میں دیکھا اور ہم دونوں بغیر کچھ کہے رو پڑے۔ یوکرین میں ماسکو کی مہم پر تنقید کرنے والے یا جنگ میں حصہ لینے کے لئے بلائے جانے کے خطرے سے دوچار ہزاروں روسی اپنا وطن چھوڑ چکے ہیں۔ کریملن نے ملک سے روسی باشندوں کے اس تاریخی اخراج کو تزکیہ نفس قرار دیا ہے۔ ماشا اور ان جیسے دیگر روسی باشندوں نے ملک میں ہی رہنے کا فیصلہ کیا۔ ماشا بتاتی ہیں کہ ان کے بہت سے دوست ملک چھوڑ کر چلے گئے ہیں اور ان کے لئے اپنے دوستوں کو یہ بتانا بہت مشکل تھا کہ انہوں نے ملک نہ چھوڑنے کا فیصلہ کیوں کیا۔ ماشا نے ملک میں رہ کر اپنے خاندان سے زائد سے زائد قربت اختیار کی۔ ان کے مطابق میں زائد نرم مزاج بننے کی کوشش کرتی ہوں' زائد صبر سے کام لیتی ہوں۔ بحث سے گریز کرنا اور اس کے نتیجہ میں دوریاں پیدا کرنے سے بہتر ہے کہ ہم مل جل کر رہیں' وہ شکر گزار ہیں کہ ان کا خاندان ایک جیسے خیالات رکھتا اور ان کا اظہار کرتا ہے۔ تاہم ملک نہ چھوڑنے کے اپنے فیصلہ کے بعد ماشا نے کہا کہ وہ اپنی آن لائن سرگرمیوں میں بھی زائد محتاط ہوگئی ہیں۔ خیال رہے کہ روسی حکام نے روسی فوج کے بارے میں کوئی جعلی یا ہتک آمیز خبر پھیلانے والے کے لئے سزاؤں کا اعلان کررکھا ہے۔ بڑے شہروں میں رہنے والے بہت سے پڑھے لکھے روسی نوجوانوں کا ایک بڑا حصہ اکثر کریملن سے متفق نہیں ہوتا ہے۔ نوجوان روسیوں کے رویہ کا مطالعہ کرنے والی ماہر عمرانیات ژیلینا اومیلچینکو کہتی ہیں کہ نوجوانوں کو بہتر مستقبل کے امکانات کی کمی اور سیاسی زندگی سے انہیں الگ تھلگ کردیے جانے کا احساس ملک سے فرار ہونے پر مجبور کردیتا ہے' ایسے نوجوان ایک وقت میں صرف کچھ مہینوں کی ہی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ ماہر عمرانیات ژیلینا اومیلچینکو نے بتایا کہ سال بھر کے دوران اینٹی ڈپریسنٹس ادویات کی مانگ میں 50 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ایک آزاد تحقیقاتی ادارے پولسٹر لیواڈا اسنٹر کے ایک سروے کے مطابق' روس میں حکام کے ساتھ اختلاف رکھنے والے نوجوان اکثریت میں نہیں ہیں۔ جنوری میں کی گئی اس تحقیق میں بتایا گیا کہ 18 سے 24 سال کی عمر کے تقریباً 30 فیصد روسی یوکرین میں روسی مسلح افواج کے اقدامات کے خلاف تھے۔

جنوبی جرمنی میں میونخ چوٹی کانفرنس کے موقع پر لتھوانیا کے صدر گیتانیس نوسیڈا (بائیں)' لاتیویا کے صدر ایجلس لیوٹس (دائیں سے دوسرے)' صدر فرانس ایمویل میکرون اور استونیا کی وزیر اعظم کجا کلاس

پولٹری کے نرخ

18 فروری 2023ء (وین کاب)

فارم گیٹ پر	85-00 روپے کیلو
ریٹیل	107-00 روپے کیلو
ڈریسڈ (معہ پوست)	155-00 روپے کیلو
گوشت (بغیر پوست)	177-00 روپے کیلو

انڈوں کا نرخ

17 فروری 2023ء

ٹھوک : 3.89

چلر : 4.45

NECC

مقامی خبریں

جلسہ معراج النبیؐ

حیدرآباد۔17/فروری (راست) شاہی مسجد باغ عامہ 18/فروری ہفتہ کو بعد نماز عشاء (جماعت 9-30 بجے) جلسہ معراج النبیؐ سے مولانا حافظ ڈاکٹر احسن بن محمد العمومی اور مولانا حافظ محسن بن محمد العمومی کا خطاب ہوگا۔
●● جامع مسجد حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ میں نماز عشاء 9-30 بجے ادا کی جائے گی۔ بعد نماز مولانا مفتی حافظ سید ضیاء الدین نقشبندی شیخ الفقہ جامعہ نظامیہ کا خصوصی خطاب ہوگا۔ اس کے علاوہ مسجد ہذا کے امام صاحب کا بھی خطاب ہوگا۔
●● مسجد بغدادی ٹیک ناپلی میں 18/فروری ہفتہ کو نماز عشاء 9-30 بجے ہوگی۔ بعد نماز عشاء جلسہ شب معراج کا آغاز ہوگا۔ قرات کلام پاک مولانا حافظ وقاری سید عاصم نقشبندی امام وخطیب مسجد ہذا نعت شریف الحاج اسداللہ شریف و جناب شفیع قادری خصوصی خطاب مولانا حافظ محمد افتخار الدین قادری استاذ جامع نظامیہ بعد نماز فجر بارگاہ رسالت مآبؐ میں ھدیہ صلوٰۃ وسلام جناب سید منیرالدین احمد مختار صدر کمیٹی مسجد ہذا پیش کریں گے۔ نماز فجر 6-10 پر ہوگی۔
●● جامع مسجد عثمانیہ ملک پیٹ صرفخاص پلٹن میں جلسہ معراج النبیؐ بعد نماز عشاء (9-00 بجے) مقرر ہے۔ مولانا ڈاکٹر محمد اخلاق شرفی ڈائرکٹر مدینہ قرآنک مشن اسکول' مولانا ڈاکٹر و پروفیسر سید شاہ من اللہ شطاری' حافظ و قاری محمد عبدالجلیل قادری خطیب وامام مسجد ہذا مخاطب کریں گے۔ قرات کلام پاک قاری محمد شمس الدین موذن' نعت پاک قاری محمد نعیم الحسن' صلوٰۃ وسلام قاری محمد شاہد نائب موذن سنائیں گے۔
●● جامع مسجد محمدیہ غوری جمعرات بازار مین روڈ پر نماز عشاء 9-15 بجے ہوگی۔ حافظ محمد سیف الدین قادری اشرفی امامت وفضائل شب معراج پر خطاب کریں گے۔ نماز تہجد 1-00 بجے ہوگی۔ ●● مسجد حضرت سید شاہ عباداللہ قادریؒ چنچل گوڑہ شاہ کاونی میں جشن معراج النبیؐ منایا جائے گا۔ نماز عشاء 9-30 بجے ہوگی۔ بعد نماز درود شریف کی محفل ہوگی۔ نماز تہجد باجماعت ادا کی جائے گی۔ متولی مسجد جناب سید کلیم اللہ شاہ قادری نگرانی کریں گے۔ ●● جامع مسجد حضرت فتح اللہ بیگؒ میں نماز عشاء 10 بجے ادا کی جائے گی۔
●● مسجد جیلانیہ و درگاہ سید محمد جیلانی قادری کلیمیؒ میں نماز عشاء 9 بجے ہوگی۔ حافظ و قاری محمد اجمل حسین امامت و فضائل شب معراج بیان کریں گے۔ نماز تہجد ایک بجے ہو گی۔ ●● مسجد دریا نزد جادوگر کپڑے کی دکان بیگم بازار چھتری میں نماز عشاء 8-45 بجے ہوگی حافظ و قاری محمد معین الدین اشرفی قادری جامعہ نظامیہ امامت و فضائل شب معراج بیان کریں گے۔ نماز تہجد ایک بجے ہوگی۔

عرس حضرت سید شاہ سعادات چشتیؒ

حیدرآباد۔ 17 فروری (راست) حضرت سید شاہ سعادات چشتی القادریؒ لال دروازہ کا 230 واں عرس شریف 17 اور 18 فروری کو منعقد ہوگا۔ 25 رجب المرجب مطابق 17 فروری جمعہ کو بعد نماز عشاء غسل شریف ہوگا جب کہ 26 رجب المرجب مطابق 18 فروری ہفتہ کو بعد نماز عصر جلوس صندل مالی خانقاہ چشتیہ قادریہ بیرون غازی بنڈہ سے برآمد ہوگا جو مختلف راستوں سے ہوتا ہوا درگاہ شریف لال دروازہ آوٹ پوسٹ پولیس اسٹیشن حیدرآباد پہنچے گا جہاں متولی اور سجادہ نشین مولانا شاہ محمد غوث خان قبلہ چشتی القادری مراسم عرس انجام دیں گے۔ بعد نماز مغرب محفل سماع ہوگی۔ بعد نماز عشاء طعام کا نظم رہے گا۔ مریدین و معتقدین سے شرکت کی خواہش کی گئی ہے۔
●● تحریک اسلامی کے زیراہتمام سفر معراج دیدار کانفرنس 18 فروری ہفتہ بعد نماز عشاء سنی مرکز مسجد گل بانو ناملی میں انعقاد عمل میں آئے گی۔ نماز عشاء ٹھیک 9:30 بجے ہوگی۔
●● جلسہ فضائل شب معراج 18 فروری بروز ہفتہ بعد نماز عشاء 9:30 بجے شب بمقام جامع مسجد محمدی امام ابوحنیفہؒ نماز گراونڈ آغاپورہ میں مقرر ہے۔
●● جامع مسجد قطب شاہی لنگر حوض میں جلسہ شب معراج مقرر ہے۔ نماز عشاء ٹھیک 9:15 بجے ہوگی۔ جلسہ سے مفتی سید صادق محی الدین فہیم مولانا محمد محی الدین قادری محمودی اور دیگر خطاب کریں گے۔

جشن معراج النبیؐ واعراس شریف

حیدرآباد۔ 16 فروری (راست) جشن معراج النبیؐ وعرس شریف ابوالعابد حضرت سید شاہ اعظم علی صوفی قادری درویش حسنی حسینی قطب دکنؒ و حضرت مولانا سید شاہ اعظم علی صوفی قادری حسنی حسینی ثانی صوفی اعظمؒ ہفتہ 18 فروری کو بعد عشاء درگاہ شریف حضرت صوفی اعظمؒ واقع بیرون دریچہ بواہیر، حسینی علم میں جلسہ جشن معراج النبیؐ وعظمت اولیاء کا انعقاد عمل میں آئے گیا۔ مولانا سید شاہ رضی الدین علی صوفی قادری اور مولانا سید شاہ ظہیرالدین علی صوفی قادری کے خطابات ہوں گے۔ بعدازاں محفل سماع ہوگی۔ 19 فروری اتوار کو بعد نماز فجر تلاوت قرآن مجید پر عرس کی 4 روزہ تقاریب کا اختتام عمل میں آئے گا۔

جلسہ ہائے معراج النبیؐ

●● جامع مسجد زعل سیف سعید، عیدی بازار میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 8:15 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ کمسن قاری سید ہارون قادری قرأت، سید ابوبکر صدیق، سید عثمان غنی، محمد مشتاق قادری نعت شریف پیش کریں گے۔ مہمان عالم دین مولانا مفتی محمد شمیم الزماں قادری (مغربی بنگال)، حافظ ڈاکٹر محمد مظفر حسین خان قادری بندہ نوازی، مولانا سید شاہ وسیم الدین احمد اسدی قادری، کی تقاریر ہوں گی۔
●● خانقاہ ایوان صوفی اعظم، شاہین نگر، پہاڑی شریف میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا سید شاہ احمد علی صوفی ثانی پیر پاشاہ قادری صدارت، مولانا سید شاہ مصطفیٰ علی صوفی سعید قادری نگرانی کریں گے۔ جلسہ سے مولانا ڈاکٹر حافظ سید شاہ مرتضیٰ علی صوفی حیدر پاشاہ قادری، قاری سید شاہ مظفر علی صوفی اویس پاشا، حافظ سید اکبر صوفی، محمد پاشاہ قادری ودیگر کا خطاب ہوگا۔ مولانا سید شاہ مجتبیٰ علی صوفی شبیر قادری انتظامات کی نگرانی کریں گے۔
●● مسجد حافظ ڈنکا مغل پورہ میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 8:30 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ ڈاکٹر حافظ میر اکبر علی افتخاری صدارت اور جناب سید صمدانی و ملک منہاج خان نگرانی کریں گے۔ قاری محمد فراز نقشبندی قرأت کلام پاک، اور شیخ محمد صاحب اور سید غوث قادری نعت شریف پیش کریں گے۔ مولانا ڈاکٹر حافظ سید شاہ مرتضیٰ علی صوفی بادشاہ قادری کا شب معراج پر تفصیلی خطاب ہوگا۔ ●● تنظیم غوث وخواجہ رضا ایجوکیشنل اینڈ ویلفیر سوسائٹی مشیرآباد کی جانب سے مسجد سیدنا ابوبکر صدیقؓ بھولک پور، مشیرآباد میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 8:45 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ حافظ عبدالغفور قادری رضوی قرأت اور محمد فیصل رضا، محمد فیض الدین نعت شریف پیش کریں گے۔ مولانا انوارالحق قادری رضوی کا خطاب ہوگا۔ ●● مقامی مجلس تعمیر ملت، جنگم پیٹ، فلک نما کی جانب سے مسجد مصطفیٰ، فلک نما جنگم پیٹ میں ہفتہ 18 فروری کو بعد نماز عشاء (نماز عشاء 9:00 بجے) جلسہ معراج النبیؐ مقرر ہے۔ مولانا ڈاکٹر سید متین الدین قادری رکن مسلم پرسنل لا بورڈ کا خطاب ہوگا۔ مرزا یوسف بیگ صدر مقامی مجلس تعمیر ملت نگرانی کریں گے۔

عرس شریف حضرت بابا شرف الدینؒ نقارہ مبارک کا آغاز

حیدرآباد۔17/فروری (راست) پہاڑی شریف درگاہ قطب الاقطاب شہنشاہ دکن سلطان العارفین حضرت سیدنا بابا شرف الدین قبلہ سہروردیؒ کا 757 واں عرس شریف کے انتظامات کا نقارہ مبارک سے اعلان ہوگا۔ 29/رجب المرجب 21 فروری منگل بعد ادائی نماز ظہر پنجہ شاہ میں جمیع پیرزادگان کی نگرانی میں ختم القرآن ہوگا۔ قصیدہ بردہ شریف وسلام بحضور خیرالانامؐ میں گزرانہ جائے گا۔ فاتحہ خوانی ودعا ہوگی۔ تبرکات بھی تقسیم ہوگا۔ بعد مجلس جمیع پیرزادگان کی جانب سے جلوس نقارہ مبارک پنچہ چاہ گلزار حوض سے نکل کر چارمینار' شاہ علی بنڈہ' انجمن باولی' سے ہوکر جامع مسجد جنگم میٹ میں چلہ مبارک حضرت سیدنا بابا شرف الدین قبلہؒ پر توقف کرے گا۔ پھر وہاں سے بارکس' شاہین نگر سے ہوکر درگاہ حضرت سیدنا شکر شاہ ولیؒ پر توقف کرے گا پھر وہاں سے پہاڑی شریف درگاہ پہونچ کر غلاف مبارک چادر گل وسلام گذرانا جائے گا۔ الحاج پیرزادہ قاری سید فرید الدین سہروردی قادری گدی نشین امام وخطیب مسجد بارگاہ کی دعا پر اختتام ہوگا۔

سدرۃ المنتہیٰ کانفرنس

حیدرآباد۔ 17 فروری (راست) سدرۃ المنتہیٰ کانفرنس بارگاہ یوسفین ہر سال کی طرح اس سال بھی شب معراج کے مقدس مقام پر بتاریخ 18 فروری بعد نماز عشاء بروز ہفتہ زیراہتمام کل ہند تنظیم اصلاح معاشرہ زیرسرپرستی مولانا سید قبول پاشاہ شطاری قادری جانشین حضرت کامل زیرنگرانی محمد عبدالحمید رحمانی چشتی صدر کل ہند تنظیم اصلاح معاشرہ کانفرنس کا آغاز مولانا سید حبیب شاہ قادری امام درگاہ یوسفین کی قرت کلام پاک سے ہوگا مولانا حافظ محمد سید حبیب شاہ قادری مہمان خصوصی جناب محمد مسیح اللہ خان صدرنشین تلنگانہ واقف بورڈ مولانا سید احمد الحسینی سید قادری مولانا حافظ مظفر حسین خان بندہ نوازی مولانا خواجہ شجاع الدین افتخاری حقانی پاشاہ مولانا صوفی ارشد ابوالعلائی مولانا یوسف صوفی افتخاری مولانا مفتی ظہیر الدین نظامی مولانا فاروق عزیز باسط نظامی مولانا حافظ عبدالصمد نظامی مولانا قاضی عظمت اللہ جعفری مولوی شاہ محمد مقبول احمد قادری چشتی قلندری مولوی انور شتاری مرزا رحمت بیگ قادری انچارج راجندرنگر ایم ای ایم محمد ظفر کا رپورٹر ملے پلی غلام احمد سیلانی ی نے عام المسلمین سے کثیر تعداد میں شرکت کی خواہش کی

سدرۃ المنتہیٰ کانفرنس

●● مسجد سیدہ زاہدہ احمد ہاشم آباد میں ہفتہ 18 فروری کو بعد عشاء سدرۃ المنتہیٰ کانفرنس ہوگی۔ مولانا معین عمر کی کا خطاب ہوگا۔ جناب محمد منور حسین نقشبندی صدارت کریں گے۔ شرکت کی خواہش کی گئی ہے۔ نماز عشاء 9 بجے ہوگی۔
●● مرکز اہم سنت وجماعت شاہین نگر میں آج بعد نماز عشاء جلسہ معراج النبیؐ منعقد ہوگا۔ مولانا شاہ محمد اویس رضا قادری عرف سہیل رضا قادری سرپرستی کریں گے۔ مولانا مفتی شمشاد احمد مصباحی شیخ الحدیث جامعہ امجدیہ رضویہ، گھوسی شریف، اترپردیش مہمان خصوصی ہوں گے۔

برائے خواتین

●● جامعۃ المؤمنات مغلپورہ میں جلسہ معراج النبی ﷺ برائے خواتین آج بعد نماز عشاء ڈاکٹر مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث جامعۃ المؤمنات کی صدارت میں مقرر ہے، حافظہ رمصیاء افشین کی قرأت، مفتیہ محمدی زرین رومانہ کی نعت شریف ہوگی۔ ڈاکٹر مفتیہ تہمینہ تحسین، مفتیہ فرحت جابر، مفتیہ عظمیٰ سلطانہ معلمات جامعۃ المؤمنات مخاطب کریں گے۔

میر عابد علی، ضلع سینک بورڈ حیدرآباد کے رکن نامزد

حیدرآباد۔17/فروری (راست) محمدی لائن سکنڈ لانسر قلعہ گولکنڈہ کے سماجی کارکن مسٹر میر عابد علی کو تیسری بار ضلع سینک بورڈ حیدرآباد کا غیر سرکاری رکن نامزد کیا گیا ہے۔ مسٹر عابد علی جو سابق فوجی انڈین آرمی مسٹر میر محبوب علی مرحوم کے فرزند ہیں۔ ایکس سرویس مین ویلفیر اسوسی ایشن حیدرآباد ڈسٹرکٹ کے صدر اور اک سرویس مین ویلفیر میوچولی ایڈیڈ کوآپریٹیو ہاوزنگ سوسائٹی حیدرآباد ڈسٹرکٹ کے صدرنشین ہیں۔ سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود کیلئے پیش پیش رہنے پر ڈائرکٹر سینک ویلفیر تلنگانہ حیدرآباد کرنل پی رمیش کمار (ریٹائرڈ) نے انہیں ڈپارٹمنٹ آف سینک ویلفیر حکومت تلنگانہ کے تحت کام کرنے والے اور کیندریہ سینک بورڈ نئی دہلی سے وابستگی رکھنے والے بورڈ کے رکن بننے کا اعزاز عطا کیا۔ ان کی میعاد 3 سال ہوگی۔ ڈائرکٹر سینک بورڈ حیدرآباد کی یہ جو تشکیل جدید عمل میں لائی گئی ہے اس کے مطابق ضلع کلکٹر و ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ حیدرآباد بورڈ کے صدرنشین ہوں گے۔ جبکہ کمشنر پولیس حیدرآباد' آر ڈی او حیدرآباد' ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر حیدرآباد اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشنل آفیسر حیدرآباد اس کے بہ اعتبار عہدہ ارکان نامزد کئے گئے ہیں۔

کناڈا کے قونصل خانہ کے عہدیداروں کی کمشنر پولیس سے ملاقات

حیدرآباد۔17 فروری (اعتماد نیوز) بنگلورو میں واقع قونصلیٹ جنرل اور نئی دہلی میں واقع کناڈا کے ہائی کمیشن کے عہدیداروں نے آج حیدرآباد سٹی پولیس کمشنر سے ملاقات کی۔ یہ وفد جس میں ڈانیل وارنسی قونصل جنرل کناڈا متعینہ بنگلورو، کلاوڈ روچن قونصل جنرل ہائی کمیشن کناڈا شامل تھے نے نئی دہلی اور جسویندر سنگھ سینئر کونسلر پروگرام آفیسر ہائی کمیشن کناڈا میں کمشنر پولیس سی وی آنند سے ملاقات کی۔ اس وفد نے عصری کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کا معائنہ کیا۔ کمشنر پولیس نے یہاں پر کام کرنے والوں کے میکانزم سے واقف کروایا اور ہنگامی صورتحال فوری اور موثر طور پر پولیس ملازمین کے ردعمل کی تفصیلات سے بھی واقفیت کروائی۔ اس وفد نے خیال ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یہ سسٹم عوامی تحفظ اور ٹکنالوجی کے استعمال میں اضافہ کے لئے قانون نافذ کرنے کی صلاحیتوں میں بہتری کی نشاندہی کرتا ہے۔ کمشنر پولیس سے تبادلہ خیال سے پہلے اس گروپ نے حیدرآباد سٹی پولیس کے شی ٹیمس اور بھروسہ سنٹر کا معائنہ کیا۔ ڈی سی پی اسنیہا مہرا نے شی ٹیمس کی خدمات، راحت وباز آبادکاری کے اقدامات، چائلڈ فرینڈلی کورٹس کے علاوہ ریاستی دارالحکومت میں خواتین کے تحفظ کے اقدامات سے واقف کروایا۔

مولانا صوفی عبدالقادر کی دختر کی شادی ممتاز علماء مشائخ کی شرکت

حیدرآباد 17 فبروری (پریس نوٹ) مولانا قاضی صوفی شاہ محمد عبدالقادر قادری چشتی ثانی قادر پاشاہ سجادہ نشین ونبیرہ حضرت سلطان الواعظین رحؒ کی دختر کی شادی جناب محمد عابد عرف چندو بھائی کے فرزند جناب محمد خالد (ایم بی اے) کے ساتھ 16 فبروری کو درگاہ شریف حضرت سلطان الواعظین رحؒ احاطہ صوفی منزل مصری گنج حیدرآباد میں انجام پائی مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی خلیل احمد شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ نے خطبہ نکاح پڑھا اور ضیاء المشائخ حضرت مولانا سید شاہ محمد قبول بادشاہ حسنی الحسنی قادری شطاری معتمد صدر مجلس علمائے دکن نے دعا کی سادگی کے ساتھ منعقدہ تقریب عقد میں ممتاز علماء مشائخ اور عزیز واقارب دوست واحباب ورشتہ داروں نے شرکت کی جن میں جانشین قدیم دیوان درگاہ اجمیر شریف حضرت سید غیاث الدین چشتی اجمیری، مولانا سید شاہ محمد محمود بادشاہ قادری زرین کلاہ، مولانا سید احمد پاشاہ قادری معتمد عمومی مجلس و رکن اسمبلی یاقوت پورہ، مولانا مفتی حافظ سید شاہ صادق محی الدین فہیم، مولانا ڈاکٹر سیف اللہ نائب شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ، مولانا مفتی حافظ سید شاہ ضیاء الدین نقشبندی القادری صدر مفتی جامعہ نظامیہ، مولانا سید شاہ خضر پاشاہ قادری، مولانا سید عبدالقادر قادری وحید پاشاہ کوآڈینیٹر آل انڈیا صوفی سجادہ نشین کونسل، حضرت مولانا الحاج حافظ وقاری ڈاکٹر سید شاہ محمد سلطان محی الدین قادری الموسوی مرتضیٰ پاشاہ، مولانا حافظ مظفر حسین خان قادری بندہ نوازی کنوینر مرکزی میلاد جلوس، مولانا سید شاہ ندیم اللہ حسینی، مولانا ڈاکٹر حافظ محمد شبیر احمد یعقوبی نائب شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ، مولانا حافظ قاری رضوان قریشی خطیب مکہ مسجد، مولانا صوفی شاہ محمد زبیر چشتی ابوالعلائی، مولانا سید شاہ رحمت محمد محمد الحسینی قادری چشتی بندہ نوازی رحمت بابا، جناب سید محمود قادری سہیل قادری کارپوریٹر مجلس، مولانا حافظ آصف عرفان قادری، مولانا قاضی عظمت اللہ شاہ جعفری صوفی اعظمی، مولانا ڈاکٹر حسین چشتی (کیرلا) مولانا عبدالرزاق (چینائی) وغیرہ قابل ذکر ہیں قاضی صوفی شاہ محمد عبدالرحمٰن قادری چشتی تبریز پاشاہ و قاضی صوفی شاہ محمد عبدالرافع صوفی پاشاہ، مرزا اسد اللہ بیگ اطہر، محمد الیاس علی، محمد سیف، عبدالوہاب صوفی، احمد صوفی نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا

قاضی محمد یوسف الدین حسین کا انتقال

حیدرآباد۔ 17 فروری (راست) الحاج مولانا قاضی محمد یوسف الدین حسین المعروف عسکر پاشاہ صدر قاضی قضأت قلعہ محمد نگر و بارہ محل گولکنڈہ ولد مولانا قاضی محمد قمرالدین حسین

صاحب مرحوم کا جمعرات 16 فروری کو انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ جامع مسجد اشرفی قلعہ گولکنڈہ میں ادا کی گئی۔ تدفین درگاہ حضرت میراں حسینی بغدادیؒ لنگر حوض میں عمل میں آئی۔ نماز جنازہ میں علماء ومشائخین وقاضی صاحبان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ فاتحہ سیوم بروز اتوار 19 فروری بعد نماز عصر جامع مسجد اشرفی قلعہ گولکنڈہ میں مقرر ہے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو دختران وفرزندان قاضی عمیر محمد قمرالدین حسینی و قاضی عزیر محمد حسین سے تفصیلات فون نمبر 9966840099 /9849808786 پر ربط پیدا کرسکتے ہیں۔
●● میر معین علی چشتی اول خلیفہ ولد میر اصغر علی ریٹائرڈ مائنگ ڈیولپمنٹ حیدرآباد ورکن حضرت سید خلیل اللہ شاہ حسینی قادری کا سنگا ریڈی میں 17/فروری جمعہ کو انتقال ہوگیا۔ میت مرحوم کے

مکان اہلی بن علی نگر یاقوت پورہ سے اٹھائی گئی۔ نماز جنازہ بعد نماز عصر مسجد رحمتیں میں ادا کی گئی۔ تدفین مسجد رحمتیں بارکس میں عمل میں آئی۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ ایک فرزند اور دختر شامل ہیں۔ فاتحہ سیوم اتوار کو بعد نماز عصر مسجد رحمتیں میں مقرر ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے فون 9985049616 پر یا 9553489561 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

شب معراج اور شیوراتری کے پیش نظر پولیس کا اجلاس

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) شب معراج اور شیوراتری کے پیش نظر چلکل گوڑہ پولیس کی جانب سے ایک اجلاس طلب کیا گیا۔ اس اجلاس میں تمام مساجد کے صدور اور ذمہ داران کے ساتھ پولیس عہدیداروں نے انتظامات کے سلسلہ میں تبادلہ خیال کیا اور کہا کہ خاص طور پر بچوں کو گاڑیاں دینے سے گریز کیا جائے۔ اس اجلاس میں محمد سلیم حسین قادری صدر ابتدائی مجالس سکندرآباد، سید مسعود صدر ابتدائی شہباز گوڑہ، محمد اکرم، لیاقت اور دوسرے بھی موجود تھے۔

کورونا کے بعد صحت کے مسائل سے دوچار خاتون کی خودکشی

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) کورونا سے صحت یاب ہونے کے بعد صحت کے مسائل سے دوچار خاتون نے خودکشی کرلی۔ چپہ چبوترہ پولیس کے مطابق 51 سالہ ارمیلا ساکن ستیہ نارائن نگر کالونی سابق میں کورونا سے متاثر ہونے کے بعد صحت یاب ہوگئی تھی۔ صحت یاب ہونے کے باوجود بھی خاتون صحت کے کئی مسائل سے دوچار تھی۔ کل اس نے پھانسی لے لی۔

نمائش میں زندہ طلسمات اسٹال پر لکی ڈرا

سرینو کو پانچ لاکھ، سنگیتا کو 3 لاکھ اور احمد کو دو لاکھ کے انعامات

حیدرآباد میں کل ہند صنعتی نمائش میں زندہ طلسمات اسٹال پر خریداری پر جاری کئے گئے کوپن کی قرعہ اندازی 15 فروری کی شب عمل میں آئی۔ مسٹر

جے سرینو کوپن نمبر 18343 کو پانچ لاکھ روپے کا بمپر پرائز حاصل ہوا۔ سنگیتا شرما کوپن نمبر 23265 کو دوسرا انعام تین لاکھ روپے، محمد احمد کوپن نمبر 28980 کو تیسرا انعام دو لاکھ روپے حاصل ہوا۔ جبکہ 10 ترغیبی انعامات کے طور پر اسمارٹ ایل ای ڈی TV دیئے گئے۔ خوش نصیب انعام یافتگان کے نام یہ ہیں: محمد نواز کوپن نمبر 30885، نداء النساء کوپن نمبر 20519، محمد افضل کوپن نمبر 30612، No name کوپن نمبر 13899، عائشہ صدیقہ کوپن نمبر 16212، بی ارچنا ریڈی کوپن نمبر 26910، ذکیہ پروین کوپن نمبر 21847، عفان کوپن نمبر 28650، محمد سراج کوپن نمبر 29002 اور محمد شعیب کوپن نمبر 24660۔ ویکلی ڈرا غلام محمد کوپن نمبر 30305 کو ہونڈا ایکٹیوا اور ڈیلی ڈرا سید احمد وحید کوپن نمبر 30624 کو گولڈ کائن ملی۔ نمائش کے سکریٹری سائنا تھ دیا کر شاستری اور خازن بی پی چکرورتی نے قرعہ اندازی کی رسم انجام دی۔ اس موقع پر جناب اویس الدین فاروقی، جناب سعد فاروقی، محمد اکبر موجود تھے۔ جناب ذیشان حیدر نے کاروائی چلائی۔ زندہ طلسمات اسٹال پر آخری لمحات میں خریداروں کا غیر معمولی ہجوم دیکھا گیا۔ ہر سال بمپر پرائز لکی ڈرا زندہ طلسمات کی روایت رہی ہے۔

اپنے بچوں سے گفتگو کیلئے وقت نکالیں۔ محمد لطیف خان کا والدین کو مشورہ

اخلاق شو کے دوسرے دن ایم ایس کریٹیو اسکول زون ٹو بوائز نے جوش وخروش سے حصہ لیا

حیدرآباد۔17 فبروری (پریس نوٹ) ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کے سالانہ اخلاق شو کے لئے اس سال کا موضوع والدین کے ساتھ اخلاق رکھا گیا۔ چارروزہ اس جشن کے دوسرے دن ایم ایس کریٹیو اسکولس زون ٹو کے طلباء نے جوش وخروش سے حصہ لیتے ہوئے والدین سے حسن سلوک کے موضوع پر

اسٹالس اور مختلف پروگرامس پیش کئے۔ اس موقع پر ایم ایس کے چیرمین محمد لطیف خان نے طلباء اور اس موقع پر خصوصی طور پر مدعو ان کے والدین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن والدین کو خراج پیش کرنے کا دن ہے۔ ہمارے ان پروگرامس کے ذریعہ کوشش کی جارہی ہے کہ اولاد کے لئے والدین کی جانب سے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا جائے اور بچوں میں یہ احساس جاگے کہ والدین ان کے لئے کتنی قربانیاں دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت تیزی سے بدل رہا ہے ہمیں کافی دور اندیشی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اگلے سال سے ایم ایس کے طلبہ کے لئے مائینڈ میپینگ پر کام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور چاٹ جی پی ٹی کے اس دور میں بچے کس طرح اپنے وجود کو برقرار رکھیں اس کے لئے ایم ایس مائچو پر کے اصول پر کررہا ہے جو بچوں کو اسمارٹ بنانے کی سمت کام کرتا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے والدین کو مشورہ دیا کہ وقت کی نزاکت کو سمجھیں۔ اپنی اولاد کے لئے وقت نکالیں، ان سے گفتگو کریں اور ان کے سوالات کا جواب دیں ورنہ یہ کسی اور ذریعہ سے اپنے جواب تلاش کرنے کی کوشش کریں گے جو ان کے لئے نقصان دہ بھی ثابت ہوسکتے ہیں۔ ہمیں بچوں میں اس احساس کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے جس سے وہ نہ صرف اپنے خاندان بلکہ ملک وقوم کی ترقی میں شراکت دار بنیں اور دوسروں کے لئے مشعل راہ بنیں۔ اس موقع پر ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کے مینیجنگ ڈائرکٹر انور احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ والدین کے ساتھ برتاو اور حسن سلوک کس طرح ہو اس موضوع پر طلباء نے جس طرح اپنے اسٹالس پیش کئے وہ اس سے کافی متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سالانہ پروگرامس کا مقصد یہ ہے کہ ہمارے نوجوان اپنے والدین کی اہمیت اور ان کی عظمت سے واقف ہوں۔ اس موقع پر ایم ایس ایجوکیشن اکیڈیمی کے سینئر ڈائرکٹر ڈاکٹر محمد معظم حسین نے ایم ایس کے طلبہ کے کارناموں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس موقع پر خاص طور پر گذشتہ دو سالوں میں ورلڈ ٹین پارلیمنٹ کے لئے منتخب ایم ایس کے 11 طلباء کو اسٹیج پر مدعو کرتے ہوئے ان کا تعارف کروایا۔ آج منعقدہ اخلاق شو کے آخر میں ایم ایس کریٹیو اسکول زون ٹو کے طلباء میں اکیڈیمک ایکسلنس ایوارڈس تقسیم کئے گئے۔

جرائم وحادثات

گانجہ کی اسمگلنگ کا بین ریاستی ریاکٹ بے نقاب

گرفتار 3 ملزمین میں شوہر اور بیوی بھی شامل۔ مادھاپور پولیس کی کارروائی

حیدرآباد۔17 فروری (اعتماد نیوز) مادھاپور پولیس نے گانجہ کا کاروبار کرنے والی ایک بین ریاستی ٹولی کو بے نقاب کرتے ہوئے تین افراد کو گرفتار کرلیا ہے جن میں شوہر اور بیوی بھی شامل ہیں۔ پولیس نے ملزمین کے قبضہ سے 23.5 کلوگرام گانجہ، ایک کار، تین موبائل فون اور نقد رقم ضبط کرلی ہے جن کی جملہ مالیت تقریباً 6 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق جو ملزمین گرفتار کئے گئے ہیں ان میں 29 سالہ سوربھ سنگھ، اس کی 20 سالہ بیوی رادھا اور 26 سالہ پرکاش سنگھ شامل ہیں جو تمام اترپردیش کے ضلع متھرا سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس ٹولی کے مزید 2 ارکان تنبوناتھ اور رمیش مفرور بتائے گئے ہیں جو بالترتیب اڈیشہ اور آندھراپردیش سے تعلق رکھتے ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ سوربھ، رادھا اور جے پرکاش نے آسانی کے ساتھ دولت کمانے کے مقصد کے تحت گانجہ کا کاروبار شروع کیا۔ انہوں نے اڈیشہ اور آندھراپردیش سے تعلق رکھنے والے تنبوناتھ اور رمیش سے ربط پیدا کیا اور گانجہ کی خرید وفروخت میں دلچسپی ظاہر کی۔ ملزمین نے ان دونوں سے 2,500 روپے فی کلوگرام گانجہ خریدا اور متھرا میں ضرورت مند کسٹمرس کو 15 ہزار تا 20 ہزار روپے فی کلوگرام کے حساب سے یہ گانجہ فروخت کیا جاتا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ چیک پوسٹ پر پولیس سے بچنے کے لئے یہ گانجہ کار کے خفیہ کیبن میں رکھتے ہوئے منتقل کیا جاتا تھا۔ ایک اطلاع کی روشنی میں مادھاپور پولیس نے ان ملزمین کو علاقہ خانہ میٹ میں اس وقت گرفتار کرلیا جب وہ کار سے براہ حیدرآباد یہ گانجہ اترپردیش کے متھرا کو اسمگل کرنے کی کوشش کررہے تھے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ سائبرآباد حدود میں ڈرگس کی منتقلی اور اسمگلنگ کو روکنے کے لئے سخت اقدامات کئے جارہے ہیں اور مختلف مقامات پر گاڑیوں کی تلاشیاں بھی لی جارہی ہیں۔

گانجہ کی غیر قانونی منتقلی میں ملوث بین ریاستی ٹولی گرفتار

55 لاکھ روپئے مالیتی 284 کیلو ممنوعہ اشیاء ضبط

نلگنڈہ۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) نلگنڈہ میں پولیس نے گانجہ کی غیر قانونی منتقلی میں ملوث بین ریاستی ٹولی کے ایک مجرم کو گرفتار کرتے ہوئے اس کے قبضہ سے 55 لاکھ مالیتی 284 کیلو گانجہ کے ساتھ ساتھ ایک کار اور تین سیل فون ضبط کرلیا۔ ضلع ایس پی اپوروا راؤ نے بتایا کہ ریاست کو نشہ آور ادویات سے پاک بنانے کے ڈی جی پی کے احکامات کے مطابق ناگر جنا ساگر اسمبلی حلقہ کے پیدا اوورہ منڈل نلگنڈہ کی پولیس نے ان کو خفیہ دستیاب اطلاع پر گاڑیوں کی تنقیح کی گئی۔ اسی دوران آندھراپردیش کے ماچرلہ سے حیدرآباد جارہی کار کو روک کر تلاشی لی گئی۔ اس تلاشی کے دوران ڈرائیور نے اپنا نام راجو، متوطن ٹامل ناڈو بتایا' کار میں دو دو کیلو گانجہ کے 142 پیاکٹ تھے۔ پولیس نے گانجہ کے ساتھ اس شخص کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی نے اس کارروائی پر متعلقہ پولیس عہدیداروں کی ستائش کی۔

جنگاؤں مستقر میں کلورین گیاس کے اخراج کا واقعہ، کئی افراد متاثر

جنگاؤں۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) جنگاؤں مستقر میں کلورین گیاس کے اخراج کا واقعہ پیش آیا۔ سدی پیٹ روڈ کورٹ ایریا جیل کے قریب نوتعمیر شدہ او ایچ ایس آر ٹینک کے قریب کلورین

گیاس کا اخراج ہوا جس کے بعد سڑک سے گذرنے والے افراد کے ساتھ ساتھ اس علاقہ میں گھروں میں رہنے والوں نے کھانسی اور الٹی ہونے کی شکایت کی۔ سرکاری جنرل ہاسپٹل میں کام کرنے والا طبی عملہ اور سکیورٹی گارڈز بھی اس واقعہ سے متاثر ہوگئے۔ گوکل نگر، گرنی گڈہ اور آس پاس کی کالونیوں کے 100 سے زیادہ افراد اس سے متاثر ہوئے۔ آنکھوں میں جلن، قے اور اسہال کی شکایت پر کئی افراد کو ہاسپٹل منتقل کیا گیا۔ ایڈیشنل کلکٹر پرافل دیسائی نے متاثرین کی عیادت کی اور انھیں بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ انھوں نے زیرعلاج مریضوں سے وہاں فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں دریافت کیا۔ انھوں نے ہنگامی طبی خدمات کے لیے ہیلپ لائن نمبر 6304093907 پر رابطہ کرنے کا مشورہ دیا۔

مبینہ دھماکوں کی سازش۔ فنڈنگ کے الزام میں ایک شخص گرفتار

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) حیدرآباد میں مبینہ دھماکوں کی سازش کے لئے فنڈنگ کے الزام میں ایک شخص کو گرفتار کرلئے جانے کی اطلاعات ہیں۔ واضح رہے کہ سابق میں پولیس نے زاہد، سمیع الدین اور معاذ نامی نوجوانوں کو سازش کے الزام میں گرفتار کرلیا تھا۔ باوثوق ذرائع کے مطابق اسی کیس میں ایک اور شخص کو گرفتار کرلیا گیا جس پر فنڈنگ کا الزام ہے۔ اس شخص کی شناخت 39 سالہ کلیم کے طور پر کی گئی ہے۔ قبل ازیں اس واقعہ کی تحقیقات اسپیشل انوسٹی گیشن ٹیم کی جانب سے کی جارہی تھی۔ بعدازاں یہ کیس نیشنل انوسٹی گیشن ایجنسی کے حوالے کیا گیا۔

اسکیانگ مشینیں خریدنے کے نام پر فارما کمپنی کو دھوکہ

حیدرآباد۔17 فروری (اعتماد نیوز) شہر کی ایک فارما کمپنی کے ذمہ داروں کو اسکیانگ مشینیں خریدنے کے نام پر ٹھگ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایک فارما کمپنی سے بعض افراد نے آن لائن رابطہ قائم کرتے ہوئے اپنا تعارف آرمی حکام کے طور پر کروایا۔ انہوں نے کہا کہ فوج کے قواعد کے مطابق کچھ رقم کمپنی کو ڈپازٹ کرنی ہوتی ہے جس کے بعد انہیں آرڈر دیا جائے گا۔ مرحلہ واری طور پر کمپنی کے ذمہ داروں سے 25 لاکھ روپے وصول کرلئے گئے جس پر کمپنی کے ذمہ داروں کو شبہ ہوا اور انہوں نے سائبر کرائم پولیس سے شکایت کی۔

آن لائن برہنہ ویڈیو کالنگ، لڑکی نے پانچ لاکھ روپے وصول کرلئے

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) آن لائن برہنہ ویڈیو کالنگ کے ذریعہ ایک شخص سے 5 لاکھ روپے بلیک میل کرکے وصول کرلئے گئے۔ اس سلسلہ میں سائبر کرائم پولیس سے شکایت کی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ سوشیل میڈیا کے ذریعہ ایک شخص کی لڑکی سے ملاقات ہوئی اور ان دونوں کے درمیان چیاٹنگ ہورہی تھی۔ بعدازاں لڑکی نے شکایت کنندہ کے ساتھ برہنہ ویڈیو کالنگ کی اور منصوبہ بند طریقہ سے اسے ریکارڈ کرلیا۔ بعدازاں لڑکی نے یہ ویڈیو سوشیل میڈیا پر اپ لوڈ کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے شکایت کنندہ سے 5 لاکھ روپے وصول کرلئے۔ مزید رقم کے لئے ہراسانی پر وہ پولیس سے رجوع ہوا۔

آن لائن بٹنگ میں رقم سے محروم شخص کی رشتہ دار کے گھر میں چوری

حیدرآباد۔17 فروری (اعتماد نیوز) ٹاسک فورس اور رام گوپال پیٹ پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے آن لائن بیٹنگ میں رقم سے محروم ہونے کے بعد قرض کی ادائیگی کے لئے اپنے قریبی رشتہ دار کے مکان میں سرقہ کی واردات انجام دینے کے الزام میں ایک نوجوان کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کی شناخت 29 سالہ سورج ساکن رام گوپال پیٹ کے طور پر کی گئی ہے جو شکایت کنندہ گوپال داس کا قریبی رشتہ دار ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق آسان طریقہ سے رقم حاصل کرنے کے مقصد سے سورج آن لائن بیٹنگ میں رقم لگایا کرتا تھا جس میں اسے کافی نقصان ہوا۔ اس نے قرض کی ادائیگی کے لئے اپنے رشتہ دار سورج کے مکان سے 11 فروری کو طلائی زیورات کا اس وقت سرقہ کرلیا جب وہ مکان میں موجود نہیں تھے۔ اس سلسلہ میں شکایت ملنے پر پولیس نے نوجوان کو شبہ کی بنیاد پر حراست میں لے کر پوچھ تاچھ کی تو اس نے اقبال جرم کرلیا۔ ملزم کے قبضہ سے 32 تولہ وزنی طلائی زیورات ضبط کرلئے گئے۔

خراج عقیدت
فخر ملتؒ حضرت عبدالواحد اویسی صاحب ایڈوکیٹ سابق صدر اور سالار ملتؒ الحاج سلطان صلاح الدین اویسی صاحب سینئر پارلیمنٹرین و سابق صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین کی خدمات کو بھرپور
سالار ملتؒ
فخر ملتؒ
حلقہ اسمبلی مہیشورم کے تحت جل پلی بلدیہ میں جملہ 151 کروڑ روپے مالیتی کاموں کی تکمیل
اور 45 کروڑ روپے سے نئے کاموں کی منظوری پر
نقیب ملت بیرسٹر اسدالدین اویسی صاحب
صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین و رکن پارلیمان حیدرآباد
محترمہ سبیتا اندرا ریڈی
ریاستی وزیر تعلیم و رکن اسمبلی حلقہ مہیشورم
کا دل کی عمیق گہرائیوں سے
اظہار تشکر
مسٹر کے چندر شیکھر راؤ، چیف منسٹر تلنگانہ
سبیتا اندرا ریڈی ریاستی وزیر تعلیم و رکن اسمبلی حلقہ مہیشورم
بیرسٹر اسدالدین اویسی صدر مجلس و رکن پارلیمنٹ حیدرآباد
جل پلی بلدیہ میں مشن بھگیرتا کے تحت پہلے مرحلہ میں جملہ 129 کلومیٹر طویل پائپ لائن 39 کروڑ روپے کی لاگت سے اوور واٹر اوور ہیڈ ٹینک 22 لاکھ لیٹر گنجائش اور 5 لاکھ لیٹر اور 3 لاکھ لیٹر اور 1.5 لاکھ لیٹر گنجائش کے ساتھ مکمل کئے گئے ہیں۔
دوسرے مرحلہ میں 180 کلومیٹر طویل پائپ لائن اور 60 لاکھ لیٹر گنجائش کا واٹر اوور ہیڈ ٹینک 72 کروڑ روپے سے مکمل کئے گئے
40 کروڑ روپے کی لاگت سے ڈرینج لائن، سی سی روڈ، بی ٹی روڈ، اسٹریٹ لائٹس اور واٹر ورکس کے کام انجام دیئے گئے۔
صدرنشین بلدیہ کی نمائندگی پر رکن اسمبلی سبیتا اندرا ریڈی نے اسمبلی میں مزید 45 کروڑ روپے کے نئے تجاویز کو بجٹ میں منظوری دلائی جس میں اندرون بستی سی سی سڑکوں کی تعمیر عمل میں لائی جائے گی۔ اس کے علاوہ وارڈ نمبر 3 میں ایس این ڈی پی کے تحت 14 کروڑ روپے کی لاگت سے نالے کے کام جاری ہیں۔
گذشتہ 3 برسوں کے دوران جل پلی بلدیہ میں جملہ 151 کروڑ روپے کے کام مکمل کئے گئے جبکہ نئے کاموں کیلئے 45 کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں۔
جل پلی بلدیہ کیلئے ایچ ایم ڈی اے کے گرانٹس 7 کروڑ روپے، ٹی ایس آئی سی گرانٹس 3.10 کروڑ روپے، ایل آر ایس کے تحت 4.15 کروڑ روپے، ٹی یو ایف آئی ڈی سی گرانٹس 10 کروڑ روپے، سی ڈی پی 24 لاکھ روپے، 14 ویں فینانس کمیشن کے تحت 4.89 کروڑ، 15 ویں فینانس کمیشن کے تحت 2.66 کروڑ روپے، ایس ایف سی 79.10 لاکھ روپے، پی پی ایف 4.91 کروڑ روپے، 14 ویں فینانس کمیشن کے تحت پی پی 1.86 کروڑ روپے، ایم جی ایف 50 لاکھ روپے۔ اس طرح جملہ گرانٹس 40.11 کروڑ روپے جس کے تحت جملہ 196 کام انجام دیئے گئے ہیں۔
کے تارک راما راؤ
وزیر بلدی نظم و نسق و انفارمیشن ٹکنالوجی
کارتک ریڈی ٹی آر ایس لیڈر
جناب اکبرالدین اویسی
قائد مجلس مقننہ پارٹی و رکن اسمبلی چندرائن گٹہ
عبداللہ سعدی، چیرمین جل پلی میونسپلٹی
احمد سعدی، انچارج حلقہ مہیشورم مجلس
سید یوسف پٹیل، نمائندہ وائس چیرمین وارڈ 8
محمد دستگیر، کونسلر وارڈ 14
محمد انور، کوآپشن ممبر جل پلی
کرشنا ریڈی، کوآپشن ممبر جل پلی
شریف عثمان غالب، کوآپشن ممبر جل پلی
احمد کساڈی، کونسلر وارڈ 3
ظفر باعوم، کونسلر وارڈ 2
سید یحییٰ، کونسلر وارڈ 5
سریدھر گوڑ، کونسلر وارڈ 17
بڈوبل یادگری، کونسلر وارڈ 16
خالد محروس، کونسلر وارڈ 15
محمد مظہر، کونسلر وارڈ 7
کنڈل یادو، کونسلر وارڈ 13
سید نمو، کونسلر وارڈ 12
حاجی نواب، کونسلر وارڈ 11
محمد شمس الدین، کونسلر وارڈ 10
میر وزیر علی خاں، کونسلر وارڈ 25
شیخ قدیر، کونسلر وارڈ 24
سید علی، کونسلر وارڈ 23
سعود عوقی، کونسلر وارڈ 22
شیخ افضل، کونسلر وارڈ 21
حسن شاہ، کونسلر وارڈ 1
پلاپو شنکر، کونسلر وارڈ 19
کے لکشمی نارائنا، کونسلر وارڈ 18
سید حامد، سابق ڈپٹی سرپنچ بالاپور و سرگرم کارکن مجلس
شیخ علیم، کونسلر وارڈ 6
کے بھشم ماں، کونسلر وارڈ 20
جے رادھیکا شراون، کونسلر وارڈ 4
محمد محبوب، کونسلر وارڈ 28
اقبال بن خلیفہ، کونسلر وارڈ 27
حامد زیدی، کونسلر وارڈ 26
منجانب
احمد سعدی، انچارج حلقہ مہیشورم مجلس۔ عبداللہ سعدی، چیرمین جل پلی میونسپلٹی و اراکین بلدیہ جل پلی

نماز کے اوقات

نماز موسموں کی معراج ہے	ظہر	عصر	مغرب	عشاء	کل کی فجر
ابتداء	۱۲/۴۰	۴/۴۲	۶/۲۴	۷/۳۲	۵/۴۱
انتہاء	۴/۴۱	۶/۱۹	۷/۳۱	۵/۱۹	۶/۳۶

طلوع آفتاب صبح 6:41منٹ
غروب آفتاب شام 6:19منٹ
درجہ حرارت
اعظم ترین34.00ڈگری سلسیس
اقل ترین17.00ڈگری سلسیس

چیف منسٹر چندر شیکھر راو 69 سال کے ہوگئے

مختلف قائدین بشمول وزیراعظم، گورنر کے علاوہ بیشتر وزرائے اعلی کی مبارکباد

حیدرآباد۔17فروری (اعتماد نیوز) چیف منسٹر اور صدر بھارت راشٹر اسمیتی کے چندر شیکھر راو جمعہ کو 69 سال کے ہوگئے ہیں جہاں انہیں ملک بھر سے سیاسی قائدین اور مختلف شخصیتوں نے سالگرہ کی مبارکبادیاں دیں۔ سب سے پہلے وزیراعظم نریندر مودی نے چندر شیکھر راو کو سالگرہ کی مبارکباد دی اور ایک ٹوئیٹ کرتے ہوئے چیف منسٹر کی درازی عمر اور بہتر صحت کے لئے نیک خواہشات وابستہ کیں۔ حکومت تلنگانہ کے ساتھ مختلف مسائل پر مبینہ اختلافات کے درمیان گورنر ڈاکٹر ٹی سوندرارا جن نے بھی جمعہ کو ایک ٹوئیٹ کرتے ہوئے چندر شیکھر راو کو سالگرہ کی مبارکباد دی۔ چیف منسٹر کو مبارکباد دینے والے دوسرے بی جے پی قائدین میں بشمول مرکزی وزراء نتن گڈکری، ایس وائی نائک، راوصاحب پاٹل دانوے کے علاوہ چیف منسٹر آسام ہیمنت بسواس سرما بھی شامل ہیں۔ سیاسی وابستگیوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے دوسری جماعتوں سے تعلق رکھنے والے قائدین نے بھی سالگرہ کی مبارکبادیاں دی ہیں۔ ان میں ملک کے دوسرے علاقوں کے قائدین بھی شامل ہیں۔ ڈی ایم کے سربراہ اور چیف منسٹر ٹاملناڈو ایم کے اسٹالن نے بھی ایک ٹوئیٹ کے ذریعہ چندر شیکھر راو کو دلی مبارکباد دی اور اس توقع کا اظہار کیا کہ وہ صحت مند زندگی کے ساتھ تخریبی طاقتوں سے لڑائی جاری رکھیں گے اور تلنگانہ کے عوام کی خدمت کرتے رہیں گے۔ عام آدمی پارٹی کے بانی اور چیف منسٹر دہلی اروند کجریوال نے بھی تلگو میں ٹوئیٹ کرتے ہوئے چیف منسٹر کو ان کی سالگرہ کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔ تلگو فلموں کے میگا اسٹار اور سابق مرکزی وزیر چرنجیوی چندر شیکھر راو کو سالگرہ دینے والے قائدین میں شامل ہیں۔ آندھرا پردیش سے علیحدہ ریاست تلنگانہ کی تشکیل کے لئے تحریک چلانے والے چندر شیکھر راو 2014ء میں ریاست کے پہلے چیف منسٹر بنائے گئے تھے۔ 2018ء کے اسمبلی انتخابات میں بھی انہوں نے مسلسل دوسری مرتبہ کامیابی حاصل کی۔ 2022ء میں انہوں نے کانگریس اور بی جے پی کے متبادل کے طور پر تلنگانہ راشٹرا سمیتی کو بھارت راشٹرا سمیتی میں تبدیل کیا۔ جمعرات سے ہی تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں چندر شیکھر راو کی سالگرہ تقاریب کا اہتمام شروع ہوگیا تھا۔ ان کی دختر اور رکن کونسل کے کویتا نے جمعرات کو ایل بی اسٹیڈیم میں نصف شب کے بعد منعقدہ سالگرہ کی تقریب میں شرکت کی۔ بعدازاں انہوں نے جمعہ کو صبح بلکم پیٹ مندر میں پوجا کی۔ ریاست کے مختلف اضلاع میں بھی وزراء اور پارٹی قائدین نے چیف منسٹر کی سالگرہ تقاریب کا اہتمام کیا۔ پارٹی کے ریاستی ہیڈکوارٹرس تلنگانہ بھون میں بھی جمعرات کو نصف شب کے وقت ریاستی وزراء نے کیک کاٹتے ہوئے چیف منسٹر کی سالگرہ منائی۔

کابینی وزراء کو ایک ہی طرز کی جھوٹ بولنے کی تربیت دیں

میڈیکل کالجوں کے معاملہ میں وزیراعظم کو وزیر تارک راماراو کا مشورہ

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) بی آر ایس کے کارگذار صدر و وزیر بلدی نظم ونسق تارک راماراو نے تلنگانہ میں میڈیکل کالجس کی منظوری سے متعلق تین مرکزی وزراء کے متضاد بیانات پر اپنے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی کو طنزیہ طور پر مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے کابینی وزراء کو ایک ہی طرز کا جھوٹ بولنے کی تربیت دیں۔ مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن نے گذشتہ روز دوردرشن پر منعقدہ ایک پروگرام کے دوران تلنگانہ حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ تارک راماراو نے مرکزی وزیر کی تنقیدوں کا جواب دیا۔ ٹیوٹر پر انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں میڈیکل کالجس کی منظوری کے معاملہ میں مرکزی وزراء ایک سے بڑھ کر ایک جھوٹ بول رہے ہیں اور تینوں وزراء نے اس معاملہ میں الگ الگ جھوٹ بولا ہے۔ انہوں نے وزیراعظم سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ مودی جی، کم ازکم اپنے وزراء کو ایک ہی طرز کے جھوٹ بولنے کی تربیت دیں۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر نے کہا کہ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تلنگانہ میں 9 میڈیکل کالجس منظور کرنے کا دعویٰ کیا ہے جب کہ ایک اور وزیر منسکھ منڈاویا نے کہا کہ میڈیکل کالجس کی منظوری کے لئے تلنگانہ سے ایک بھی درخواست موصول نہیں ہوئی اور وزیر فینانس نرملا سیتارمن کا کچھ اور ہی کہنا ہے۔ اس طرح تینوں وزراء کے بیان میں کافی تضاد ہے اور تینوں نے بھی جھوٹ کا سہارا لیا ہے۔ جھوٹ کا سہارا بھی ایک طرز کا نہیں ہے۔ تینوں نے الگ الگ جھوٹے بیانات دیئے۔ اس لئے میرا یہ وزیراعظم کو مشورہ ہے کہ وہ اپنے وزراء کو ایک ہی طرز کا جھوٹ بولنے کی تربیت دیں۔

میڈیکل کالجوں پر مرکزی وزراء کے بیانات میں تضاد

مرکز کی فراہم کردہ گنجائش کے مطابق ہی قرض کا حصول۔ وزیر فینانس ہریش راو کا دعوی

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) وزیر فینانس ہریش راو نے مرکزی وزراء نرملا سیتارمن اور جی کشن ریڈی پر گمراہ کن بیانات دینے کا الزام عائد کیا ہے۔ گجویل میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ہریش راو نے کہا کہ وہ مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن کے گمراہ کن بیانات کی شدید مذمت کرتے ہیں جنہوں نے کہا تھا کہ تلنگانہ حکومت کی جانب سے مرکز کو نئے میڈیکل کالجس کی منظوری کے لئے کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی ہے جب کہ مرکزی وزیر سیاحت کشن ریڈی' مرکز کی جانب سے تلنگانہ کو 8 میڈیکل کالجس منظور کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے غلط تشہیر کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں مرکزی وزراء کے بیانات میں کافی تضاد ہے۔ ہریش راو نے کہا کہ مرکزی حکومت نے 157 میڈیکل کالجس ملک بھر میں منظور کرنے کا اعلان کیا تھا جو مکمل طور پر مرکزی حکومت کی جانب سے چلائے جانے والے ہیں۔ مرکز کے اس اعلان کے بعد تلنگانہ حکومت نے کھمم اور کریم نگر کے لئے دو میڈیکل کالجس منظور کرنے کی درخواست دی تھی لیکن وہاں پہلے سے خانگی میڈیکل کالج قائم رہنے کا بہانہ بناتے ہوئے تلنگانہ حکومت کی درخواست کو مسترد کردیا گیا جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ مرکزی حکومت نے تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی کی ہے۔ اسی طرح نرسنگ کالجس کی منظوری میں بھی تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی کی گئی۔ اس کے لئے مرکز کے آیوشمان بھارت اسکیم پر عمل آوری نہ کرنے کا بہانہ بنایا گیا۔ ہریش راو جو صحت کے بھی وزیر ہیں نے دعوی کیا کہ مرکز کی آیوشمان بھارت اسکیم سے کافی بہتر اسکیم تلنگانہ میں روبہ عمل لائی جانے والی آروگیہ شری اسکیم ہے۔ آروگیہ شری اسکیم کے تحت ہر سال ریاست میں 800 کروڑ روپے خرچ کئے جارہے ہیں جبکہ آیوشمان بھارت اسکیم کے تحت 150 کروڑ روپے بھی خرچ نہیں کئے جارہے ہیں۔ ہریش راو نے کہا کہ نرملا سیتارمن نے تلنگانہ کے قرضوں اور دیگر معاشی امور سے متعلق دیئے گئے بیانات بھی حقائق سے بعید ہیں۔ مرکزی وزیر فینانس نے تلنگانہ میں زائد قرض حاصل کرنے کا الزام عائد کیا تھا جب کہ حقیقت یہ ہے کہ تلنگانہ حکومت نے مرکزی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ گنجائش کے مطابق ہی قرضوں کو حاصل کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ تنخواہوں کی ادائیگی اور روزمرہ کے کام کاج کے لئے تلنگانہ حکومت نے کبھی قرض حاصل نہیں کیا۔ قرض سے حاصل کردہ مکمل رقم سے اثاثوں کو بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ حکومت قرضوں کو کم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ اس کے برعکس مرکزی حکومت نے قرض حاصل کرنے میں ریکارڈ بنایا ہے۔ 60 سال کے دوران ملک پر حکمرانی کرنے والے وزرائے اعظم نے جتنا قرض حاصل کیا اس سے کہیں زیادہ مودی حکومت نے صرف 8 سال میں حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی جانب سے تلنگانہ کو فنڈس میں بھی کافی کٹوتی کی گئی۔ 38 ہزار کروڑ روپے کے بقایا جات کی رقم اب تک جاری نہیں کی گئی۔ نیتی آیوگ نے مشن بھگیرتا اسکیم کے لئے 19,205 کروڑ روپے اور مشن کاکتیہ کے لئے 5 ہزار کروڑ روپے تلنگانہ حکومت کو جاری کرنے کی مرکز سے سفارش کی تھی۔ اس طرح 5 سال گذر جانے کے بعد بھی مرکزی حکومت نے 24,205 کروڑ روپے کی رقم اب تک جاری نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ حکومت نے تعلیم اور صحت کے شعبہ کے بجٹ میں گذشتہ کے مقابلہ میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے لیکن مرکزی حکومت نے ان دو اہم شعبوں کے بجٹ میں تخفیف کی ہے۔

محبوب نگر کے آبپاشی پراجکٹ کی تعمیر کی راہ ہموار

سپریم کورٹ کی اجازت۔ ٹریبونل کے 500 کروڑ کے جرمانہ پر حکم التواء

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) سپریم کورٹ نے دریائے کرشنا کے پانی سے استفادہ کرتے ہوئے محبوب نگر ضلع میں تعمیر ہونے والے پالامور۔ رنگاریڈی پراجکٹ کے کاموں کو انجام دینے کی اجازت دی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے تلنگانہ حکومت سے کہا کہ اس پراجکٹ کو 7.5 ٹی ایم سی پانی کی گنجائش تک تعمیر کیا جائے تاکہ اس پانی کو پینے کے لئے استعمال کیا جاسکے۔ عدالت نے کہا کہ اس پراجکٹ کی اجازت اس لئے دی جارہی ہے تاکہ پینے کے پانی کا مسئلہ پیدا نہ ہو اور عوام کو مشکلات درپیش نہ ہوں۔ دوسری طرف عدالت عظمیٰ نے نیشنل گرین ٹریبونل کی جانب سے اس پراجکٹ کی تعمیر پر ریاستی حکومت پر عائد کردہ 500 کروڑ کے جرمانے کے فیصلے پر حکم التواء صادر کیا اور اس سلسلہ میں تمام فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 6 ہفتوں کے اندر جوابی حلفنامہ داخل کرنے کی ہدایت دی۔ نیشنل گرین ٹریبونل نے چند ماہ قبل پالامور۔ رنگاریڈی پراجکٹ کی تعمیر میں ماحولیات کو نقصان پہنچانے کا الزام عائد کرتے ہوئے حکومت پر 500 کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کیا تھا۔

آرمور میں لاری کو خانگی بس کی ٹکر۔ 15 مسافرین شدید زخمی

نظام آباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) ضلع نظام آباد کے آرمور منڈل کے موضع پرکٹ قومی شاہراہ 44 پر آج صبح کی اولین ساعتوں میں رونما سڑک حادثہ میں 15 مسافرین شدید زخمی ہوگئے۔ پرکٹ قومی شاہراہ پر ٹھہری ہوئی لاری کو ایک خانگی اے سی بس نے ٹکر دے دی۔ خانگی اے سی بس میں سفر کرنے والے کئی مسافرین اور دونوں بسوں کے ڈرائیور زخمی ہوئے ہیں۔ ان میں 15 افراد شدید زخمی ہوگئے۔ بتایا جاتا ہے کہ خانگی اے سی بس، رائچور سے حیدرآباد کی سمت جارہی تھی۔ پولیس ابتدائی جانچ میں اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ حادثہ خانگی اے سی بس ڈرائیور کے نیند کے زیراثر ہونے کی وجہ سے پیش آیا۔ آرمور سرکل انسپکٹر سریش بابو، سب انسپکٹر راموں نے جائے حادثہ کا معائنہ کیا۔ حادثہ کی وجوہات معلوم کیں۔ انہوں نے کہا کہ مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ سڑک حادثہ میں زخمی ہونے والوں کو علاج کے لئے ضلع مستقر نظام آباد کے سرکاری جنرل ہاسپٹل منتقل کیا گیا ہے۔ آرمور پولیس نے خانگی اے سی بس جو کہ سڑک حادثہ کی وجہ سے قومی شاہراہ پر تھی، کرین کی مدد سے منتقل کیا اور ٹریفک نظام کو بحال کیا۔

دارالسلام اتوار کو بوجہ شب معراج بند رہے گا

حیدرآباد۔17فروری (اعتماد نیوز) جناب سید احمد پاشاہ قادری معتمد عمومی مجلس و رکن اسمبلی یاقوت پورہ کی اطلاع کے بموجب کل اتوار 19 فروری کو کل ہند مجلس اتحادالمسلمین کا صدر دفتر دارالسلام بوجہ شب معراج بند رہے گا۔

ہتھیار جمع کروادینے پولیس کی ہدایت

حیدرآباد۔ 17فروری (اعتماد نیوز) کمشنر پولیس سائبرآباد، رچہ کنڈہ نے قانون ساز کونسل کے انتخابات کے پیش نظر ہتھیار جمع کروادینے کی خواہش کی ہے۔ تمام لائسنس یافتہ ہتھیار رکھنے والوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ متعلقہ پولیس اسٹیشن یا پھر مجاز آرمڈ ڈیلرس کے پاس یہ ہتھیار جمع کروادیں۔

شب معراج کے موقع پر فلائی اوورس بند رہیں گے

حیدرآباد۔ 17فروری (اعتماد نیوز) شب معراج اور شیوراتری کے سلسلہ میں 18/19 فروری کو شہر حیدرآباد کے نکلیس روڈ کے فلائی اوور کے بشمول تمام فلائی اوورس کو 10 بجے شب کے بعد بند کردیا جائے گا۔ گرین لینڈ فلائی اوور، پی وی این آر وے اور لنگرحوض فلائی اوور اس سے مستثنیٰ رہیں گے۔ ٹریفک کو باقاعدہ بنانے اور روڈ سیفٹی کو یقینی بنانے کے لئے یہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔ شہریوں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ متبادل سڑکوں کا استعمال کریں۔

17 سالہ لڑکی کی خودکشی

حیدرآباد۔ 17فروری (اعتماد نیوز) گولکنڈہ پولیس اسٹیشن کے حدود میں ایک لڑکی نے خودکشی کرلی۔ پولیس کے مطابق 17 سالہ مسکان سلطانہ ساکن ریشم باغ کی والدہ کا 2017ء میں انتقال ہوگیا۔ والدہ کے انتقال کے بعد سے لڑکی کافی تناو میں تھی۔ کل اس نے پھانسی لے لی۔

ایڈیٹر' پرنٹر' پبلیشر و مالک برہان الدین اویسی نے روزنامہ' اعتماد' کو اعتماد پریس دارالسلام' آغاپورہ' حیدرآباد۔500001' تلنگانہ (انڈیا) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر RNI.TELURD/2004/14061' پوسٹل رجسٹریشن نمبر H-HD-GPO/001/2023-2025
ٹیلیفون: 040-24802820۔ فیاکس: 04024802821-04024803531۔ ای میل: etemaad55@gmail.com ویب سائٹ: www.etemaaddaily.com

حدیث شریف

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی بندہ مومن وضو کرتا ہے اور چہرہ دھوتا ہے تو اس کے پانی کے ساتھ اس کی آنکھوں کے تمام گناہ دور ہو جاتے ہیں۔

(حضرت ابو ہریرہؓ۔ مسلم شریف)

آیت شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(ان سے) کہو کہ (بقول تمہارے) اگر آخرت کا گھر اللہ کے نزدیک صرف تمہارے ہی لئے ہے (دوسرے) لوگوں کا اس میں حصہ نہیں تو اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو تو موت کی آرزو کرو۔

Say (O dear Prophet Mohammed - peace and blessings be upon him), "If the abode of the Hereafter in the sight of Allah is for you alone and none else, then long for death if you are truthful!"

(سورہ البقرہ۔ آیت۔94)

وزیر گنگولا کملاکر کے ہاتھوں کریم نگر میں ڈائنا مک لائٹنگ سسٹم کے کاموں کا افتتاح

کریم نگر۔ 17رفروری (اعتماد نیوز) وزیر گنگولا کملاکر نے جمعرات کو مانا کنڈور رکن اسمبلی، ضلع کلکٹر، میئر و دیگر عوامی نمائندوں کے ہمراہ پل پر 6.5 کروڑ کے خرچ سے نصب کئے گئے ڈائنا مک لائٹنگ سسٹم کے کاموں کا افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے کہا کہ ضلع کریم نگر مانیر ریور فرنٹ کی ترقی سے شہر کریم نگر ساری دنیا کی توجہ کا مرکز ہوگا مانیر ریور فرنٹ 100 سال تک کی دستیابی کا حامل ہوگا۔ مانیر پل کے ایک جانب کے کام مکمل ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب سڑک کے کاموں کا آغاز کرتے ہوئے جلد تکمیل کے اقدام کئے جائیں گے۔ مانیر پل کو مزید خوبصورت بنانے کیلئے پل پر 6.5 کروڑ کے خرچ سے ڈائنا مک لائٹنگ سسٹم کا کام شروع کیا جارہا ہے اس کے ساتھ ہی الگنور برج پر کھڑے رہنے پر واضح طور پر دکھائی دینے والے جرمن ٹکنالوجی کے حامل 10×30 سائز کے چھ 45 ہزار پکسلز لگوائے جارہے ہیں۔ پل کے دونوں جانب 4 ٹی وی لگائے جارہے ہیں جن کے ذریعہ اشتہارات فلمیں وغیرہ کی تشہیر کی جائیں گی۔ شہر کی ترقی کے مدنظر پہلے ہی بہت سے صنعتی شعبوں کی توجہ کریم نگر کی جانب مبذول ہوئی ہے۔ ان کاموں کی تکمیل کے پیش نظر ان کا آغاز 2رجون یا 15 راگست کو کرنے کا منصوبہ بنایا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ مانیر پل کے ایک جانب کے کام پہلے ہی مکمل ہو چکے ہیں اور دوسری جانب کے کام بھی جلد ہی مکمل کر لئے جائیں گے اور سواریوں کی آمدورفت شروع کی جائے گی۔ بالائی اور زیریں چہل قدمی ٹراک کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے اور اس پل پر دنیا کے تیسرے بڑے فاؤنٹین (فوارے) کی تعمیر کی منظوری حاصل کی جاچکی ہے اس ضمن ٹنڈر بھی مکمل ہو چکے ہیں۔ پروگرام میں ضلع کلکٹر آر وی کرنن، مانا کنڈور کے رکن اسمبلی رسامائی بالاکشن، میئر وائی سنیل راؤ، ڈپٹی میئر چلا سوروپرانی، کریم نگر لائبریری کارپوریشن کے چیرمین انیل کمار گوڑ، آرڈی او آنند کمار، کتہ پلی میونسپل چیرمین رودرراجو، آر اینڈ بی ای سمبا شیوا راؤ، ڈی ای روینڈر، اے ای راجا شیکھر، اشوک، گتہ دار کمال الدین، عہدیداران، کارپوریٹرس، عوامی نمائندوں و دیگر نے شرکت کی۔

پولیس زدوکوبی کے شکار میدک کے شخص کا گاندھی ہاسپٹل میں انتقال

ذمہ دار ملازمین پولیس کیخلاف سخت کارروائی کرنے کوثر محی الدین کی نمائندگی۔ مقدمہ درج

میدک 17فروری (اعتماد نیوز) میدک میں پولیس کی مارپیٹ پر شدید زخمی محمد قدیر خان کی کل رات 12 بجے حیدرآباد کے گاندھی ہاسپٹل میں علاج کے دوران موت ہوگئی۔ صدر مجلس میدک سید عشرت علی صفی کی اطلاع پر جناب کوثر محی الدین رکن اسمبلی کاروان و انچارج مجلس اتحاد المسلمین ضلع میدک نے جناب قاسم شاہین سینئر مجلسی لیڈر کو گاندھی ہاسپٹل روانہ کرتے ہوئے تفصیلات سے واقفیت حاصل کی اور فوری ضلع ایس پی میدک روہنی پریہ درشنی سے فون پر ربط پیدا کرتے ہوئے محمد قدیر خان کی موت کے ذمہ دار پولیس عہدیدار کے خلاف سخت قانونی کاروائی کرتے ہوئے ان کو فوری خدمات سے معطل کرنے اور ان کے خلاف اقدام قتل کا مقدمہ درج کرنے کی خواہش کی۔ بعدازاں کوثر محی الدین نے ریاستی وزیر ہریش راو رکن اسمبلی میدک ایم پدما دیویندر ریڈی اور ڈی ایس پی میدک کے سیدولو سے بھی فون پر ربط پیدا کرتے ہوئے بے قصور مسلم نوجوان محمد قدیر خان کی موت کے ذمہ دار پولیس ملازمین کو برطرف کرتے ہوئے ان کے خلاف اقدام قتل کا مقدمہ درج کرتے ہوئے مقتول محمد قدیر خان کے افراد خاندان کے ساتھ انصاف کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ کوثر محی الدین کی نمائندگی پر موت کے ذمہ دار ملازمین پولیس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ محمد قدیر خان کے انتقال کی خبر میدک میں عام ہوگئی اور کل جماعتی قائدین ایم بالا کرشنا تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی، ایم اے خالد، مرزا احمد علی بیگ، سید طاہر علی، جلیل عارف صمدانی کانگریس، محمد سمیع الدین کونسلر، سید عمر محی الدین معاون رکن بلدیہ، احمد محی الدین تمیز سابق رکن بلدیہ، محمد مجیب صدر ٹی آر ایس اقلیتی سیل میدک بی آر ایس، محمد افضل تنگوڈیشم، صدر مجلس میدک سید عشرت علی، ایم اے عتیق، معراج گلشنی، شہباز علی، اظہر الدین اجو مجلسی قائدین اور دیگر مسلم نوجوانوں نے ضلع ایس پی میدک روہنی پریہ درشنی اور ڈی ایس پی میدک کے سیدولو سے علحدہ علحدہ ملاقات کرتے ہوئے ایک تحریری یادداشت پیش کی جس میں مطالبہ کیا گیا کہ بے قصور محمد قدیر خان کی موت کے ذمہ دار سب انسپکٹر راج شیکھر، کانسٹبل پون اور پرشانت کو فوری برطرف کرتے ہوئے ان کے خلاف اقدام قتل کا مقدمہ درج کرتے ہوئے مرحوم قدیر خان کے ساتھ انصاف کیا جائے۔ مرحوم قدیر خان کی اہلیہ اور ان کے افراد خاندان کی شکایت پر ڈی ایس پی سیدولو میدک نے مقتول محمد قدیر خان کی موت کے ذمہ داروں سب انسپکٹر راج شیکھر، کانسٹبل پون اور کے پرشانت کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے ایف آئی آر جاری کی۔ اس موقع پر مسلم قائدین کے ہمراہ ٹی چندرا پال چیرمین بلدیہ میدک، بٹی جگپتی چیرمین میدک مارکٹ کمیٹی بھی موجود تھے۔

محمد قدیر خان

گانجہ کی غیر قانونی منتقلی میں ملوث بین ریاستی ٹولی گرفتار

55 لاکھ روپئے مالیتی 284 کیلو ممنوعہ اشیاء ضبط۔ ایس پی کی پریس کانفرنس

نلگنڈہ۔ 17رفروری (اعتماد نیوز) ضلع مہتمم پولیس نلگنڈہ شریمتی اپوروا راؤ نے بتایا کہ ضلع پولیس نے گانجہ کی غیر قانونی منتقلی میں ملوث بین ریاستی ٹولی کے ایک مجرم کو گرفتار کرتے ہوئے اس کے قبضہ سے 55 لاکھ مالیتی 284 کیلو گانجہ کے ساتھ ساتھ ایک کار اور تین سیل فون ضبط کرلئے گئے وہ آج اپنے دفتر میں منعقد صحافتی کانفرنس کو مخاطب تھی۔ انہوں نے مزید تفصیلات سے واقف کرواتے ہوئے بتایا کہ ریاست کو نشہ آور ادویات سے پاک بنانے کے ریاستی ڈی جی پی کے احکامات کے مطابق ضلع مہتمم پولیس کی نگرانی میں ناگرجنا ساگر اسمبلی حلقہ کے پیداوورہ منڈل ضلع نلگنڈہ کی پولیس نے ان کو خفیہ دستیاب اطلاع پر گاڑیوں کی تنقیح کی اسی دوران آندھراپردیش کے ماچرلہ سے حیدرآباد جارہی ہونڈاء کار کو روک کر تنقیح کی گئی تنقیح کے دوران ڈرائیور نے اپنا نام گیئے راجو، مو طن ٹامل ناڈو بتایا' کار میں دو دو کیلو پر مشتمل 142 گانجہ کے پیاکٹ تھے۔ پیدوورہ پولیس نے گانجہ کے ساتھ اس شخص کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی نے متعلقہ پولیس عہدیداروں کی زبردست ستائش کی۔

شوہر کو قتل کرنے والی بیوی کو 5 سال قید با مشقت

نظام آباد۔17رفبروری (اعتماد نیوز) ضلع سیشن جج نظام آباد سنیتا کنچالا نے اپنے ایک فیصلہ میں شوہر کی موت کا سبب بننے والی بیوی کو پانچ سال قید بامشقت کی سزا سنائی۔ سرکاری وکیل پی روی راج کی اطلاع کے مطابق ضلع کے سرکنڈہ منڈل موضع راوٹلا سے تعلق رکھنے والے این گنگادھر کی شادی اندلوائی منڈل موضع یلاریڈی پلی کی ساماں سے انجام پائی تھی۔ اس جوڑے کو دو لڑکے، ایک لڑکی ہے۔ لڑکی ممتا کی شادی ڈچپلی منڈل موضع یانم پلی کے راج کمار سے انجام پائی تھی۔ گنگارام ملازمت کیلئے خلیج گیا تھا اور واپس آنے کے بعد بغیر کسی کام کاج کئے بیکار گھومتا رہتا تھا۔ علاوہ ازیں وہ اپنی بیوی پر شکوک وشبہات ظاہر کرتے ہوئے ہراساں کرتا تھا۔ ساماں، جو اپنے شوہر کی ہراسانی کو برداشت نہ کرسکی 8جولائی 2019 کو اپنی بیٹی ممتا کی مدد سے اسے قتل کردیا۔ جرم کے ثابت ہونے پر معزز عدالت نے ساماں کو پانچ سال قید اور دو روپے جرمانے کی سزاء کا فیصلہ سنایا۔

ضلع نظام آباد میں خوفناک سڑک حادثہ' 2 افراد ہلاک

نظام آباد۔17رفبروری (اعتماد نیوز) نظام آباد ضلع کے پتنگل منڈل مستقر میں رونما سڑک حادثہ میں 2 افراد کی موقع پر ہی موت واقع ہوگئی جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ مقامی سب انسپکٹر مچیندر کے مطابق کاماریڈی ضلع کے مدنور منڈل ملارام موضع کے 32 سالہ جبار، 24 سالہ دنیش اور سائی گونڈا موٹر سائیکل پر پتنگل سے کوٹگیر کی سمت آرہے تھے کہ آرٹی سی بس کو اوورٹیک کرنے کے دوران ان کی موٹر سائیکل، ٹریکٹر سے ٹکرا گئی۔ اس حادثہ میں تین میں سے دو کی موقع پر ہی موت واقع ہوگئی۔ کرم انڈسٹری کے قریب کوٹگیر سے پتنگل کی سمت جانے والی بودھن ڈپو کی آرٹی سی بس کے نیچے موٹر سائیکل کے آجانے اور گھسیٹنے پر موٹر سائیکل سوار تین افراد میں دو جبار اور دنیش کی مقام حادثہ پر موت واقع ہوگئی۔ شدید زخمی سائی گونڈا کی حالت تشویشناک ہونے پر مقامی عوام نے 108 کو اطلاع دی۔ زخمی کو فوری طور پر بودھن سرکاری دواخانہ منتقل کیا گیا۔ پولیس نے ابتدائی طور پر اندازہ لگایا کہ حادثہ ریت کے ٹریکٹر کی تیز رفتاری کے باعث پیش آیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا اور مصروف تحقیقات ہے۔

رکن اسمبلی جگتیال کے ہاتھوں ہائی ماس لائیٹس کا افتتاح

جگتیال۔17رفروری (اعتماد نیوز) رکن اسمبلی جگتیال ایم سنجے کمار نے جگتیال کے موضع ذابتاپور میں گذشتہ شب پلے ندرا اور صبح کے اولین اوقات میں موضع کی عوام اور کسانوں اور خواتین اور ترقیاتی کاموں اور دیگر مسائل پر تبادلے خیال کیا۔ 'تم اور میں' پروگرام کے تحت سنجے کمار نے تیسرے گاؤں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر رکن اسمبلی ڈاکٹر ایم سنجے کمار نے میڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ دیہی عوام کے مسائل سے واقفیت اور اس کی یکسوئی کیلئے 'تم اور میں' پروگرام کا انعقاد عمل میں لایا گیا ہے اور اس پروگرام کا مقصد عوامی مسائل کا حل ہے۔ اس گاؤں میں اب تک جملہ 1272 کسانوں کے اکاؤنٹ

میں رعیتوں بندھو کے تحت 10 کروڑ روپے جمع کئے گئے۔ گاؤں میں 656 زرعی موٹرس کی سالانہ بل ایک کروڑ روپے حکومت ادا کررہی ہے۔ اس گاؤں میں 1070 مکانات ہے جن 970 مکانات کے افراد سرکاری فلاحی اسکیمات سے استفادہ حاصل کررہے ہیں۔ تلنگانہ ریاست قائم سے قبل صرف 20 ہزار ایکڑ اراضی پر کاشت کی جاتی تھی لیکن آج 62 ہزار ایکڑ اراضی پر کاشت کی جارہی ہے۔ مشن بھاگیرتا کے تحت 2 کروڑ 12 لاکھ روپے کے کاموں کو انجام دیا گیا اور 1 لاکھ 80 ہزار لیٹر کی واٹر ٹینک تعمیر کی گئی اور ہر ضلع میں ایک میڈیکل کالج کا قیام کے سی آر کا عظیم کارنامہ ہے۔ رکن اسمبلی ڈاکٹر ایم سنجے کمار اور ضلع پریشد چیرپرسن داوا وسنتا سریش نے ذابتاپور میں 10 لاکھ روپے کی لاگت سے سی سی روڈ کے کاموں کا سنگ بنیاد رکھا اور 1.5 لاکھ روپے سے لگائے گئے ہائی ماس لائیٹس کا افتتاح کیا۔ بعدازاں چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کی سالگرہ کے موقع پر سنجے کمار نے کیک کاٹا اور ان کی لمبی عمر اور صحت کیلئے دعا کی اور خون کا عطیہ دیا۔ اس موقع پر ضلع پریشد چیرپرسن داوا وسنتا سریش' ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر ڈاکٹر پی سریدھر' انچارج بلدیہ چیرمین گولی سرینواس' خسرو ہزاری ودیگر موجود تھے۔

جنگاؤں مستقر میں کلورین گیاس کے اخراج کا واقعہ، کئی افراد متاثر

جنگاؤں۔17رفروری (اعتماد نیوز) جنگاؤں مستقر میں کلورین گیاس کے اخراج کا واقعہ پیش آیا۔ سدی پیٹ روڈ کورٹ ایریا جیل کے قریب نو تعمیر شدہ او ایچ ایس آر ٹینک کے قریب کلورین گیاس کا اخراج ہوا جس کے بعد سڑک سے گذرنے والے افراد کے ساتھ ساتھ اس

علاقہ میں گھروں میں رہنے والوں نے کھانسی اور الٹی ہونے کی شکایت کی۔ سرکاری جنرل ہاسپٹل میں کام کرنے والا طبی عملہ اور سکیورٹی گارڈز بھی اس واقعہ سے متاثر ہوگئے۔ گوکل نگر، گرنی گڈہ اور آس پاس کی کالونیوں کے 100 سے زیادہ افراد اس سے متاثر ہوئے۔ آنکھوں میں جلن، قے اور اسہال کی شکایت پر کئی افراد کو ہاسپٹل منتقل کیا گیا۔ ایڈیشنل کلکٹر پرافل دیسائی نے متاثرین کی عیادت کی اور انھیں بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ انھوں نے زیر علاج مریضوں سے وہاں فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہنگامی طبی خدمات کے لیے ہیلپ لائن نمبر 6304093907 پر رابطہ کرنے کا مشورہ دیا۔

ضلع ایس پی ونپرتی سے مجلسی وفد کی ملاقات

ونپرتی۔17رفروری (اعتماد نیوز) ونپرتی ضلع ایم آئی ایم کے صدر محمد عبدالرحیم کی قیادت میں پیبیر ایم آئی ایم منڈل کے صدر ایم ڈی افروز، ونپرتی ٹاؤن سکریٹری افسر، پیبیر ایم آئی ایم کے نائب صدر ذاکر نے ونپرتی ضلع نے ایس پی رکشیتا مورتی سے ملاقات کی اور گلدستہ

پیش کیا جنہوں نے ایس پی کا چارج سنبھال لیا ان سے نیک تمناؤں کی خواہش کی۔ ضلع ایس پی نے ایم آئی ایم قائدین سے تعاون کی خواہش کی۔

بودھن کے وارڈ 30 میں پانی کے دیرینہ مسئلہ کی یکسوئی پر مجلسی کونسلر کو تہنیت

بودھن۔17رفبروری (اعتماد نیوز) بودھن شہر کے قدیم علاقوں میں گزشتہ نصف صدی سے میٹھے پینے کے پانی کی لائین نہ ہونے پر عوام کو درپیش مسئلہ بالآخر مجلسی کونسلر وارڈ 30 محمد ولی الدین کی سنجیدہ کوششوں سے حل ہوا ہے۔ وارڈ نمبر 30 اولڈ سٹی کے جنگم گلی، فقیر گلی، اور پر ٹیکری علاقوں میں مجلسی کونسلر محمد ولی الدین نے 15 ویں فینانس کمیشن کے 4 لاکھ فنڈ منظور کراتے ہوئے ان علاقوں میں میٹھے پینے کے پانی کی سربراہی کیلئے پائپ لائن کی تنصیب عمل میں لانے کا آغاز کیا ہے۔ اس موقع پر ان علاقوں کی عوام نے مجلسی کونسلر ولی الدین کی عوامی مسائل پر سنجیدہ

کوششوں، پائپ لائن کی تنصیب، برقی کھمبوں کی تنصیب، بورویلس کی کندیدگی عمل میں لانے پر شالپوشی، گلپوشی کے ذریعہ زبردست تہنیت پیش کی۔ اس موقع پر شاہ پٹیل سماجی کارکن نے کہا کہ وارڈ 30 میں عوامی بنیادی مسائل کے حل کیلئے مجلسی کونسلر محمد ولی الدین کی سنجیدہ خدمات قابل ستائش ہیں' جنہوں نے علاقہ میں میٹھے پینے کے پانی کے مسئلہ کو حل کرتے ہوئے پائپ لائن کی تنصیب عمل میں لائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وارڈ میں اسٹریٹ لائٹس، صاف صفائی، کلورٹس کی تعمیر کیلئے بھی مجلسی کونسلر نے سنجیدہ اقدامات روبہ عمل لائے ہیں جس کیلئے علاقہ کی عوام کی جانب سے ان سے اظہار تشکر کیا جاتا ہے۔ پروگرام میں شاہ پٹیل کے علاوہ محمد فاروق، محمد یونس، عبدالرحیم، مختار، حسین، اظہر و دوسروں نے شرکت کی۔

ناگر کرنول میں کل اجتماع

ناگر کرنول۔17رفبروری (اعتماد نیوز) مفتی عبدالقیوم عتیق مظاہری ناظم تعلیمات مدرسہ الکوثر محبوب نگر کے بموجب تعلیمات سلسلہ قادریہ چشتیہ کمالیہ کا ایک روزہ مرکزی اجتماع 19رفبروری اتوار کو بعد نماز فجر تا عشاء بمقام مدرسہ الکوثر، شاہ صاحب گٹہ، محبوب نگر زیر سرپرستی مولانا شاہ محمد کمال الرحمٰن قاسمی صاحبزادہ و جانشین حضرت شاہ صوفی غلام محمدؒ و زیر نگرانی مولانا شاہ محمد جمال الرحمٰن مفتاحی صاحبزادہ و جانشین حضرت شاہ صوفی غلام محمدؒ انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے۔

اضلاع میں چیف منسٹر کے سی آر کی سالگرہ تقاریب کا انعقاد

نظام آباد۔17رفبروری (اعتماد نیوز) میئر نظام آباد نیتو کرن نے کہا کہ تحریک کے قائد، کے سی آر جو ریاست کی تمام عوام تک فلاحی ترقی کے ثمرات پہنچانے کیلئے سخت محنت کرتے ہوئے تحریک کو سنہرے تلنگانہ کی

طرف لے جارہے ہیں، عوام کے دیرینہ خواب کو شرمندہ تعبیر کیا ہے۔ چیف منسٹر نے تلنگانہ کی عوام کیلئے بنجر مٹی میں سونا اگانے کیلئے آبپاشی شعبہ کو ترقی دی ہے۔ میئر نظام آباد نے اسنیہا سوسائٹی کے بچوں کے ساتھ کیک کاٹا اور چیف منسٹر کے سی آر کی سالگرہ کے موقع پر بچوں کو کیک کھلایا۔ انہوں نے پھل اور بسکٹ کے پیکٹ تقسیم کئے۔ علاوہ ازیں میئر نظام آباد نیتو کرن نے نوڈا چیرمین پربھاکر ریڈی اور کارپوریٹرس، قائدین کے ہمراہ اربن ایم ایل اے آفس میں چیف منسٹر تلنگانہ کے سی آر کے یوم پیدائش کے موقع پر منعقدہ یوم پیدائش تقریب میں کیک کاٹ کر جشن منایا۔ ان پروگراموں میں صدر سٹی بی آر ایس سرپا راجو، سابق میئر آکولا سجاتا، کارپوریٹرس اکبر حسین، ویلڈنگ نارائنا، بنٹو رامو، سائی وردھن، ملیش یادو، شیو چرن، ارون، سرینواس قائدین کارکنوں نے حصہ لیا۔

آصف آباد۔ آصف آباد ضلع مرکز میں چیف منسٹر کی 69 ویں یوم پیدائش کے موقع پر ضلع پریشد چیرپرسن کوا لکشمی اور آصف آباد رکن اسمبلی

آترم سکو نے کیک کاٹ کر کے سی آر کی سالگرہ منائی۔ اس موقع پر رکن اسمبلی آترم سکو نے کہا کہ تلنگانہ ریاست کی تشکیل اور ترقی میں چیف منسٹر کے سی آر کا اہم کردار رہا۔ آصف آباد ضلع پریشد چیرپرسن کوا لکشمی نے کہا کہ ریاست تلنگانہ کو ہر میدان میں ترقی دے کر آج چیف منسٹر ریاست کے عوام کے دلوں میں جگہ بنالئے ہیں اور آج ان کے جنم دن پر عوام میں خوشی اور مسرت نظر آرہی ہے وہ عوام کا ان سے والہانہ محبت کا اظہار ہے۔ بعدازاں ضلع مرکز کے سرکاری ہسپتال میں مریضوں کو پھل تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر بی آر ایس پارٹی کے ریاستی معاون سکریٹری اریگیلا ناگیشور راؤ، مارکٹ کمیٹی چیرمین ملیش' (پی اے سی ایس) چیرمین علی بن احمد، ٹاؤن صدر احمد بن عبداللہ اور قائدین سید نثار، محمد احمد، جاوید، شبیر و دیگر موجود تھے۔

آتما کور۔ آتما کور بلدیہ مستقر کے آر اینڈ بی گیسٹ ہاؤز میں آج حکومت تلنگانہ کے چیف منسٹر کلوا کنٹلہ چندر شیکھر راؤ کی 69 ویں سالگرہ

تقریب آتما کور منڈل بی آر ایس پارٹی صدر روی کمار یادو کی قیادت منائی گئی۔ اس موقع پر کیک کاٹا کر تقسیم کیا گیا اور ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کی گئی۔ اس موقع پر آتما کور بلدیہ چیرپرسن گائتری روی کمار یادو، وائس چیرمین وجے بھاسکر ریڈی، ضلع پریشد رکن ڈاکٹر شیواء راجنی، کونسلر چنیا، پوششی، منڈالہ راما کرشنا، تبسم بیگم شیخ محسن الدین، کوآپشن ممبر محمد ریاض علی، محمد مقبول، ہاشم اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

سنگاریڈی۔ پی مانکیم وائس چیرمین ڈسٹرکٹ کوآپریٹیو سنٹرل بینک متحدہ ضلع میدک کی زیر نگرانی پٹنم مانکیم فاونڈیشن سنگاریڈی کے زیر اہتمام چیف منسٹر تلنگانہ کے سی آر کی سالگرہ کے موقع پر اسٹیڈیم گراؤنڈ سنگاریڈی میں

تقریب کا اہتمام کیا جس میں بلڈ ڈونیشن کیمپ اور طعام عام کا اہتمام کیا گیا اور کیک کاٹا گیا۔ اس موقع پر پی مانکیم' ایم اے حکیم' بیریا یادو' ایم ورا لکشمی' ڈاکٹر سری ہری' پریمانندم' راملوپون کمار' زبیدہ پروین' سدرشن' خواجہ اسد اللہ' صمد کے بی آر ایس پارٹی قائدین و کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھے۔

ظہیرآباد۔ ظہیرآباد میں کے سی آر کی سالگرہ کی تقریب' چیف منسٹر کے سی آر، بی آر ایس پارٹی لیڈر کے یوم پیدائش کے موقع پر آج ظہیرآباد قصبہ کے سرکاری اسپتال میں اعزازی قانون ساز کونسلی مانک راؤ کی قیادت میں پھل تقسیم کئے گئے۔ بس اسٹانڈ کے سامنے کیک کاٹا گیا اور سالگرہ کی نیک

خواہشات کا اظہار کیا۔ اس کے بعد فوڈ ڈونیشن پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ٹاؤن کے صدر سید محی الدین، منڈل پارٹی کے صدر ایم جی راملو، سابق میونسپل چیرمین محمد تجمل، تتیالہ چندو، مرلی کرشنا گوڑ، سابق مارکٹ چیرمین گنڈپا، سابق ایم پی پی وجے کمار، سابق کونسلر موتی رام، ناما رویکرن، جہانگیر وغیرہ موجود تھے۔ پروگرام میں محمد یونس، راملو نیتا، عبداللہ، بندی موہن، ٹاؤن کی خاتون صدر منجولا، سابق زیڈ پی ٹی سی مانیا، رما دیوی، اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ سیشو بابو، قائدین ڈاکٹر چندر شیکھر، ونچیناتھ، اسرائیل بابی، اکرم، سیراج، وحید، معین، کلیم چندرایا، تھیکیتلا گنیش، کلیم رویندر، ذاکر، اکبر الدین، حمزہ، نرسمہا ریڈی، مرتوجا، وینکٹ، سری کانت ریڈی، رنگا ارون کمار، ستیم مدیراج، اوپیندر، روی، شائل اور رہنماؤں، کارکنوں و دیگر نے شرکت کی۔

محبوب نگر۔ چیف منسٹر کے سی آر کی یوم پیدائش کے موقع پر محبوب نگر کے ینگنڈہ کے پاس موجود یتیم خانہ میں وزیر سرینواس گوڑ نے بچوں کے ساتھ کیک کاٹا اور یتیم بچوں میں میواجات، کتابوں کی تقسیم کی۔ اس موقع پر انہوں نے واشنگ مشن، الماری و ضروری اشیاء کا یتیم خانہ کو عطیہ دیا۔ اس موقع پر میونسپل چیرمین نرسملو، وائس چیرمین گنیش، میونسپل فلور لیڈر ٹی آر ایس محمد شبیر، رعیتو بندھو سمیتی ضلع صدر گوپال یادو، ڈی سی بی بینک نائب چیرمین وینکٹ آیا، لائن کلب چیرمین نٹراج، بلدی کونسلران سید محسن، رام لکشمن، آر ٹی او ممبر جاوید بیگ، محسن سمکو کے علاوہ بی آر ایس قائدین کی کثیر تعداد موجود تھے۔

●● جناب سید سجاد احمد ایڈوکیٹ صدر مدینہ ایجوکیشنل سوسائٹی کے بموجب اج بتاریخ 17 فروری المدینہ کالج آف ایجوکیشن میں چیف منسٹر کے سی آر کی 69 ویں سالگرہ کے موقع پر جناب محمد امتیاز اسحاق چیرمین اقلیتی مالیاتی کارپوریشن و جنرل سکریٹری مدینہ ایجوکیشنل سوسائٹی کی صدارت میں کالج کیمپس میں شجرکاری کی گئی اور واٹر کولر کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر شیخ شبیر باشاہ انچارج پرنسپل اسٹاف و طلباء نے شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

نلگنڈہ۔ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی سالگرہ کے موقع پر معاون رکن بلدیہ سید جمال قادری کی قیادت میں کیک کاٹا گیا اور بعدازیں غرباء میں میوہ جات کی تقسیم عمل میں لائی گئی۔ اس موقع پر کے سی آر کی صحت مند زندگی کے ساتھ ساتھ عمر درازی اور مستقبل میں وزیر اعظم کے عہدے پر فائز ہونے کیلئے دعا کی گئی۔ اس موقع پر محمد انور ٹی آر ایس مائناریٹی ٹاؤن صدر، محمد اویس شاہ یوتھ صدر، سید اعجاز احمد، خلیل احمد، محمد زاہد، محمد عمر، واجد، پاشا خان، محمد علی، بابو کے علاوہ اقلیتی کارکنوں کی کثیر تعداد شریک تھی۔

●● محمد انیس مقتدرہ نے کہا کہ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ ایک سیکولر قائد ہے ان کے دور حکومت میں تمام طبقات ترقی کی سمت گامزن ہے اور ریاست میں پرسکون ماحول میں ہر طبقہ زندگی بسر کررہا ہے' ان کی جانب سے روشناس کردہ اسکیمات ملک میں منفرد مقام رکھنے کے علاوہ ملک کی دیگر ریاستوں کیلئے مشعل راہ ثابت ہورہے ہیں۔ قبل ازیں کے سی آر کی سالگرہ پر کیک کاٹا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر قیوم بیگ رکن بلدیہ، محمد عزیز الدین بشیر نمائندہ رکن حج کمیٹی و رکن بلدیہ، بابا ضیاء سابق رکن اردو اکیڈمی ریاست آندھراپردیش، شیخ مصطفیٰ مجاہد آزادی تلنگانہ، سید نظام الدین خسرو، سید طاہر، سید عبدالمجیب، محمد اظہر الدین، سید مدثر، محمد ندیم، محمد افروز، محمد سراج، محمد احمد العمودی، محمد عابد و دیگر موجود تھے۔

ونپرتی۔ چیف منسٹر کے سی آر کی سالگرہ کا جشن کسانوں کے ساتھ ونپرتی میونسپلٹی چیرمین، ضلع بی آر ایس صدر گٹو یادو، مارکیٹ چیرمین پلوسا رمیش گوڑ، میونسپل وائس چیرمین وکیتی سریدھر، مارکٹ ڈائریکٹرس اور بی آر ایس قائدین نے منائی۔ 25 فٹ لمبا اور 60 فٹ چوڑا کیک کاٹا گیا اور سینکڑوں کسانوں کی موجودگی میں کے سی آر کے پورٹریٹ پر مونگ پھلی اور اولا سے بنا کسانوں کو کھلایا گیا۔

رائیکوڈ۔ ضلع سنگاریڈی کے حلقہ اندول کے رائیکوڈ منڈل میں چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی یوم پیدائش کے موقع پر کیک کاٹا گیا اور شائستگی سے مبارکباد پیش کی گئی۔ تقریب میں منڈل بی آر ایس پارٹی کے صدر بسوراج پٹیل منڈل ٹی آر ایس پارٹی جنرل سکریٹری شنکر ضلع پریشد نے

شرکت کی۔ ممبر ملکارجن پٹیل منڈل پریشد صدر سارہ ممتا اشوک آتما کمیٹی چیرمین چیویلا وٹل سرپنچس فورم کے صدر پربھاکر ریڈی ایگریکلچر مارکٹ کمیٹی کے وائس چیرمین ماروتی ورم کمیٹی کے وائس چیرمین تو کارام سرپنچ وٹل ریڈی پراوین کمار پراوین ناگارجنا شنکر اور ایم پی ٹی سی قائدین اور اہم کارکنوں بی سی سیل انجنا' ناظم پٹیل' محمد صدام' معروف علی' بابو راؤ' پرشانت پٹیل و دیگر نے شرکت کی۔

شہری علاقوں میں ڈبل بیڈروم مستفید افراد کی نشاندہی کی جائے ریاستی چیف سکریٹری شانتا کماری کا بیان

کریم نگر۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) ریاستی چیف سکریٹری شانتا کماری نے ریاستی سطح کے اعلی عہدیداران کے ہمراہ کنٹی ویلگو، بنجر اراضیات، تلنگانہ کو ہریتا ہارم، ڈبل بیڈروم مکانات کے متعلقہ امور پر اضلاع کے کلکٹروں کے ہمراہ سمعی وبصری اجلاس کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس موقع پر ریاستی چیف سکریٹری موصوفہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اضلاع میں کنٹی ویلگو کیمپ کے انعقاد پر نظر ثانی کرنے، آئندہ دنوں میں موسم گرما کے پیش نظر کیمپ کے نزد ٹھنڈے پانی، او آر ایس پیاکٹ کی دستیابی کے انتظامات کئے جائیں۔ اضلاع کو پریسکرپشن چشموں کی دستیابی کی جائیگی۔ ان چشموں کی تقسیم کے بعد تصاویر کو ویب سائیٹ میں اپلوڈ کیا جائے۔ ریاست میں جی ایچ ایم سی کے علاوہ شہری علاقوں میں تعمیر کردہ 42 ہزار سے زائد ڈبل بیڈروم مکانات کی تقسیم کیلئے مستفید افراد کی نشاندہی کی جائے۔ تاحال 6 ہزار 620 مکانات کے مستفید افراد کا انتخاب کیا جاچکا ہے بقیہ مستفید افراد کا 26 فروری تک انتخابی عمل کو مکمل کرتے ہوئے تفصیلات کو آن لائن اپلوڈ کرنے کی چیف سکریٹری نے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ حکومت کے پیش کردہ پروفارما 1 کے تحت اسمبلی حلقہ واری تفصیلات کی فراہمی کی ہدایت دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بنجر اراضیات کے پٹوں کی تقسیم کیلئے ضلع سطحی کمیٹی کے نزد زیر التوا درخواستوں کی جلد از جلد یکسوئی کی جائے۔ ضلع میں نظور کردہ درخواستوں میں پٹہ دار کی تصویر و دیگر تفصیلات کو فوری مکمل کیا جائے۔ تلنگانہ کو ہریتا ہارم کے تحت نرسریوں میں اگلے سال کے حسب ضرورت پودوں کی افزائش کی جائے۔ ضلع میں شجرکاری کیلئے مقامات کی نشاندہی اور انکے تحفظ کیلئے انتظامات کئے جائیں۔ ریاست بھر میں جی او 58 کے تحت منظور کردہ درخواستوں کے پٹوں کو مقامی وزیر عوامی نمائندوں کے زیر قیادت تقسیم کی ہدایت دی۔ زیر التوا درخواستوں کے فیلڈ ویریفکیشن کی صد فیصد مکملی کی ہدایت دی۔ اس سمعی و بصری اجلاس میں ضلع ایڈیشنل کلکٹر مجالس مقامی گریما اگراوال، جی وی شیام پرسادلال، ٹرینی کلکٹر لینین وٹسل ٹوپو، ضلع عہدیدار برائے صحت وطبابت ڈاکٹر جوبریا، سرکاری ہاسپٹل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر رتنامالا، عہدیدار برائے دیہی ترقی سریلتا ریڈی، پنچایتی عہدیدار بوچیا و دیگر نے شرکت کی۔

مریال گوڑہ میں جلسہ شب معراج و تکمیل بخاری شریف

مریال گوڑہ 17 فروری (اعتما نیوز) جلسہ شب معراج و تکمیل بخاری شریف بتاریخ 18 فروری بعد نماز مغرب مسجد آمنہ بنگاری کٹہ مریال گوڑہ منعقد کیا جارہا ہے جسمیں مہمان خصوصی مولانا مفتی اشرف عباس قاسمی استاذ حدیث دارالعلوم دیوبند و مولانا ابرار الحسن قاسمی نائب ناظم دارالعلوم رحمانیہ تالاب کٹہ حیدرآباد کے خصوصی بیانات ہونگے جلسہ کا آغاز حافظ و قاری محمد نظام الدین امام و خطیب مدینہ مسجد نلگنڈہ کی قرائت کلام پاک سے ہوگا محمد عبدالعزیز بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش فرمائینگے جبکہ نظامت کے فرائض مولانا محمد نجم الدین انجام دینگے اسی طرح مسجد سرائے میر عالم مریال گوڑہ کی انتظامیہ کے بموجب بعد نماز عشاء حسب روایت قدیم جلسہ شب منعقد کیا جارہا ہے نماز عشاء ٹھیک نو بجے ہوگی جلسہ کا آغاز امام مسجد حافظ اکبر کی قرائت سے ہوگا بعد ازاں مصلیان مسجد ہدیہ نعت پیش کرنے کی سعادت حاصل کرینگے خطیب مسجد مولانا مخدوم معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تفصیلی روشنی ڈالیں گے۔

ڈائریکٹر میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر رمیش ریڈی کا رمس سوپر اسپیشلٹی ہاسپٹل کا دورہ

عادل آباد/17/فروری (اعتماد نیوز) ڈائریکٹر میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر رمیش ریڈی نے کہا کہ سوپر اسپشلٹی ہاسپٹل میں عوام کو معیاری طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں اور کارپوریٹ ہسپتالوں کے طرز پر طبی آلات دستیاب ہیں۔ انہوں نے جمعہ کے روز ضلع مستقر میں واقع رمس سوپر اسپشلٹی ہاسپٹل کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہاسپٹل کے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا اور طبی خدمات اور سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ رمس ڈائریکٹر ڈاکٹر جئے سنگھ راٹھور نے انہیں ہاسپٹل میں فی الحال فراہم کئے جانے والے طبی علاج کی تفصیلات بتائیں۔ اہم محکموں میں فراہم کی جانے والی طبی خدمات کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے، ڈی ایم ای نے مشورہ دیا کہ مریضوں کو کسی قسم کی تکلیف سے بچنے کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر رمیش ریڈی نے کہا کہ سوپر اسپشلٹی ہاسپٹلوں میں علاج فراہم کرنے کے لیے درکار طبی پیشہ ور افراد کی کمی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جلد ہی ریاست بھر کے سرکاری میڈیکل کالجوں میں 1400 پروفیسرز اور ایسوسی ایٹ پروفیسرز کی بھرتیوں کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے۔ اور ایک ہفتہ کے اندر کونسلنگ کی جائے گی انہیں پوسٹنگ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کنٹریکٹ کی بنیاد پر دیگر ریاستوں کے ڈاکٹروں کی تقرری کے لیے بھی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کی عوام کو علاج کے لئے دور دراز مقامات پر جانے کی ضرورت نہیں ہے ضلع کی عوام کو معیاری علاج کی فراہمی کے لیے سخت محنت کر رہے ہیں۔ اس موقع پر رمس سپرنٹنڈنٹ۔ ڈاکٹر اشوک، رمس سوپر اسپشالیٹی سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ادریس اکبانی کے علاوہ دیگر ڈاکٹرس موجود تھے۔ بعد ازاں ڈائریکٹر میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر رمیش ریڈی نے شہر مستقر میں شانتی نگر میں آنکھوں کی روشنی کیمپ دورہ کرتے ہوئے جائزہ لیا۔ اور ضلع میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نریندر راٹھوڑ سے آنکھوں کی روشنی پروگرام کی تفصیلات حاصل کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ڈاکٹر جئے سنگھ راٹھور، ڈپٹی ضلع میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سادھنا، سری کانت، ضلع ملیریا افسر سریدھر کے علاوہ دیگر موجود تھے۔

جامعہ محبوبیہ کاغذنگر میں ناظرہ قرآن مجید و تکمیل صحیح البخاری کی مجلس کا انعقاد

کاغذنگر 17 فروری اعتماد نیوز) کاغذ نگر کی دینی درس گاہ جامعہ محبوبیہ سے 7 طالبات عالمہ کورس اور 22 طلبہ و طالبات جنھوں نے اس مدرسہ ہذا سے ناظرہ قرآن مجید کی تکمیل پر بینا ریڈی فنکشن ہال اندرا مارکٹ میں ایک جلسہ تکمیلِ قرآن و صحیح البخاری کا جلسہ زیر صدارت مولانا مبین قاسمی بانی و مہتمم مدرسہ جامعہ محبوبیہ کی قیادت میں منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر حضرت مولانا حافظ محمد عبدالقوی ناظم مدرسہ اشرف العلوم حیدرآباد اور مولانا قاری اعجاز الدین صدیقی حیدرآباد نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ مولانا محمد عبدالقوی ناظم و شیخ الحدیث اشرف العلوم حیدرآباد نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج ملک میں منشیات کا استعمال عام ہو چکا ہے۔ طالبات نشہ ڈرگس کے عادی ہو رہے ہیں اور پھر یہی لڑکے اور لڑکیوں کے آہستہ آہستہ اخلاق مزید خراب ہوجاتے ہیں اور پھر ہماری نوجوان نسل دیگر خرافات میں مبتلا ہو جاتی ہے اس کے لئے والدین کے علاوہ شعبہا سماج کے ذمہ دار اور قوم کے لیڈر ہم سب مل کر مشترکہ انداز میں اس مسئلے کا حل کرنا چاہیے اور پھر آخر میں انہوں نے کہا کہ ہم سب کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے اصولوں کو اپناتے ہوئے زندگی گزارنی چاہیے۔ اس موقع پر عبدالعزیز صدر مدرس گورنمنٹ ہائی اسکول سرپور ٹاؤن، عبدالقیوم ریٹائرڈ گورنمنٹ ٹیچر، عبدالمبین صدر مجلس کاغذنگر، حافظ احمد امین، عبدالرحیم صاحب، ذاکر قریشی سابق صدر مجلس کاغذنگر، محمد فصیح الدین اور سمیع الدین کے علاوہ دیگر لوگ موجود تھے۔

محبوب نگر آج جلسہ شب معراج

محبوب نگر۔ 17/فروری (اعتماد نیوز) جلسہ شب معراج مسجد محمدی آمنہ مسدوس نگر محبوب نگر میں 18 فبروری ہفتہ کو بعد نماز عشاء جلسہ شب معراج ڈاکٹر نادر علی مسدوسی نائب متولی کی نگرانی میں منعقد ہوگا۔ جلسہ کو مولانا مفتی عبداللہ حامد رشادی اور مولانا محمد غوث رشادی مخاطب فرمائیں گے نماز عشاء 10 بجے ادا کی جائے گی۔ تمام مسلمانوں سے کثیر تعداد موجود شرکت کرنے کی اپیل کی۔

نماز میری پہچان کے بعنوان سے مسجد یحییٰ میں تقریب

بچوں میں دینی شعور اور نماز کی کا شوق پیدا کرنے کے لئے انعامات دیئے گئے

نرمل 17/فبروری (اعتماد نیوز) دارالعلوم زکریا وائی ایس نگر کالونی نرمل میں انوکھی پہل کرتے ہوئے بچوں میں دینی شعور اور بچوں میں نماز کا شوق پیدا کرنے کے لیے مفتی حسان عبدالرشید خان قاسمی کی نگرانی میں گزشتہ ماہ ڈسمبر و جنوری میں 40 روزہ نماز مقابلہ کا انعقاد کیا تھا جس میں محلہ وائی ایس آر کالونی نرمل کے 50 سے زائد بچوں نے حصہ لیا اور مکمل شوق وذوق اور پوری پابندی کے ساتھ نمازوں کا بھرپور اہتمام کیا، چنانچہ مذکورہ مقابلہ میں حصہ لینے والے بچوں کے درمیان انعامات کی تقسیم کے لیے ایک اہم تقریب بعنوان نماز میری پہچان آج بعد نمازِ جمعہ مسجدِ یحییٰ نور وائی ایس آر کالونی نرمل میں منعقد کیا گیا۔ جس میں 40 روزہ نماز مقابلہ میں صد فیصد حاضر رہنے والے 7 مشارکین محمد کاشف، رحیم الدین، محمد عفان، ارمان، واصف، انس اور عبدالرحمان کو ایک ایک عمدہ سائیکل بطورِ انعام دی گئی اور دیگر بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے فی کس 1200 روپیے کے ملبوسات، بیاگ و دیگر انعامات سے نوازا گیا۔ اس تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے نرمل کے علماء کرام نائب قاضی نرمل مولانا عبدالعلیم قاسمی، مفتی ریاض الدین قاسمی، مولانا امتیاز خان مفتاحی، مفتی احسان شاہ قاسمی، مفتی ظفر بیگ قاسمی، مفتی منظور قاسمی، مولانا مذکر علی حسامی، مولانا عمران خان قاسمی، مولوی سید استیاق اشرفی نے شرکت کی اس موقع پر مولانا عبدالعلیم قاسمی اور مفتی احسان شاہ قاسمی نے میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بچوں میں کم عمری میں نماز کا شوق پیدا کرنے کے مقصد سے چالیس روزہ نماز مقابلہ پروگرام کا انعقاد عمل میں لایا گیا انہوں نے اس موقع پر اس پروگرام کے ذمہ دار مفتی حسان عبدالرشید خان قاسمی اور اس مقابلے میں کامیاب ہونے والے بچوں کو مبارکباد دی انہوں نے اس طرح کے مقابلہ جات کو نرمل شہر کے مسجد واری سطح پر انعقاد کرنے پر زور دیا اس موقع پر صدر مجلسِ اتحاد المسلمین نرمل عظیم بن یحییٰ نے علماء کرام کی شالپوشی و گلپوشی کے ذریعے تہنیت پیش کی۔ تقسیمِ انعامات کے اس موقع پر اراکین بلدیہ نرمل سید ابرار الحسن شیخ ساجد، سابق نائب صدر نشین بلدیہ ایم اے علیم واجد احمد خان، صدر انجمن فلاح ملت سید امتیاز علی، منظور حسین منظور، رکن ریاستی حج کمیٹی محمد نذیر الدین بی آر ایس اقلیتی قائد سید خواجہ اکرم علی، طیب بن صلاح، عبدالجبار، محمد کبیر محمد فاروق، محمد قاسم کے علاوہ دیگر موجود تھے

عادل آباد میں جاب میلہ، رکن اسمبلی کی شرکت

عادل آباد۔ 17/فروری (اعتماد نیوز) سابق وزیر و رکن اسمبلی عادل آباد جوگورامنا نے مشورہ دیا کہ نوجوانوں کو اپنے والدین کے خوابوں کو پورا کرنے اور زندگی میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے کیلئے سخت محنت کرنی چاہئے۔ رکن اسمبلی جوگورامنا نے ٹیلی کام انڈسٹری میں مختلف کمپنیوں میں نوکریوں کیلئے ٹی ٹی ڈی سی میں منعقدہ انٹرویوز میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی اور منتخب ہونے والوں کو تقرری نامے حوالہ کیا۔ تقریباً پانچ سو سے زائد امیدواروں نے ملازمت کے میلے میں شرکت کی، ان میں سے 260 افراد کو ملازمتوں کیلئے منتخب کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو موقع کا فائدہ اٹھانا چاہئے اور زندگی میں اعلیٰ مقام حاصل کرنا چاہیے۔ انہوں نے نوجوانوں کو فرائض کی انجام دہی میں نظم و ضبط کا مظاہرہ کریں اور اعلیٰ مقام حاصل کریں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے ٹاؤن میں ایک آئی ٹی ٹاور قائم کیا گیا ہے اور مستقل آئی ٹی ٹاور کی تعمیر کے لیے فنڈز بھی منظور کئے گئے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ ملازمت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل کلکٹر مجالسِ مقامی رضوان باشا شیخ، ڈی آر ڈی او کشن اور متعلقہ کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

اندول کے وٹپلی میں کے سی آر کی عمر درازی کیلئے دعا

اندول 16 فروری اعتماد نیوز ضلع سنگاریڈی کے حلقہ اسمبلی اندول کے وٹپلی منڈل میں واقع حضرت وینکٹ خواجہ کی آستانہ عالیہ میں بی آر ایس وی کے ریاستی سکریٹری ناظم پٹیل نے مقامی مارکیٹ کمیٹی کے چیئرمین رجنی کانت اور ورام کمیٹی چیئرمین ویا ریڈی کے ساتھ حضرت خواجہ ایاز چشتی درگاہ پر چیف منسٹر کے سی آر کے یوم پیدائش پر چادر چڑھائی۔ پروگرام میں ریگوڈ پارٹی کے صدر بوچایا، بی آر ایس قائدین چندر شیکھر ریڈی، نوجوان قائدین انجی مدیراج، اشوک مدیراج، محمد احمد، معز، افتخار اور دیگر نے شرکت کی۔

ضلع نظام آباد کے آرمور منڈل کے موضع پرکٹ قومی شاہراہ 44 پر سڑک حادثہ۔ (خبر صفحہ آخر)

قاضی محمد یوسف الدین حسین کا انتقال

حیدرآباد۔ 17 فروری (راست) الحاج مولانا قاضی محمد یوسف الدین حسین المعروف عسکر پاشاہ صدر قاضی قضاۃ قلعہ محمد نگر و بارہ محل گولکنڈہ ولد مولانا قاضی محمد قمرالدین حسین صاحب مرحوم کا جمعرات 16 فروری کو انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ جامع مسجد اشرفی قلعہ گولکنڈہ میں ادا کی گئی۔ تدفین درگاہ حضرت میراں حسینی بغدادیؒ لنگر حوض میں عمل میں آئی۔ نماز جنازہ میں علماء و مشائخین و قاضی صاحبان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ فاتحہ سیوم بروز اتوار 19 فروری بعد نماز عصر جامع مسجد اشرفی قلعہ گولکنڈہ میں مقرر ہے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو دختران و فرزندان قاضی عمیر محمد قمرالدین حسینی و قاضی عزیر محمد حسین سے تفصیلات فون نمبر 9849808786/ 9966840099 پر ربط پیدا کرسکتے ہیں۔

NOTICE

IN THE COURT OF XXVI ADDITIONAL CHIEF JUDGE : CITY CIVIL COURT: AT HYDERABAD

O.S.No.331 OF 2010

BETWEEN
Mohd. Ahmed .....Plaintiff
AND
Smt. Ameena Begam And Others .....Defendants

To
1. Shameem Sultana, D/o. Late Mohd. Yousuf Shareef, Age About: 55 Years, Occ: Household
2. Naseem Sultana, D/o. Late Mohd. Yousuf Shareef, Age About: 49 Years, Occ: Household
3. Samreen Fatima, D/o. Late Mohd. Zakir Shareef, Age About: 20 Years, Occ: Student
4. Maheen Fatima, d/o. Late mohd. Yousuf shareef, Age About: 17 Years, Minor Under Guardianship Of Her Real Paternal Uncle Mohd. Anwar Shareef S/O. Late Mohd. Yousuf shareef Age About: 59 Years Occ: Business

Respondent No.6 to 9 / Proposed Defendant No.6 to 9.

Whereas the above named Plaintiff, has filed suit against the Defendants. Whereas the Hon'ble Court has ordered substitution of summons through paper publication. Therefore please take notice that, the above suit is posted for your appearance to 23.02.2023, and you are directed to appear before the said court on 23.02.2023 at 10.30 A.M. either personally or through an Advocate, failing which the suit will be decided according to law.

(By order of the Court)
B.DHANANJAYA, Advocate

ہریانہ قتل کے مجرمین کو بی جے پی اور آر ایس ایس کی مدد

(بسلسلہ صفحہ اول)

یہ گیانگ ہر ہفتہ کسی نہ کسی کا سر پکڑے ہوئے، کسی کو مارتے ہوئے ویڈیوز اپ لوڈ کرتے ہیں لیکن ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جاتی اور انہیں گرفتار نہیں کیا جاتا۔ یہ ایک منظم گیانگ ہے۔ یوٹیوب پر اس کا سلور بٹن ہے۔ یوٹیوب کی پالیسی کے خلاف وہ تشدد دکھا کر پیسے کمارہا ہے۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ انہوں نے اپنی پارلیمنٹ کی حالیہ تقریر میں یہ کہا تھا کہ کوئی مہینہ ایسا نہیں جاتا کہ جہاں مسلمانوں کو دھمکیاں، مارپیٹ اور جان لینے کے واقعات پیش نہیں آتے۔ ہریانہ کے ماہیسر سے راجستھان 150 کلومیٹر دور ہے۔ جنید اور ناصر کے رشتہ داروں نے راجستھان پولیس میں شکایت درج کروائی لیکن راجستھان پولیس نے لاپرواہی کا مظاہرہ کیا جس کی وجہ سے انہوں نے ہریانہ لے جاکر ان کا قتل کردیا۔ بیرسٹر اویسی نے بتایا کہ ناصر کے رشتہ داروں نے اپنی شکایت میں کہا ہے کہ دونوں نوجوانوں کو راجستھان سے اغواء کرکے ہریانہ لے جایا گیا اور ہریانہ پولیس کے حوالے کرنے کی کوشش کی گئی لیکن پولیس نے انہیں اس لئے نہیں لیا کہ ان کی حالت خراب تھی، ان کی موت ہوجانے کے ڈر سے پولیس نے واپس کردیا۔ اس کے بعد ان درندوں نے دونوں نوجوانوں کو لے جاکر ان کے جسموں کو جلادیا اور بولیرو گاڑی کو بھی جلادیا۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ ہریانہ کے فیروز پور میں یہ لوگ کھلے طور پر جبری وصولی کرتے ہیں۔ سال گذشتہ رمضان میں اس گیانگ نے شیخ پورہ میں پولیس کے ساتھ گھس کر لوگوں کو پکڑا۔ بیرسٹر اویسی نے سوال کیا کہ کیا بی جے پی کی پالیسی بن چکی ہے کہ مسلمانوں کو اس طرح مارا جائے؟ کیا یہی بی جے پی کی پسماندہ مسلمانوں سے محبت ہے؟ صدر مجلس نے کہا کہ جنید اور ناصر کے اغواء، قتل اور نذر آتش کردینے کے واقعہ پر وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امیت شاہ اور آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت کچھ بولیں گے یا نہیں؟ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ جب تک حکومتیں اس طرح کے عناصر کا تحفظ کریں گی متاثرین کو کوئی انصاف نہیں ملے گا۔ ان لوگوں کی ہمت اور طاقت بڑھ چکی ہے۔ انہیں قانون کا ڈر نہیں رہا۔ صدر مجلس نے کہا کہ سماج میں کون انتہا پسند ہوگیا ہے، بی جے پی کو دیکھنا پڑے گا۔ بی جے پی حکومتوں کی جانب سے انتہا پسندی کے نام پر بڑی کانفرنسیں کی جاتی ہیں اور علماء کو بھی بلایا جاتا ہے لیکن انتہا پسند کون ہورہا ہے؟ اس کا کون جائزہ لے گا۔ بیرسٹر اویسی نے کہا کہ معین پر گولی چلانے کے خلاف جو ایف آئی آر درج کیا گیا اس میں مونو کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ اس وجہ سے اس نے یہ انسانیت سوز حرکت انجام دی ہے۔ بی جے پی نے ایسے لوگوں کی تائید کرکے انہیں انتہا پسند بنادیا ہے۔ کل ایسے لوگ خود بی جے پی پر پلٹ جائیں گے۔ حکومتوں کی دستوری ذمہ داری ہے کہ اس طرح کے لوگوں کو روکیں۔

ایڈیشنل کلکٹر بھونگیر کا لیک ویو پارک کے کاموں کا معائنہ

بھونگیر۔ 17/فروری (اعتماد نیوز) ضلع لوکل باڈیز کے ایڈیشنل کلکٹر دیپک تیواری نے پوچم پلی منڈل کے جلال پور موضع میں لیک ویو پارک کے انتظام کیلئے ایک ایجنسی مقرر کرنے کی ہدایت دی۔ جمعہ کو انہوں نے لیک ویو پارک کی تزئین نو کے کاموں کا معائنہ کیا اور اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوگا پوائنٹ پر گوتم بدھ کا مجسمہ خاص توجہ کا مرکز ہے۔ اور منڈل ڈیولپمنٹ آفیسر اے بالاشنکر کو ہدایت دی کہ وہ پارک کو پورے جوش وخروش کے ساتھ تیار کریں اور پارک کے انتظام کے لیے ایک ایجنسی کا تقرر کریں کیونکہ سیاح پوچم پلی میں آرہے ہیں پوچم پلی منڈل عالمی سیاحتی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیک ویو پارک میں سیاحوں کے لیے بیت الخلا، بچوں کے کھیلنے کے لیے ساز و سامان، جانوروں کے کھلونے اور بڑوں کے لیے کھلی جگہیں ہیں۔ جلال پور تالاب بھی خوشگوار ہے۔ حیدرآباد سے آنے والوں کے لیے یہ تالاب دستیاب ہے۔ اس موقع پر سرپنچ راجیتھا ملا ریڈی، ایم پی ٹی سی وینکٹیش یادو اور گرام پنچایت عملہ موجود تھا

نمازکے اوقات

نماز مومنوں کی معراج ہے	ظہر	عصر	مغرب	عشاء	کل کی فجر
ابتداء	۱۲/۴۰	۴/۴۲	۶/۲۴	۷/۳۲	۵/۴۱
انتہاء	۴/۴۱	۶/۱۹	۷/۳۱	۵/۱۹	۶/۳۶

طلوع آفتاب صبح 6:41 منٹ
غروب آفتاب شام 6:19 منٹ
درجہ حرارت
اعظم ترین 34.00 ڈگری سلسیس
اقل ترین 17.00 ڈگری سلسیس

چیف منسٹر چندر شیکھر راو 69 سال کے ہوگئے

مختلف قائدین بشمول وزیراعظم، گورنر کے علاوہ بیشتر وزرائے اعلی کی مبارکباد

حیدرآباد۔17 فروری (اعتماد نیوز) چیف منسٹر اور صدر بھارت راشٹرا سمیتی کے چندر شیکھر راو جمعہ کو 69 سال کے ہوگئے ہیں جہاں انہیں ملک بھر سے سیاسی قائدین اور مختلف شخصیتوں نے سالگرہ کی مبارکبادیاں دیں۔ سب سے پہلے وزیراعظم نریندر مودی نے چندر شیکھر راو کو سالگرہ کی مبارکباد دی اور ایک ٹویٹ کرتے ہوئے چیف منسٹر کی درازیٔ عمر اور بہتر صحت کے لئے نیک خواہشات وابستہ کیں۔ حکومت تلنگانہ کے ساتھ مختلف مسائل پر مبینہ اختلافات کے درمیان گورنر ڈاکٹر ٹی سوندرا راجن نے بھی جمعہ کو ایک ٹویٹ کرتے ہوئے چندر شیکھر راو کو سالگرہ کی مبارکباد دی۔ چیف منسٹر کو مبارکباد دینے والے دوسرے بی جے پی قائدین میں بشمول مرکزی وزراء نتن گڈکری، ایس وائی نائک، راوصاحب پاٹل دانوے کے علاوہ چیف منسٹر آسام ہیمنت بسواس سرما بھی شامل ہیں۔ سیاسی وابستگیوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے دوسری جماعتوں سے تعلق رکھنے والے قائدین نے بھی سالگرہ کی مبارکبادیاں دی ہیں۔ ان میں ملک کے دوسرے علاقوں کے قائدین بھی شامل ہیں۔ ڈی ایم کے سربراہ اور چیف منسٹر ٹاملناڈو ایم کے اسٹالن نے بھی ایک ٹویٹ کے ذریعہ چندر شیکھر راو کو دلی مبارکباد دی اور اس توقع کا اظہار کیا کہ وہ صحت مند زندگی کے ساتھ تخریبی طاقتوں سے لڑائی جاری رکھیں گے اور تلنگانہ کے عوام کی خدمت کرتے رہیں گے۔ عام آدمی پارٹی کے بانی اور چیف منسٹر دہلی اروند کجریوال نے بھی تلگو میں ٹویٹ کرتے ہوئے چیف منسٹر کو ان کی سالگرہ کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔ تلگو فلموں کے میگا اسٹار اور سابق مرکزی وزیر چرنجیوی چندر شیکھر راو کو سالگرہ دینے والے قائدین میں شامل ہیں۔ آندھرا پردیش سے علیحدہ ریاست تلنگانہ کی تشکیل کے لئے تحریک چلانے والے چندر شیکھر راو 2014ء میں ریاست کے پہلے چیف منسٹر بنائے گئے تھے۔ 2018ء کے اسمبلی انتخابات میں بھی انہوں نے مسلسل دوسری مرتبہ کامیابی حاصل کی۔ 2022ء میں انہوں نے کانگریس اور بی جے پی کے متبادل کے طور پر تلنگانہ راشٹرا سمیتی کو بھارت راشٹرا سمیتی میں تبدیل کیا۔ جمعرات سے ہی تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں چندر شیکھر راو کی سالگرہ تقاریب کا اہتمام شروع ہوگیا تھا۔ ان کی دختر اور رکن کونسل کے کویتا نے جمعرات کو ایل بی اسٹیڈیم میں نصف شب کے بعد منعقدہ سالگرہ کی تقریب میں شرکت کی۔ بعدازاں انہوں نے جمعہ کو صبح بلکم پیٹ مندر میں پوجا کی۔ ریاست کے مختلف اضلاع میں بھی وزراء اور پارٹی قائدین نے چیف منسٹر کی سالگرہ تقاریب کا اہتمام کیا۔ پارٹی کے ریاستی ہیڈکوارٹرس تلنگانہ بھون میں بھی جمعرات کو نصف شب کے وقت ریاستی وزراء نے کیک کاٹتے ہوئے چیف منسٹر کی سالگرہ منائی۔

کابینی وزراء کو ایک ہی طرز کی جھوٹ بولنے کی تربیت دیں

میڈیکل کالجوں کے معاملہ میں وزیراعظم کو وزیر تارک راما راو کا مشورہ

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) بی آر ایس کے کارگذار صدر و وزیر بلدی نظم ونسق تارک راما راو نے تلنگانہ میں میڈیکل کالجس کی منظوری سے متعلق تین مرکزی وزراء کے متضاد بیانات پر اپنے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی کو طنزیہ طور پر مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے کابینی وزراء کو ایک ہی طرز کا جھوٹ بولنے کی تربیت دیں۔ مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن نے گذشتہ روز دوردرشن پر منعقدہ ایک پروگرام کے دوران تلنگانہ حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ تارک راما راو نے مرکزی وزیر کی تنقیدوں کا جواب دیا۔ ٹیوٹر پر انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں میڈیکل کالجس کی منظوری کے معاملہ میں مرکزی وزراء ایک سے بڑھ کر ایک جھوٹ بول رہے ہیں اور تینوں وزراء نے اس معاملہ میں الگ الگ جھوٹ بولا ہے۔ انہوں نے وزیراعظم سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ مودی جی، کم ازکم اپنے وزراء کو ایک ہی طرز کے جھوٹ بولنے کی تربیت دیں۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر نے کہا کہ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تلنگانہ میں 9 میڈیکل کالجس منظور کرنے کا دعویٰ کیا ہے جب کہ ایک اور وزیر منسکھ منڈاویا نے کہا کہ میڈیکل کالجس کی منظوری کے لئے تلنگانہ سے ایک بھی درخواست موصول نہیں ہوئی اور وزیر فینانس نرملا سیتارمن کا کہنا ہے کہ میڈیکل کالجس کے لئے تلنگانہ سے دو تجاویز موصول ہوئی تھیں۔ اس طرح تینوں وزراء کے بیان میں کافی تضاد ہے اور تینوں نے بھی جھوٹ کا سہارا لیا ہے۔ جھوٹ کا سہارا بھی ایک طرز کا نہیں ہے۔ تینوں نے الگ الگ جھوٹے بیانات دیئے۔ اس لئے میرا یہ وزیراعظم کو مشورہ ہے کہ وہ اپنے وزراء کو ایک ہی طرز کا جھوٹ بولنے کی تربیت دیں۔

محبوب نگر کے آبپاشی پراجکٹ کی تعمیر کی راہ ہموار

سپریم کورٹ کی اجازت۔ ٹریبونل کے 500 کروڑ کے جرمانہ پر حکم التواء

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) سپریم کورٹ نے دریائے کرشنا کے پانی سے استفادہ کرتے ہوئے محبوب نگر ضلع میں تعمیر ہونے والے پالامور۔ رنگاریڈی پراجکٹ کے کاموں کو انجام دینے کی اجازت دی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے تلنگانہ حکومت سے کہا کہ اس پراجکٹ کو 7.5 ٹی ایم سی پانی کی گنجائش تک تعمیر کیا جائے تاکہ اس پانی کو پینے کے لئے استعمال کیا جاسکے۔ عدالت نے کہا کہ اس پراجکٹ کی اجازت اس لئے دی جارہی ہے تاکہ پینے کے پانی کا مسئلہ پیدا نہ ہو اور عوام کو مشکلات درپیش نہ ہوں۔ دوسری طرف عدالت عظمیٰ نے نیشنل گرین ٹریبونل کی جانب سے اس پراجکٹ کی تعمیر پر ریاستی حکومت پر عائد کردہ 500 کروڑ کے جرمانے کے فیصلے پر حکم التواء صادر کیا اور اس سلسلہ میں تمام فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 6 ہفتوں کے اندر جوابی حلفنامہ داخل کرنے کی ہدایت دی۔ نیشنل گرین ٹریبونل نے چند ماہ قبل پالامور۔ رنگاریڈی پراجکٹ کی تعمیر میں ماحولیات کو نقصان پہنچانے کا الزام عائد کرتے ہوئے حکومت پر 500 کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کیا تھا۔

آرمور میں لاری کو خانگی بس کی ٹکر۔ 15 مسافرین شدید زخمی

نظام آباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) ضلع نظام آباد کے آرمور منڈل کے موضع پرکٹ قومی شاہراہ 44 پر آج صبح کی اولین ساعتوں میں رونما سڑک حادثہ میں 15 مسافرین شدید زخمی ہوگئے۔ پرکٹ قومی شاہراہ پر ٹھہری ہوئی لاری کو ایک خانگی اے سی بس نے ٹکر دے دی۔ خانگی اے سی بس میں سفر کرنے والے کئی مسافرین اور دونوں بسوں کے ڈرائیور زخمی ہوئے ہیں۔ ان میں 15 افراد شدید زخمی ہوگئے۔ بتایا جاتا ہے کہ خانگی اے سی بس، رائچور سے حیدرآباد کی سمت جارہی تھی۔ پولیس ابتدائی جانچ میں اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ حادثہ خانگی اے سی بس ڈرائیور کے نیند کے زیر اثر ہونے کی وجہ سے پیش آیا۔ آرمور سرکل انسپکٹر سریش بابو، سب انسپکٹر رامو نے جائے حادثہ کا معائنہ کیا۔ حادثہ کی وجوہات معلوم کیں۔ انہوں نے کہا کہ مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ سڑک حادثہ میں زخمی ہونے والوں کو علاج کے لئے ضلع مستقر نظام آباد کے سرکاری جنرل ہاسپٹل منتقل کیا گیا ہے۔ آرمور پولیس نے خانگی اے سی بس جو کہ سڑک حادثہ کی وجہ سے قومی شاہراہ پر تھی، کرین کی مدد سے منتقل کیا اور ٹریفک نظام کو بحال کیا۔

میڈیکل کالجوں پر مرکزی وزراء کے بیانات میں تضاد

مرکز کی فراہم کردہ گنجائش کے مطابق ہی قرض کا حصول۔ وزیر فینانس ہریش راو کا دعوی

حیدرآباد۔17 فروری (اعتماد نیوز) وزیر فینانس ہریش راو نے مرکزی وزراء نرملا سیتارمن اور جی کشن ریڈی پر گمراہ کن بیانات دینے کا الزام عائد کیا ہے۔ گجویل میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ہریش راو نے کہا کہ وہ مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن کے گمراہ کن بیانات کی شدید مذمت کرتے ہیں جنہوں نے کہا تھا کہ تلنگانہ حکومت کی جانب سے مرکز کو نئے میڈیکل کالجس کی منظوری کے لئے کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی ہے جب کہ مرکزی وزیر سیاحت کشن ریڈی، مرکز کی جانب سے تلنگانہ کو 8 میڈیکل کالجس منظور کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے غلط تشہیر کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں مرکزی وزراء کے بیانات میں کافی تضاد ہے۔ ہریش راو نے کہا کہ مرکزی حکومت نے 157 میڈیکل کالجس ملک بھر میں منظور کرنے کا اعلان کیا تھا جو مکمل طور پر مرکزی حکومت کی جانب سے چلائے جانے والے ہیں، مرکز کے اس اعلان کے بعد تلنگانہ حکومت نے کھمم اور کریم نگر کے لئے دو میڈیکل کالجس منظور کرنے کی درخواست دی تھی لیکن وہاں پہلے سے خانگی میڈیکل کالج قائم رہنے کا بہانہ بناتے ہوئے تلنگانہ حکومت کی درخواست کو مسترد کردیا گیا جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ مرکزی حکومت نے تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی کی ہے۔ اسی طرح نرسنگ کالجس کی منظوری میں بھی تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی کی گئی۔ اس کے لئے مرکز کے آیوشمان بھارت اسکیم پر عمل آوری نہ کرنے کا بہانہ بنایا گیا۔ ہریش راو جو صحت کے بھی وزیر ہیں نے دعوی کیا کہ مرکز کی آیوشمان بھارت اسکیم سے کافی بہتر اسکیم تلنگانہ میں روبہ عمل لائی جانے والی آروگیہ شری اسکیم ہے۔ آروگیہ شری اسکیم کے تحت ہر سال ریاست میں 800 کروڑ روپے خرچ کئے جارہے ہیں جبکہ آیوشمان بھارت اسکیم کے تحت 150 کروڑ روپے بھی خرچ نہیں کئے جارہے ہیں۔ ہریش راو نے کہا کہ نرملا سیتارمن نے تلنگانہ کے قرضوں اور دیگر معاشی امور سے متعلق دیئے گئے بیانات بھی حقائق سے بعید ہیں۔ مرکزی وزیر فینانس نے تلنگانہ میں زائد قرض حاصل کرنے کا الزام عائد کیا تھا جب کہ حقیقت یہ ہے کہ تلنگانہ حکومت نے مرکزی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ گنجائش کے مطابق ہی قرضوں کو حاصل کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ تنخواہوں کی ادائیگی اور روزمرہ کے کام کاج کے لئے تلنگانہ حکومت نے کبھی قرض حاصل نہیں کیا۔ قرض سے حاصل کردہ مکمل رقم سے اثاثوں کو بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ حکومت قرضوں کو کم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ اس کے برعکس مرکزی حکومت نے قرض حاصل کرنے میں ریکارڈ بنایا ہے۔ 60 سال کے دوران ملک پر حکمرانی کرنے والے وزرائے اعظم نے جتنا قرض حاصل کیا اس سے کہیں زیادہ مودی حکومت نے صرف 8 سال میں حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی جانب سے تلنگانہ کو فنڈس میں بھی کافی کٹوتی کی گئی۔ 38 ہزار کروڑ روپے کے بقایا جات کی رقم اب تک جاری نہیں کی گئی۔ نیتی آیوگ نے مشن بھگیرتا اسکیم کے لئے 19,205 کروڑ روپے اور مشن کاکتیہ کے لئے 5 ہزار کروڑ روپے تلنگانہ حکومت کو جاری کرنے کی مرکز سے سفارش کی تھی۔ اس طرح 5 سال گذر جانے کے بعد بھی مرکزی حکومت نے 24,205 کروڑ روپے کی رقم اب تک جاری نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ حکومت نے تعلیم اور صحت کے شعبہ کے بجٹ میں گذشتہ کے مقابلہ میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے لیکن مرکزی حکومت نے ان دو اہم شعبوں کے بجٹ میں تخفیف کی ہے۔

نقلی بیجوں کی فروخت پر 58 افراد کے خلاف پی ڈی ایکٹ

حیدرآباد۔17 فروری (اعتماد نیوز) تلنگانہ پولیس نے نقلی بیجوں کی خرید و فروخت کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کیا ہے اور نقلی بیجوں کی فروخت میں ملوث 58 افراد کے خلاف پی ڈی ایکٹ کے تحت کارروائیاں بھی کی گئی ہیں۔ دفتر ڈی جی پی کی جانب سے جمعہ کو جاری کردہ ایک پریس نوٹ کے ذریعہ مطلع کیا گیا کہ حکومت تلنگانہ بھی نقلی بیجوں کی خرید و فروخت کی لعنت کے خاتمہ کے لئے پابند ہے۔ پولیس نے 2014ء سے 2022ء تک اس سلسلہ میں 991 مقدمات درج کئے اور 1932 افراد کو گرفتار کیا گیا۔

پولیس زدوکوبی کے شکار میدک کے شخص کا گاندھی ہاسپٹل میں انتقال

(خبر صفحہ 2)

حسین ساگر پر 19 فروری سے سنڈے فنڈے پروگرام کا احیاء

حیدرآباد۔ 17 فروری (اعتماد نیوز) حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھارٹی (حمڈا) نے حسین ساگر پر 19 فروری سے سنڈے فنڈے پروگرام کے احیاء کا فیصلہ کیا ہے۔ حمڈا کے ذرائع نے بتایا کہ حسین ساگر میں حال ہی میں تیرتے ہوئے موسیقی ریز فواروں سے بھی سنڈے فنڈے کے دوران عوام محظوظ ہوسکیں گے۔ ہر گھنٹہ کے وقفہ سے تقریباً 15 منٹ کے لئے چار مرتبہ ان فواروں کو عوام کے لئے کھولا جائے گا۔ تقریباً 2 سال قبل اس سنڈے فنڈے پروگرام کا آغاز کیا گیا تھا جس کے دوران حسین ساگر پر عوام کو شام کے وقت تفریح کا خالصتاً موقع فراہم کیا جاتا ہے جس کے دوران تہذیبی سرگرمیاں، کھیل کود اور بیانڈ کا مظاہرہ بھی کیا جاتا ہے۔ سنڈے فنڈے پروگرام کے دوران حسین ساگر پر ٹریفک کی آمد و رفت بالکلیہ طور پر روک دی جاتی ہے۔

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلیشر ومالک برہان الدین اویسی نے روزنامہ 'اعتماد' کو اعتماد پریس دارالسلام آغاپورہ، حیدرآباد۔500001، تلنگانہ (انڈیا) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر RNI.TELURD/2004/14061، پوسٹل رجسٹریشن نمبر H-HD-GPO/001/2023-2025
ٹیلیفون: 040-24802820۔ فیاکس: 040 24803531-040 24802821۔ ای میل: etemaad55@gmail.com ویب سائٹ: www.etemaaddaily.com